رہنمائے فارسی
مؤلف
محمد انور حبیب
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی ۰ پاکستان

رہنمائے فارسی

مؤلف

محمد انور حبیب

زیر اہتمام

ضیاء المصنفین

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور - کراچی پاکستان

نام کتاب	رہنمائے فارسی
مصنف	محمد انور حبیب، فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ
زیر اہتمام	ادارہ ضیاء المصنفین، بھیرہ
اشاعت	اپریل 2005ء
تعداد	دو ہزار
مطبع	اوریلیا پرنٹرز، لاہور
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
کمپیوٹر کوڈ	1Z458
قیمت	-/110 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ فون: 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون: 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-2212011-2630411۔ فیکس:۔ 021-2210212

e-mail:- sales@zia-ul-quran.com

zquran@brain.net.pk

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

آئینہ حسن ترتیب

دیباچہ 5
اصطلاحات 9
اسم معرفہ کی اقسام 12
اسم ذات کی تقسیم 12
مرکب اشاری 13
واحد جمع 14
مذکر، مونث 16
اسم نکرہ کی اقسام 18
اسم مصغر 18
اسم مکبر 19
اسم ظرف 20
اسم آلہ 23
اسم صوت 25
اسمائے استفہام/تمرین 26
اسم صفت تفضیلی 28
اسم مصدر 33
حاصل مصدر 35
اسم حالیہ 37
اسم معاوضہ 38
مستثنیٰ کا بیان 39
حروف تہجی کا استعمال 40
اسم ضمیر کی وضاحت 47
عدد کسریٰ 48
اسمائے معیت 49
فعل ناقص و تام 51
فعل معاون 53
افعال رخصتی 55
عنقریب وقوع پذیر ہونے والے فعل 56
ایک فعل کے وقوع کے بعد دوسرا فعل صادر ہونا 58
دعائیہ جملے یا افعال 58
صفت مشبہ 59
جملہ اسمیہ 60
جملہ فعلیہ 60
جملہ خبریہ 61

جملہ انشائیہ	61
محاورات	63
ضرب الامثال	65
لغات عامہ	69
انتخاب از پندنامہ	76
احوال زندگی شیخ عطار	84
سوانح سعدی شیرازی	88
مختصر مقدمۂ گلستان	94
انتخاب از گلستان	98
انتخاب از حکیم وپندہائے سعدی	13
منظومات متفرقہ چند غزلہائے	143
بیا! بمجلس اقبال سعدی	158
رباعیات	162
از کلام غالب	166
از کلام احمد جام	167
ثناء وحمد از سعدی	167
از رباعیات عمر خیام	168
از مثنوی شریف مولانا روم	169
انتخاب از کلام خسرو	170
متفرق اشعار فارسی	172
فرہنگ	183
اصطلاحات تاظرف	183
اسم آلہ تا مصدر	184
اسم حالیہ تا فعل معاون	185
متفرق افعال تا جملہ فعلیہ	186
بخش دوم، پندنامہ	186
مقدمۂ گلستان سعدی	221
حکایات سعدی ترتیب وار	231
حکم وپندہائے سعدی	298
خاتمۃ الکتاب	302
چند غزلہائے شیخ سعدی	303
بیا بمجلس اقبال	316
از دیوان غالب	328
از کلام احمد جام	329
حمد وثناء از سعدی	331
از رباعیات عمر خیام	333
از مثنوی شریف	333
از کلام خسرو	337
متفرق اشعار فارسی	339
بخش اول میں موجود مشقوں کا حل	365
چند شعری اصطلاحات	370

دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلوٰۃُوَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ،اَمَّا بَعْدُ

فارسی زبان کی شیرینی و انگبینی اور حلاوت و مٹھاس میں کوئی قیل وقال نہیں ہے۔ یہ اپنی جائے پیدائش کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی متعارف و متداول رہی ہے۔ جامع، کامل، زندہ اور ترقی یافتہ جیسی صفات سے متصف ہونے کے ساتھ یہ فصاحت و بلاغت، روانی و سلاست اور استعداد و صلاحیت کے اعلیٰ معیار سے مزیّن و آراستہ ہے نیز صُوَرِی و معنوی خوبیوں سے مالا مال ہے۔ اس کی وسعت اور ہمہ گیری کا اندازہ اس کے قدیم اور جدید علوم فنون اور آداب کے چشمہ شیریں وزلال میں غواصی کے بعد ہی ہوتا ہے۔ اس کی حلاوت و شیرینی میں کھو جانے والا شاد کام ہوتا ہے۔ لاتعداد اسلاف اور بزرگان دین نے فارسی کو ذریعۂ اظہار خیال بنا کر اسے لازوال علمی و ادبی اثاثہ کا حامل بنا کر ایک زندہ جاوید حقیقت بنا دیا ہے۔ جس سے کوئی مفر نہیں ہے۔ گزشتہ چودہ صدیوں میں عالم اسلام اور اس کے علاوہ زندہ قوموں میں دوسری زبانوں کے پہلو بہ پہلو فارسی زبان بھی پھلتی، پھولتی، اور پنپتی رہی ہے۔ مختلف جامعات اور مدارس کے نصابات تعلیم میں اس کی موجودگی اور مستقل شمولیت، اس زبان کی اہمیت اور مقبولیت پر بیّن دلیل اور شاہد عادل ہے۔

برصغیر پاک ہند میں ایران کی ہمسائیگی کے اثرات کے علاوہ بھی مسلمانوں کا فاتحین کی شکل میں داخل ہونا اور اسلامی مستقل حکومت کا قیام بھی اس زبان کی نشر واشاعت میں ممدّ و معاون ثابت ہوا۔ ایران افغانستان، ماوراء النہر اور ہند کے علماء وشعراء نے اپنے اذہان و افکار کا نچوڑ اس زبان میں پیش کر کے علم ادب کے اس بحر زخار کو مزید متموّج و متلاطم کر دیا نیز ایسا لازوال علمی ذخیرہ وراثت میں چھوڑا جو اپنی اہمیت و صلاحیت اور افادیت کو ظاہر و اجاگر کرتا رہتا ہے۔ ہمارے پیارے وطن پاکستان میں رسمی جامعات وکلیات کے علاوہ

دینی مدارس کے نصاب میں اس کی موجودگی ماضی کے عظیم الشان ورثہ کو زندہ رکھنے کی ایک قابل قدر و تحسین کاوش ہے۔

عصر حاضر کی عظیم علمی درسگاہ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے منہج الدراسۃ میں روز اول سے ہی یہ زبان شامل رہی ہے۔ مفسر قرآن، مفکر اسلام حضور ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری رحمۃ اللہ علیہ نے دوسرے علوم وفنون کی تدریس کے ساتھ ساتھ فارسی کی تدریس کو بھی منظم ومربوط فرمایا ہے آپ اکثر اس بات کا اظہار فرماتے تھے کہ ہمارے اسلاف کا ایک گراں قدر علمی سرمایہ فارسی زبان میں ہے۔ لہٰذا اس ذخیرہ تک رسائی کے لیے فارسی کا سیکھنا ازبس ضروری ہے۔ تشویق وتحریص اور انگیخت کے لیے آپ اپنی تحریروں اور تقریروں بالخصوص مجالس ذکر وفکر میں اکثر فارسی کے اشعار کا تذکرہ عمدہ انداز میں فرماتے تھے۔ نصائح اور مواعظ میں ایسے اشعار ذکر فرماتے جن میں اعلیٰ وارفع روحانی و اخلاقی اقدار کا مفہوم ومضمون واضح ہوتا۔

لہٰذا اسی سلسلۃ الذہب کو مزید نکھارنے اور طلبہ میں فارسی دانی کا عمدہ مذاق پیدا کرنے میں ایک آسان اور زود فہم انداز اپنایا گیا ہے کہ مبتدی طلبہ کی فارسی کے ساتھ دلچسپی بھی برقرار رہے اور وہ اپنی ذہنی استعداد اور قابلیت کے مطابق فائق واجود ثمرات بھی سمیٹ سکیں اس مقصد جلیل کے حصول کی خاطر اور ادارہ ''ضیاء المصنفین'' کے مدیر، رفیق محترم ومکرم حضرت علامہ مولانا ملک محمد بوستان صاحب دام ظلہ کی خواہش پر سال دوم کے طلبہ عظام کے لیے اس تالیف کو ترتیب دینے کی یہ معمولی اور حقیری سعی وجود میں لائی گئی ہے جس سے امید ہے عزیزان کی فارسی کے ساتھ دلچسپی برقرار رہے گی۔

یہ کدّ وکاوش ضرور نتیجہ خیز اور ثمر بار ہوگی اگر چند امور کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

☆ ''رہنمائے فارسی'' شروع کرانے سے قبل اساتذہ کرام اپنے شاگردان عزیز کے لئے گزشتہ سال پڑھے ہوئے قواعد کو دہرا دیں تا کہ آموختہ ذہن نشین ہو جائے۔

☆ اساتذہ کرام پہلے خود سبق کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں تا کہ تعارف یا متعلقہ سوال

اچھی طرح سمجھا سکیں۔ کیوں کہ سبق کے متعلق تمام امور پر بحث کرنا ایک لازمی امر ہے۔

☆ اساتذہ کرام پہلے خود سبق یا عبارت کو روانی سے پڑھ کر طلبہ کو سنائیں اور صحیح تلفظ کی پابندی کی جائے۔

☆ محبت اور شفقت کا سلوک لازمی طور پر طلبہ میں شوق پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے لہذا عزیزان کو مکلف بنایا جائے کہ وہ آموختہ خوب ذہن نشین کر کے آیا کریں۔ آموختہ کا تکرار و اعادہ کریں اور اگلے سبق کا مطالعہ کر کے آئیں۔

☆ حصہ گرامر میں قوانین و ضوابط کے ساتھ تمارین بھی دی گئی ہیں۔ ممکن حد تک آخر میں ان کا حل بھی موجود ہے۔ بہر حال طلبہ کے لیے ان کی اہمیت بہت زیادہ ہے سوال جواب کا سلسلہ اور تمارین کا زبانی حل کروانا، مذاق پیدا کرنے میں بڑا ممد و معاون ثابت ہوگا۔

☆ بعض الفاظ پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور مشکل الفاظ کے معنی، آخر میں فرہنگ کے طور پر درج ہیں، تا کہ طلبہ کو مزید آسانی ہو۔ مزید تحقیق و تدقیق کے لیے فارسی زبان کی فیروز اللغات (طبع فیروز سنز لاہور) بہت ہی مفید اور معاون ثابت ہوگی۔

☆ مذکورہ بالا مقررہ نصاب ہے اور بطور متلو نصاب کے غزلیات سعدیؒ سے انتخاب اور متفرق متقدمین حکماء شعراء کے کلام سے انتخاب شامل ہے۔ یہ محض طلبہ میں فارسی شاعری کا ایک عمدہ مذاق پیدا کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اساتذہ کرام اس حصہ کو صرف سلاست اور روانی سے پڑھ کر سنا دیں اور مختصر سا ترجمہ اور تشریح بھی فرما دیں۔

☆ طلبہ کی اس حصہ میں رہنمائی کے لیے فرہنگ کے آخر میں مشکل الفاظ کے معانی اور مغلق اشعار کا مرکزی خیال اور سادہ ترجمہ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ امید ہے طلبہ کو آسانی ہوگی۔

☆ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مکرم، ہادیٔ دو عالم، سرور کائنات، فخر موجودات ﷺ کے طفیل اس حقیر و ادنیٰ سی کاوش و سعی کو شرف قبولیت بخشے اور اس کو مفید و مقبول بنائے، آمین۔

تنبیہ:۔اس کتاب میں اگر کوئی غلطی یا خامی دوران مطالعہ اصحاب علم ودانش کی نظر سے گزرے تو اسے میری کوتاہ فہمی اور کم علمی پر محمول کرتے ہوئے مجھے مطلع فرمائیں تا کہ اس کی اصلاح کی جاسکے۔

ع شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

ربّنا تقبّل منّا انّک انت السّمیع العلیم و تب علینا انّک انت التّوّاب الرّحیم و صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا محمّد خاتم الا نبیاء و المرسلین وعلیٰ آلہ و اصحا بہ اجمعین الیٰ یوم الدّین۔

المؤلف

محمد انور حبیب

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ، ضلع سرگودھا

بارہ ربیع الاوّل شریف ۱۴۲۵ھ

3 مئی 2004ء بروز پیر

رہنمائے فارسی

اصطلاحات بخش اول

حروف ابجد: ۔فارسی زبان میں حروف تہجی بتیس ۳۲ ہیں اور عربی زبان میں اٹھائیس ہیں۔ جو درج ذیل ہیں اَبجَدْ، ھَوَّزْ حُطِّیْ کَلِمَنْ سَعْفَصْ قَرْشَتْ ثَخَّذْ ضَظَغْ اور ان میں پ، ژ، گ، چ، کا اضافہ کریں تو یہ فارسی زبان کے حروف تہجی بن جاتے ہیں۔

الف ممدودہ: ۔جس الف پر مدہ (~) ہو اور اس کو کھینچ کر لمبا کر کے پڑھا جائے اُسے الف ممدودہ کہتے ہیں جیسے آب، آتش۔

الف مقصورہ: ۔وہ الف جس پر مدہ نہ ہو اور اسے لمبا کر کے نہ پڑھا جائے مثلاً اَبر، اچار، اختر۔

اِشباع: ۔حرکت کو دراز کرنا، یعنی زبر، زیر، پیش، کو یہاں تک لمبا کرنا کہ پیش سے واؤ، زیر سے یاء، اور زبر سے الف پیدا ہو جائے۔ اُفتاد سے اوفتاد، اچار سے آچار، آتش سے آتیش وغیرہ۔ علم قافیہ کی اصطلاح میں حروف دخیلی کو بھی اشباع کہتے ہیں۔

امالہ: ۔کسی بھی لفظ میں موجود ''الف'' یا ''ہ'' کو یائے مجہول سے بدل کر پڑھنے کو امالہ کہتے ہیں جیسے آگرہ سے آگرے، حساب سے حسیب، کتاب سے کتیب وغیرہ اور عربی زبان میں فتحہ کو کسرہ کی طرف اس قدر جھکانا کہ یائے مجہول کی آواز پیدا ہو جائے جیسے ایمن۔

مترادف: ۔دو ہم معنی الفاظ کو کہتے ہیں مثلاً گلشن، چمن، قلب، فواد، احسان، کرم وغیرہ

متضاد: ۔ہر آپس میں مخالف اور ضد رکھنے والے الفاظ، متضاد کہلاتے ہیں جیسے روز، شب، بخیل، کریم، زیر، بالا۔

مخفّف: ۔بعض اوقات کسی لفظ کو مختصر کر لیتے ہیں اسے مخفّف کہتے ہیں۔ ''جم'' جمشید کا مخفّف ہے اور وہ حرف جو بغیر تشدید کے ہو اسے بھی مخفف کہتے ہیں۔

محذوف: ۔بعض اوقات لفظ میں سے کسی حرف کو حذف کر دیتے ہیں، ایسے حرف کو محذو

ف کہتے ہیں جیسے بیچارہ سے بچارہ، شادباش سے شاباش، وغیرہ۔

تلمیح:۔ بعض اوقات کلام میں کسی مشہور قصہ یا واقعہ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ ایسے اشارہ کو تلمیح کہتے ہیں۔ جیسے آتش نمرود، طوفان نوح، شتر صالح وغیرہ۔

متروک:۔ جس لفظ یا اسم کا استعمال ترک ہو چکا ہو اور وہ بول چال یا تحریر میں نہ آتا ہو اسے متروک کہتے ہیں۔ جیسے کلپترہ (بے ہودہ اور بے معنی باتیں)۔

مشدّد:۔ کسی حرف پر شد لگا کر پڑھنے کو تشدید کہتے ہیں۔ اور جو حرف تشدید سے پڑھا جائے اسے مشدّد کہتے ہیں۔ جیسے بچّہ میں "چ" دو بار پڑھی جا رہی ہے۔ پہلے ساکن اور پھر متحرک مثلاً زچّہ۔

منوّن:۔ جس حرف پر تنوین یعنی دو زبریں، دو زیریں، یا دو پیش ہوں یہ نون کی آواز پیدا کرتے ہیں۔ حرکات کے اس استعمال کو تنوین کہتے ہیں جیسے فوراً نسلاً بعد نسلٍ، مشارٌ وغیرہ

مدغم:۔ کبھی کبھی قریب المخارج یا متحد المخارج الفاظ کو باہم ملا کر پڑھنے میں آسانی ہوتی ہے اسے ادغام کہتے ہیں جیسے شب بو، شب پر، بدتر، کو شبّو، شپّر، بتّر، پڑھتے ہیں۔

حروف شمسی

ہر وہ حرف جس سے پہلے الف لام لگایا جائے اور وہ پڑھا نہ جائے ایسے حروف کو شمسی کہتے ہیں مثلاً الشّمس، یوں الف لام لگانے سے پہلا حرف مشدد بھی ہو جاتا ہے۔ ان کی تعداد چودہ ہے

ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ل، ن،

حروف قمری

ہر وہ حرف جس سے پہلے الف لام لگایا جائے اور وہ پڑھا جائے ایسے حروف کو قمری کہتے ہیں مثلاً القمر یہ بھی تعداد میں چودہ ہیں

ا، ب، ج، ح، خ، ع، غ، ف، ق، ک، م، و، ہ، ی۔

تنبیہ:۔ رہبر فارسی "ا" میں آپ لفظ اور اس کی اقسام، کلمہ، مہمل، پڑھ آئے ہیں اور کلمہ کی

اقسام، اسم، فعل، حرف، بھی پڑھ چکے ہیں۔ نیز اسم کی اقسام بناوٹ کے لحاظ سے، جامد، مصدر، مشتق، بھی آپ کے علم میں آچکی ہیں۔ اب اسم کی اقسام معنیٰ کے لحاظ سے یعنی اسم معرفہ اور اسم نکرہ آپ پڑھیں گے اور پھر ان کی جو اقسام ہیں ان کا اجمالی تعارف اور مثالیں مذکور ہوں گی۔

اسم نکرہ:۔ وہ اسم جو کسی عام جگہ، شخص یا چیز کا نام ہو جیسے شہر، دریا، کتاب۔
اسم معرفہ:۔ وہ اسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو مثلاً ملتان، گلاب، محمد کرم شاہ۔

اسم معرفہ کی اقسام

1۔ عَلَم۔ 2۔ اسم ضمیر۔ 3۔ اسم اشارہ۔ 4۔ اسم موصول

(اس میں اسم علم کی مزید پانچ اقسام ہیں: عرف، خطاب، لقب، کنیت، تخلص)

اسم نکرہ کی اقسام

(۱) اسم ذات

(۲) اسم استفہام

(۳) اسم صفت

(۴) اسم مصدر

(۵) اسم حاصل مصدر

(۶) اسم فاعل

(۷) اسم مفعول

(۸) اسم حالیہ

(۹) اسم معاوضہ

تنبیہ:۔ مذکورہ بالا اقسام میں سے آپ گزشتہ سال اسم فاعل اور اسم مفعول، نیز اسم مصدر کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ بقیہ کی تفصیل امسال آپ پڑھیں گے۔

☆ اسم ذات کی تقسیم

اسم مصغّر:۔ اسم مکبّر، اسم ظرف، اسم آلہ، اسم صوت۔

اسم علم:۔ وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص کا نام یا پہچان کے لیے علامت کا کام دے۔ مثلاً سلمان، مبشّر، انور، سعید۔

اسم موصول:۔ اسم موصول وہ اسم ہے کہ جب تک ایک اور جملہ جو اس کے بعد آتا

ہے اس کے ساتھ نہ ملایا جائے پوری بات سمجھ نہیں آتی ۔ جو جملہ اس معنی کو پورا کرتا ہے اسے صلہ کہتے ہیں مثلاً ہر کہ آمد عمارت نو ساخت، ہر کہ اسم موصول ہے ۔عمارت نو ساخت اس کا صلہ ہے پہلے جملہ کو موصوف موصولہ کہتے ہیں۔

اسماء موصولہ درج ذیل ہیں :۔ ہر کہ، ہر آنکہ، آنانکہ، آنہانکہ۔ یہ اشخاص کے لیے آتے ہیں

ہر چہ، ہر آنچہ، آنچہ، یہ اشیاء کے لیے آتے ہیں۔

''کہ'' حرف صلہ ہے یہ جاندار اور بے جان دونوں کے ساتھ آتا ہے۔ اور جب یہ ''کہ'' کسی اسم کے ساتھ آتا ہے تو اس سے پہلے ی کو بڑھاتے ہیں۔ مثلاً چیزی کہ، مردیکہ، کاری کہ، کسانی کہ۔

امثلہ :۔ کہ۔ مُزد آں گرفت کہ کار کرد

ہر کہ :۔ ہر کہ آمد عمارت نو ساخت

آنکس کہ :۔ آنکس کہ نزد شما نشستہ بود کہ بود؟

آنانکہ :۔ آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند۔ کجا اند؟

ہر چہ :۔ ہر چہ در کان نمک رفت، نمک شد۔ ہر چہ دیدہ اید، بگوئید۔

ہر آنچہ :۔ ہر آنچہ بخواہید، بگیرد۔ گزشت آنچہ گزشت۔

یکہ :۔ وقتیکہ در آنجا رسیدم در خانہ کسے نہ بود۔

یکہ :۔ کسانیکہ کارہائے نیکو کردند، عزت یافتند۔

آنہا کہ :۔ آنہا کہ مرا ادب دادہ بودند، برفتند۔

مرکّب اشاری (اسم اشارہ اور مشار الیہ)

اسم اشارہ وہ لفظ ہے جس سے کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کیا جائے تا کہ اس کی خصوصیت ظاہر ہو۔ جس کی طرف اشارہ ہو اسے مشار الیہ کہتے ہیں اور جس سے اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ کہتے ہیں۔ مثلاً : ایں کودک یا آں ستارہ وغیرہ۔ اس میں ایں اور آں

اسم اشارہ اور کودک، ستارہ مشارٌ الیہ ہیں۔اب قریب کے اشارہ کے لیے اِیں اور اِینک واحد کے لیے ہیں اور جمع مشارٌ الیہ کے لیے اینہا اور اِیناں آئے گا۔مشار الیہ اگر دور ہو تو پھر اسم اشارہ بعید آں واحد کے لیے اور آنہا، آناں جمع کے لیے آئیں گے اگر مشارٌ الیہ جمع ہو تو اسم اشارہ پھر بھی واحد آئے گا۔جیسے ایں مرداں۔آں زناں۔

☆اسی طرح اگر اسم اشارہ سے پہلے حرف باء آ جائے تو اسم اشارہ کا الف دال سے بدل جائے گا جیسے بدیں چنگال۔بداں قاش وغیرہ

☆اور جب اِیں کا مشارٌ الیہ روز، شب، سال، وغیرہ ہو تو اِیں کی بجائے اِم کا حرف آجائے گا جیسے اِمشب (آج رات) اِمروز، امسال وغیرہ۔

☆لفظ ''ہم'' اسمائے اشارہ سے پہلے آ کر تاکید کے معنیٰ پیدا کر دیتا ہے۔لفظی تبدیلی یوں آئے گی ایں سے ہمیں اور آں سے ہماں ملا کر پڑھا جائے گا مثلاً ہمیں شب (اسی رات) اور ہماں روز (اس دن) وغیرہ

واحد۔جمع اور ان کے قواعد (تعداد کے لحاظ سے اسم کی اقسام)

واحد:۔وہ اسم جو مفرد یا ایک پر دلالت کرے جیسے مرد، کتاب۔

جمع:۔وہ اسم ہے جو ایک سے زیادہ افراد یا اشیاء پر دلالت کرے۔مثلاً مرداں۔ کتابہا۔

واحد سے جمع بنانے کے قواعد

نمبر 1۔جاندار اسماء کے آخر میں ''ان'' بڑھانے سے جیسے مرد سے مرداں، پیل سے پیلاں، زن سے زناں وغیرہ۔

نمبر 2۔اگر جاندار اسموں کے آخر میں ہ (ہائے مختفی) ہو تو اسے حذف کر کے گاں کا اضافہ کرتے ہیں۔بندہ سے بندگاں، بچہ سے بچگاں، درندہ سے درندگاں، یا بندہ سے یا بندگاں۔

نمبر 3۔اگر واحد اسم کے آخر میں الف یا واؤ ہو تو ''یاں'' کا اضافہ کرتے ہیں مثلاً دانا

سے دانایاں، خوب رو سے خوب رویاں، بخنگو سے بخنگویاں، بینا سے بینایاں وغیرہ۔

نمبر 4۔ بے جان اسماء کے آخر میں ''ہا'' بڑھا کر:۔ جیسے گل سے گلہا۔ باغ سے باغہا۔ کتاب سے کتابہا۔ سال سے سالہا۔

نمبر 5۔ اگر بے جان اسموں کے آخر میں ہ (ہائے مختفی) ہوتو جمع بناتے وقت اسے عمو ماً گرادیتے ہیں مثلاً خامہ سے خامہا، اور اگر اس طرح جمع بناتے وقت دو اسموں میں التباس آتا ہوتو پھر ہا کو قائم رکھتے ہیں جیسے جامہ کی جمع جامہ ہا ہوگی کیوں کہ جام کی جمع جامہا آتی ہے مثلاً نام سے نامہا ہوگی کیوں کہ نامہ کی جمع نامہ ہا آتی ہے۔

نمبر 6۔ چند فارسی الفاظ کی جمع ''ات'' سے آتی ہیں جیسے بیگم سے بیگمات۔ دہ سے دیہات وغیرہ اور اگر اسم کے آخر میں ہ (ہائے ملفوظی) ہوتو جات کا اضافہ کرتے ہیں جیسے نقشہ سے نقشہ جات۔ کارخانہ سے کارخانہ جات۔ شاہراہ سے شاہرات اور شاہراجات وغیرہ۔

نمبر 7۔ فارسی جدید میں بے جان اسموں کی جمع ''الف نون'' کے ساتھ اور جانداروں کی جمع ہا سے بھی لاتے ہیں مثلاً درختاں۔ چشماں۔ جانورہا۔ شترہا وغیرہ۔

تنبیہ:۔ قاعدہ نمبر ۲ میں ایک اور اصول بھی لاگو ہوتا ہے جیسے بندہ میں ''ہ'' کو ''گ'' سے تبدیل کر کے آخر میں ''ان'' کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلا بندہ سے بندگاں۔ ستارہ سے ستارگاں۔ چرندہ سے چرندگاں۔ پرندہ سے پرندگاں۔ جوئیندہ سے جوئیندگاں وغیرہ۔

(مذکورہ بالا قواعد قیاسی ہیں)

اسم جمع

ایسے الفاظ جو واحد ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ جمع کی کوئی علامت نہیں ہوتی ہے۔ اور وہ الفاظ یا کلمات اشخاص یا اشیاء کے مجموعہ پر دلالت کرتے ہوں تو ایسے الفاظ کو اسم جمع کہتے ہیں۔ ان کے بنانے کا کوئی قاعدہ کلیہ نہیں ہے اور یہ سب سماعی ہوتے ہیں مثلاً انجمن، لشکر، کارواں، گروہ، طائفہ، سپاہ۔

جمع الجمع

بعض دفعہ جمع کی آگے پھر جمع بنالی جاتی ہے دراصل یہ عربی الفاظ کی ترکیب ہے جو فارسی میں مستعمل ہے جیسے دواسے ادویہ سے ادویات، فیض، فیوض، فیوضات، وجہ سے وجوہ، وجوہات، وغیرہ۔

تنبیہ :۔ جاندار اسماء کی جمع کے لیے فعل جمع اور بے جان اسماء کی جمع کے واسطے فعل واحد آتا ہے۔ مثلاً غلامان شاہ آمدند، پرستاران غلام بدیع الجمال حیران و پریشان گشتند۔ کتا بہادر صندوق است۔ ستارگان در پہنائے شب پیدا و ہویدا شد۔

مذکر۔ مؤنث (جنس کے اعتبار سے اسم کی تقسیم)

تذکیر وتانیث کے حوالے سے اسماء کو مذکر یا مؤنث کہا جاتا ہے کیوں کہ ہر ایک چیز کا جوڑا ہوتا ہے لہٰذا نر کو مذکر اور مادہ کو مؤنث کہتے ہیں۔

ان میں سے ہر ایک کے لیے جدا جدا لفظ آتا ہے مثلاً مادر، پدر، مرد و زن، اسپ مادیان، خروس ماکیان، وغیرہ اور کبھی مذکر کے ساتھ نر اور مونث کے ساتھ مادہ کا اضافہ کرتے ہیں جیسے شتر نر، شتر مادہ، گرگ نر، گرگ مادہ، یوز نر، یوز مادہ، (چیتا) عربی میں اصل اسم مذکر کے ساتھ علامت تانیث لگا کر بھی اسم مؤنث بناتے ہیں۔ والد سے والدہ، خادم سے خادمہ۔

نوٹ :۔ اگر اسماء سے پہلے نر لگایا جائے تو اس کے بعد "ہ" کا اضافہ کرتے ہیں جیسے نرہ شیر، مادہ شیر۔ نرہ خر، مادہ خر۔

مذکر و مؤنث کی پہچان میں چند مزید امور بھی معاون ہیں اور یہ اس کی اقسام بھی ہیں جیسے۔ مذکر، مؤنث کے بعد مشترک اور بے جان اسماء میں بھی تذکیر و تانیث ہوتی ہے۔

☆ مشترک :۔ وہ اسم جو مذکر اور مؤنث کے لیے بیک وقت بولا جائے جیسے کودک، دوست، طفل، دشمن۔ ان اسماء کے بعد صفات بھی اسی زمرہ میں آتی ہیں۔ نیکاں، بداں میں نیک و بد۔ خوب و زشت۔ نیز وہ اسمائے مشتقہ جو جانداروں کے نام ہوں مثلاً دانا، بینا پرندہ،

درندہ یا پھر وہ اسماء جن کے آخر میں ''زادہ'' لگایا جائے جیسے برادرزادہ، پیرزادہ، اخوندزادہ۔

☆ بے جان:۔ مثلاً نیکی، دروغ، رفتار، سیم، آہن، زروغیرہ۔

گوشوارہ، مذکر، مؤنث

مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
مرد	زن	پدر	مادر
برادر	خواہر	پسر	دختر
داماد	عروس	خسر	خوشدامن
عمو	عمہ	دائی (ماموں)	زنِ دائی
پدرزن	مادرزن	برادرزن	خواہرزن
بابا	ماماں	غلام	کنیز
بُزِ نر	بز مادہ	فرزندِ نرینہ	فرزند مادینہ
خروس (مرغ)	ماکیان (مرغی)	خال	خالہ
خادم	خادمہ	کدخدا	کدبانو
ناکتخدا	دوشیزہ	خُسر پورہ (سالا)	خسر پوری
دیو	پری	خواجہ	خاتون
بیگ (صاحب)	بیگم	خان	خانم
عالم	عالمہ	گُنجشک نر	کنجشک مادہ (چڑیا)
جدّ	جدّہ	معلّم	معلّمہ
حسین	حسینہ	مریض	مریضہ
عالم	عالمہ	شاعر	شاعرہ
خر	مَاچہ خر	مسافر	مسافرہ
اسپ	مادیان	زاہد	زاہدہ

اسم نکرہ کی اقسام

اسم ذات:۔ وہ اسم جو کسی شخص یا چیز کی ذات پر دلالت کرے مثلاً احمد، زمین، درخت، صندلی وغیرہ۔

اسم ذات کی اقسام

1۔اسم مصغّر

اسم مصغر وہ اسم ہے جس میں حالت اصلی کی نسبت چھوٹائی پائی جائے اس عمل کو تصغیر کہتے ہیں اور مصغّر کا معنی ہوگا چھوٹا کیا ہوا۔اس سے معنی میں چھوٹائی پیدا ہوتی ہے مثلاً دیگ سے دیگچہ وغیرہ۔

بنانے کا قاعدہ:۔ جس اسم کو مصغّر بنانا مقصود ہو اس کے آخر میں درج ذیل علامات لگائیں۔

علاماتِ تصغیر	امثلہ
چہ	دیگچہ، صندوقچہ، مورچہ، طاقچہ۔
یچہ	دریچہ، باغیچہ۔
ک	دُخترک، ڈھولک، کرمک، زاغک۔
یزہ	ناوَیزہ، مشکیزہ۔
ہ	پسرہ، دخترہ۔
و	پسرو، دخترو۔
کہ	مردکہ، زنکہ۔

اسم مصغّر کبھی محبت کے لیے بولا جاتا ہے جیسے بابا سے بابک (باپ) اور کبھی حقارت کے لیے بولا جاتا ہے مثلاً مردکہ۔نفسک

2۔اسم مکبّر

اسم مکبّر وہ اسم ہے جس میں اصلی حالت کی نسبت بڑائی کے معنیٰ پائے جائیں۔
بنانے کا قاعدہ:۔اسماء سے پہلے درج ذیل علامات لگا کر اسم مکبّر بناتے ہیں۔

علامات	امثلہ
شاہ،شہ	شاہسوار،شاہکار،شاہراہ،شہتیر،شہتوت۔
خر	خرمگس،خرچنگ،خرمُہرہ،خرپُشتہ۔
	خرسنگ،خرگاہ،خروار،خَراس۔
دیو	دیومردم،دیوگندم،دیوباد،دیوغار،دیوپا،دیوکمان۔

مشق وتمرین (نمبر1)

1۔بہ زبان اردو ترجمہ کنید

صندوقچہ من کجا است؟ شما در کدام کوچہ مکان گرفتہ اید؟ صدائے نَیشہ ونے بسیار دلکش است۔
مرغکے بر درخت نشستہ است۔ایں شاہراہ بہ کجا می رود؟ دانہ دانہ ہمی شود خرمن۔ایں خرپشتہ بسیار بلند است۔در موسم تابستان دیوباد ہا می خیزند۔غوری وغزنوی دیومرداں را ہزیمت دادند۔

2۔بفارسی ترجمہ کنید

گھر میں کوئی نہیں ہے۔جو خیانت کرتا ہے اس کا ہاتھ حساب سے کانپتا ہے۔یہ مسجد اور وہ مدرسہ ہے۔فوجیں میدان میں پہنچ گئیں۔عرب کے گھوڑے وفاداری میں مشہور ہیں۔مسافر بھوکا اور پیاسا ہے۔پھول کھلے گا۔ستارے رات کو چمکتے ہیں۔آپ کا آنا مبارک ہو۔میں بہت مشغول ہوں۔جی ہاں! میں انہیں خوب جانتا ہوں۔بہت بہت شکریہ۔

3۔اسم ظرف

اسم ظرف وہ اسم ہے جو جگہ یا وقت کا معنی ظاہر کرے۔اگر وہ اسم صرف وقت کا معنی دے تو اسے اسم ظرف زماں کہلائے گا۔جیسے صبح اینجا بودی۔امروز باراں خواہد بارید۔صبح اورامروز ظرف زماں ہیں جو وقت کو ظاہر کر رہے ہیں۔لہذا ایسے تمام اسماء جو وقت پر دلالت کریں وہ ظرف زماں کہلائیں گےاور ایسے اسماء عموماً مفرد ہوتے ہیں مثلاً

دنوں کے نام:۔جیسے جمعہ،آدینہ،شنبہ،وغیرہ۔

مہینوں کے نام:۔فروردین،اُردی بہشت،وغیرہ۔

اوقات مختلفہ

صبح،شام،چاشت،نیمروز،بامداد،امروز،فردا،شب،امشب،دیروز،پریروز، دی شب،پسِ فردا،فرداشب،پسِ پس فردا۔

غیر معیّن اوقات:۔حال،اکنوں،دیر،زود۔

بعض حروف کی زیادتی کے ساتھ:۔جیسے گاہ،ان،انگاہ،لگا کر جیسے سحرگاہ،صبح گاہاں، بامداداں،بہاراں،شبانگاہ وغیرہ۔

لفظ ھنگام:۔ھنگامِ شب،ھنگامِ رفتن،ھنگامِ فرصت۔

جاری زمانہ کے لیے:۔اِم لگاتے ہیں۔امسال،امروز،امشب۔

گزشتہ زمانہ کے لیے:۔پار لگاتے ہیں۔پارسال،گذشتہ روز،دیروز،دی شب۔

گذشتہ سے پچھلا:۔پیرارسال،پری روز،پری شب۔

پرسوں سے پہلے:۔دودفعہ پری لگاکر۔پری پری روز یا شب۔

آئندہ کل:۔فردا(پرسوں کے لیے)پسِ فردااور پرسوں سے بھی پہلے پس پسِ فردا۔

اسی طریقہ پر شب یا سال لگا کر معنی لیا جاسکتا ہے۔

3۔ظرف مکان

وہ اسم ہے جو جگہ کو ظاہر کرے اور اس کا معنی دے۔ جیسے کتب خانہ۔گلزار۔

(1) بعض ظرف مکاں اپنی اصلی حالت میں استعمال ہوتے ہیں جو کسی خاص جگہ یا مقام کا نام ہوتے ہیں مثلاً شہر، باغ، لانہ۔

(2) الفاظ کے آخر میں مندرجہ ذیل علامات لگا کر اسم ظرف مکاں بناتے ہیں۔

امثلہ۔

گاہ:۔ بارگاہ، آرامگاہ، قربان گاہ، عیدگاہ، چراگاہ، رزم گاہ۔

خانہ:۔ کتابخانہ، شفاخانہ، میخانہ، پست خانہ، شرابخانہ، آشپز خانہ۔

دان:۔ قلم دان، شمع دان، گلدان، عطردان، نمک دان۔

کدہ:۔ بتکدہ، میکدہ، صنم کدہ، عشرت کدہ، آتشکدہ۔

سرای:۔ کارواں سرای، حرم سرای، عشرت سرای، مہمان سرای۔

زار:۔ مرغزار، گلزار، لالہ زار، چمن زار، زعفران زار۔

بار:۔ رُودبار، جویبار، زنگبار۔

سار:۔ کوہسار، سنگسار، شاخسار، نمک سار۔

ستاں:۔ گلستان، خارستان، نخلستان، پاکستان، کوہستان۔

شن:۔ گلشن

لاخ:۔ سنگلاخ، دیولاخ۔

آباد:۔ اسلام آباد، مہرآباد، مرادآباد۔

☆ اسم اور امر ملا کر بھی ظرف مکاں بناتے ہیں جیسے زرخیز، بدرَو۔

☆ بعض حروف جارہ بھی ظرف مکاں کا معنی دیتے ہیں۔ مثلاً اندرون، بیرون، بالا، پائیں، پیش، پس، درمیان، کنارہ، نزدیک، دور، ایں سو، آں سو، اینجا، آنجا، ہرطرف۔

نوٹ:۔ عربی زبان کے ظرف مکاں بھی فارسی میں اکثر استعمال ہوتے ہیں اور ان

کے اوزان یہ ہیں۔

۱۔ مَفعِل :۔ منزل، مشرق، مسجد، مجلس، محفل، مغرب۔

۲۔ مَفعَل :۔ مسکن، مرقد، مخزن، مکتب، مقتل، مطلع، مذبح، مطبع، منبع، مخرج۔

۳۔ مَفعَلَہ :۔ مدرسہ، مقبرہ۔

مشق وتمرین (نمبر 2)

میں کل مدینہ منورہ جاؤں گا۔ کل ہوا بہت گرم تھی۔ پچھلی رات ٹھنڈی ہوا چلی اور میں سو گیا۔ تم آج رات کہاں رہے؟ صبح سے شہر میں پھرتا رہا ہوں۔ دریائے سندھ پتھریلی اور ریتلی زمین سے گزرتا ہے۔ باغ میں پھول کھلے ہوئے ہیں۔ بارش ہو چکی ہے۔ تمام زمین پر ہر طرف سبزہ ہی سبزہ نظر آتا ہے۔ پہاڑوں پر برف پڑی ہوئی ہے۔ واہ کیا اچھا ہے سلسلۂ کوہ مری۔ یہ مسلمانوں کا ملک ہے اور اس میں بہت سی مساجد اور مزارات ہیں۔

ے سدا پھلا پھولا رہے یارب چمن مری امیدوں کا
جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں

ے خون دل دے کے نکھاریں گے رخِ برگِ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے

4۔اسم آلہ

اسم آلہ وہ اسم ہے جو کسی اوزار یا ہتھیار کا نام ہو اور اس سے کوئی فعل انجام دیا جاتا ہو۔ مثلاً چاقو، تیر، سُنبہ، کلید، قفل۔

قواعد:۔ بعض اسم آلہ خود بخود درائج ہیں وہ کسی اور اسم یا فعل سے نہیں بنتے ہیں مثلاً تیر وتفنگ، تیغ و سپر، ہاون، ترازو، نَرد بان۔ ایسے تمام سماعی اسم آلہ ہوتے ہیں۔

☆ بعض اسم آلہ ایسے ہیں جو مصدر سے بنائے جاتے ہیں۔

اُستردن سے اُسترہ، مالیدن سے مالہ، کوفتن سے کوبہ، دمیدن سے دَمَہ، سُنبیدن سے سُنبہ، تابیدن سے تابہ۔

(۱) تو گویا اصول یہ مستنبط ہوا کہ فعل امر واحد حاضر کے آخر میں "ہ" لگا کر اسم آلہ بنایا جاتا ہے۔

(۲) فعل امر کے آخر میں ن بڑھانے سے جیسے سوختن سے سوزن، پرویزیدن سے پرویزن، بیختن سے بیزن۔

(۳) اسم اور امر ملا کر، جیسے جاروب، خط کش، قلم تراش، دُود کش۔

(۴) اسم کے بعد ہ لگانے سے جیسے دستہ، چشمہ۔

(۵) عربی زبان کے اسم آلہ بھی فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، اور وہ خاص اوزان پر ہوتے ہیں۔

۱۔ مِفْعَل:۔ مِسطر، مغفر، مشعل، مخلب، مشرب، مضرب، محور۔

۲۔ مِفْعَال:۔ مسواک، مقراض، میزان، مضراب۔

۳۔ مِفْعَلَہ:۔ مروحہ، مشربہ، مطرقہ۔

مشق وتمرین (نمبر3)

بزبان اردو ترجمہ کنید۔

ا۔نانِ تابہ ثقیل می باشد۔ بمدرسہ بادبیزن می کشیدم۔ درخانہ بادکش ہمہ روز بدست من بود۔آتشگیر بمن دہ۔ جاروب کش را بخوانید تا جاروب کند۔ دیوار را بہ مالہ لیش کنید۔دُود کشِ آشپز خانہ خراب شد۔ پیمانہ لبالب است۔ مشاطہ مویہائش را شانہ می کرد۔

۲۔ بزبان فارسی ترجمہ کنید۔

درے کا منہ ٹوٹ گیا۔ میرے چاقو کا دستہ ٹوٹ گیا۔ تالے کی چابی گم ہوگئی۔ قینچی لاؤ تا کہ اس کتاب کو درست کروں۔ لوھار دھونکنی سے آگ جلا رہا ہے۔ سوئی کا ناکہ بہت تنگ ہے۔

5۔اسم صوت

اسم صوت وہ اسم ہے جو کسی جاندار یا غیر جاندار کی آواز کو ظاہر کرے اور صوت کا لغوی معنیٰ آواز ہے۔ مثلاً کاغ کاغ، دُز دُز،

بعض اسمائے صوت کسی آواز کو ظاہر نہیں کرتے بلکہ وہ جانوروں کو ہانکا لگانے کے لیے مستعمل ہوتے ہیں جیسے فِش فِش۔

(چند مشہور اسمائے اصوات)

ہنسی	قہقہہ	پاؤں پٹخنا	طَرَپ طرپ
آواز	صدا، نوا، ندا	ٹوٹنا، پھٹنا	طَرَاق طراق رطراک
بلبل	چہچہہ	جانور کی ناراضگی	غُرّش
بلی	مُو مُو	چڑیا کی آواز	چاؤ چاؤ رچیک جیک
بارش	شپاشپ	قلم کی آواز	صریر خامہ
دانت پیسنا	ڈگ ڈگ	کوے کی آواز	کاغ کاغ
کھانسنا	کُح کُح	کوئل رقمری	کُو کُو
کھٹ کھٹ	طَق طَق	کتے کی آواز	عَف عَف رعُو عُو
کراہنا	آہ آہ	بوتل صراحی	قُلقُل
کڑک	کُھردش	بڑبڑاہٹ	قَت قَت
بھنبھناہٹ	دُز دُز رطنین	بلی کی دھتکار	فِش فِش
رونا	نوحہ رشیون	سیٹی	شَپیل
دھاڑ	غرّ یدنی	شور	غوغا
ہنہناہٹ	مَہیل	غٹ غٹ	جُرجُرہ
ہنگ رکراہنا	عَرعَر	مرغ کی آواز	قویقوقو
منہ کی سیٹی	نوتک	مینڈک کی آواز	قِرقِر ردغُوغ

گھڑی

تِک تِک ناک صاف کرنا فین

تنبیہ:۔اسم نکرہ کی دوسری قسم اسم استفہام کے بارے میں آپ پہلے سال، حروف کی بحث میں پڑھ چکے ہیں۔لہٰذا یہاں صرف ان کے استعمال کی مشق درج ہے۔

مشق وتمرین اسم استفہام

(۱) کدام، کہ، کرا، کیاں، انسان کی نسبت سوال کرنے کے لیے کلمات ہیں اور کیاں جمع کے لیے آتا ہے جیسے کدام ہستی؟ تو کیستی؟ کہ می گوید؟ کرامی جوئی؟ کیانند؟ (کدام اور کدامیں جاندار اور غیر جاندار دونوں میں مشترک ہے)

(۲) چہ واحد کے لیے اور چہا جمع کے لیے اشیاء کے بارے میں سوال کرنے کے لیے آتے ہیں مثلاً ایں چیست؟ چہا کردم؟

(۳) کو اور کجا:۔یہ جگہ اور مقام کے لیے آتے ہیں، کجا میروی؟ قلمت کو؟ کجا بودید؟ مال تاں کو؟

(۴) کے:۔وقت کے لیے ہے، تو کَی آمدی؟ کے نیاز مند شدی؟۔

(۵) چرا و چون:۔سبب پوچھنے کے لیے آتے ہیں، چرا خاموش شدی؟ احوال شما چوں است؟

(۶) آیا، مگر:۔عام سوال کرنے کیلئے آتے ہیں، آیا انبہ تلخ است یا شیریں؟ مگر کور شدی؟ آیا رفتی؟

(۷) چگونہ، چُساں، چہ، قسم، چہ طور، چوں:۔یہ کلمات کیفیت وحالات دریافت کرنے کے لیے آتے ہیں، احوال شما چگونہ است؟ حالت چُساں است؟

(چساں، چہ+ ساں اور چگونہ یا چگوں، چہ+ گوں، گونہ سے مرکب ہیں، ساں اور گوں کلمات تشبیہ ہیں)

☆ کو کے ساتھ فعل نہیں آتا بلکہ عموماً اس کے پہلے ضمیر متصل اسم سے ملی ہوتی ہے جیسے کتابم کو؟

(۸) چند، تا چند، چہ قدر:۔ مقدار کے بارے سوال کرنے کے لیے آتے ہیں۔ ایں چوب چہ قدر سنگین است؟ حالاً چند ساعت است؟

☆ تا کے اور تا چند:۔ (کب تک) گزرے ہوئے یا آنے والے زمانے کی حد دریافت کرنے میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً تا چند یا تا کے آنجا بودی؟

مشق وتمرین (نمبر 4)

بزبان اردو ترجمہ کنید۔

در دستِ شما چیست؟ شما در آنجا چرا رفتہ بودید؟ چہ دانی کہ فردا چہ حادث شود؟ فضل خدائے را کِہ تو اندٗ شمار کرد؟ ایں کار چگوں سرانجام خواہد شد؟ در کدامیں تاریخ پاکستان بوجود آمد؟ چقدر شب گزشت است؟ شما کرا در بازار فرستادہ بودید؟ فرزندِ شما در مکتب چساں ترقی می کند؟ من چہ دانم کہ ایشاں کیانند؟ تو کجا رفتہ بودی و من کجا خواھم رفت؟

اسم صفت (اسم نکرہ کی تیسری قسم)

اسم صفت وہ اسم ہے جو کسی شخص یا چیز کی خصوصیت، کیفیت، حالت، مقدار، اور رتبہ بیان کرے۔

صفت کی کئی اقسام ہیں، صفت ذاتی یا تفضیل، صفت مقداری، صفت عددی محدود یا غیر محدود، صفت تعیینی، صفت نسبتی۔

1۔ صفت ذاتی یا تفضیلی:۔ اس کے تین درجے ہیں۔

1۔ تفضیلِ نفسی:۔ جس میں کسی دوسری چیز یا شخص کی نسبت کمی یا زیادتی نہ پائی جائے بلکہ وہ صفت اس کی ذات میں ہو مثلاً جواد طفلِ نیک است۔ ایں کار دشوار نیست۔

2۔ تفضیلِ بعض:۔ جس میں مقابلۃً یا نسبتاً کمی یا زیادتی پائی جائے جیسے کتابم پاکیزہ تر است۔ طیبہ از سارہ کوچک تر است۔

تفضیلِ کلی:۔ جس میں تمام افراد کی بہ نسبت اچھائی یا برائی زیادہ پائی جائے۔ مثلاً بد ترینِ اطفال کیست؟ کراچی بزرگ ترینِ شہرہائے پاکستان است۔

قواعد و وضاحت:۔ تفضیل نفسی رذاتی کے الفاظ و کلمات سماعی ہیں، تفضیل نفسی کے بعد تر لگا کر تفضیل بعض بناتے ہیں اور تفضیل کلی رجنسی کے لیے آخر میں ترین لگاتے ہیں ،"ترین" کا نون ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور اس کے بعد ہمیشہ اسم جمع ہوتا ہے جیسے پاکیزہ ترینِ رُختہا کدام است؟ (سب سے بہتر لباس کون سا ہے)

چند الفاظ برائے امثلہ درج ہیں۔

بزرگ	بزرگ تر	بزرگ ترین
کم	کم تر	کم ترین
بد	بدتر	بدترین
بہ	بہتر	بہترین
خوب	خوبتر	خوبترین

☆ صفت کے ساتھ پہلے درج ذیل الفاظ بڑھانے سے بھی تفضیل کے معنی مراد لیے جاتے ہیں مثلاً

بسیار، خیلی، نہایت، بغایت، پُر، از حد، عجب،

بسیار خوب، خیلی قشنگ، نہایت ارزاں، بغایت دلکش، پر زور، از حد شیریں، عجب احمق۔

☆ صفت ترکیبی میں دو یا دو سے زیادہ الفاظ ملا کر صفت ترکیبی بناتے ہیں اور اس کے مختلف قواعد ہیں۔

(۱) اسم کے بعد درج ذیل الفاظ زیادہ کر کے مثلاً

آگیں، مند، ناک، گر، گار، دار، بان، ور، آور، وار، وارہ، بد، آسا، ساں، مانا، مانند، گوں، رنگ، وش، فام، ی، ہ، ین، ینہ، انہ، گانہ۔

(۲) اسماء سے پہلے درج ذیل الفاظ بڑھا کر صفت ترکیبی بناتے ہیں۔

ہم، نا، خود، غیر، کم، بی، با، سر، پُر۔

(۳) مصدر کے آخر میں ی بڑھا کر جیسے خوردنی، سوختنی۔

(۴) اسم مفعول سے پہلے کوئی کلمہ بڑھا کر جیسے جہاندیدہ، ستم رسیدہ۔

(۵) اسم سے قبل صفتِ ذاتی بڑھا کر جیسے خوبرو، شیریں ادا، نیک فرجام۔

(۶) اسم اور امر ملا کر:۔ دلکشا، عیب جو، دلآزار۔

(۷) ترکیب اضافی کو الٹا کر کے:۔ وفادشمن، شکم بندہ۔

(۸) دو اسموں کو باء سے ملا کر:۔ خانہ بدوش، خاک بسر۔

(۹) فعل نہی سے پہلے ہیچ لگا کر:۔ ہیچمدان، ہیچمیرز۔

(۱۰) فعل امر کے آخر میں الف بڑھا کر:۔ دانا، بینا، گویا، روا۔

نوٹ:۔ اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم حالیہ بھی صفت کا معنی دیتے ہیں۔

2۔ صفت مقداری:۔ وہ صفت جو کسی چیز کی مقدار یا کمیت کو ظاہر کرے صفت مقداری کہلا

تی ہے جیسے انگور قدرے ترش است، اندکے باش! من می آیم، ہمہ اسباب وے گم شد۔
قاعدہ:۔صفت ذاتی سے پہلے درج ذیل الفاظ لگاتے ہیں۔
چیزے، قدرے، کم، بیش، زیادہ، ہمہ، چنداں، نیم، اندک، چندیں، کم کم، تنہا۔
3۔صفت عددی:۔صفت عددی وہ صفت ہے جس میں تعداد کے معنی پائے جائیں، جیسے چہار کس نیامدہ، تمام طلبہ حاضر اند، سوم جماعت کدام است؟
نوٹ:۔اس کی بہت سی اقسام ہیں یہاں صرف دو چار کے بارے میں مختصر سی وضاحت درج ہے۔
جن الفاظ میں گنتی کے معنی پائیں جائیں انہیں اسم عدد کہتے ہیں۔اور جو ان اعداد سے گنے جائیں اسم معدود کہلاتے ہیں ان دونوں کے مجموعہ کو مرکب عددی کہتے ہیں جو مرکب ناقص کی اقسام میں سے ہے۔
☆صفت عددی محدود:۔وہ صفت جس میں گنتی کی حد پائی جائے مثلاً سہ نفر بیمار اند، چہ رمیں تاریخ کدام است؟
(اس کی بہت سی اقسام ہیں مگر یہ جگہ ان کی تفصیل کی نہیں ہے)
☆صفت عددی غیر محدود:۔یہ وہ صفت ہے جس میں تعداد کی حد نہ پائی جائے جیسے ہمہ طلباء حاضر اند، ہیچکس هنوز زکوۃ نداده، چند کس رفتہ اند، بعضے مرد ماں نماز نمیگزارند۔
معدود سے پہلے تمام، ہیچ، چند، بعض، ہمہ، کے الفاظ لگا کر صفت عددی غیر محدود کا معنی مراد لیا جاتا ہے۔

(صفت عددی محدود کی مزید اقسام)

ا۔اعداد ذاتی:۔یہ وہ اعداد ہیں جن سے صرف تعداد ذات مراد ہوتی ہے مثلاً دو، سہ، چہار، پنج، شش، وغیرہ
اعداد ترتیبی:۔یہ وہ اعداد ہیں جو تعداد کے علاوہ ترتیب و درجہ کو بھی ظاہر کرتے ہیں مثلاً یکم، دومیں، سوم۔

اس کے بنانے کا قاعدہ آسان ہے، اسم عدد کے آخری حرف کو پیش دے کر آخر میں میم ساکن کا اضافہ کرتے ہیں اور کبھی کبھی مزید مین کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً تاریخ سوم کدام روز است؟ چارمین تاریخ کدام روز است؟

اعدادِ ضعفی :۔ یہ وہ عدد ہیں جن میں کسی چیز کا دوگنا سہ گنا پایا جاتا ہے، جیسے سہ چند، دہ چند، اس کے بنانے کا قاعدہ یہ کہ اسم عدد کے آخر میں لفظ ''چند'' زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے ہر چہ درایں جا دہی دہ چند آں خواہی یافت، سہ چند حصّہ خود گرفتی۔

اعداد استغراقی :۔ وہ اعداد جن میں معدود کے کل افراد مراد ہوں جیسے ہر چہار پسرانِ عثمان بہ مدرسہ رفتند، اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ اسم عدد سے پہلے ''ہر'' کا اضافہ کرتے ہیں مثلاً ہر یک بریں فیصلہ راضی است، ہر کسے را باید کہ امدادِ غرباء کند۔

4۔ صفت تعیینی :۔ اسم نکرہ سے پہلے اسم اشارہ لانے سے وصفی معنی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے آں طفل چرا می گرید؟ ایں کس چہ می گوید؟ اس کے بنانے کا کلیہ آسان ہے، اسم نکرہ سے پہلے ایں یا آں لگانے سے بن جاتی ہے مثلاً آب ایں چشمہ شیریں است، بآں جانب ہمہ گلہائے سرخ شگفتہ است۔

5۔ صفت نسبتی :۔ صفت نسبتی وہ صفت ہے جو کسی دوسری چیز کی نسبت سے حاصل ہو، جس چیز کی جانب نسبت کی جائے وہ منسوب الیہ کہلاتی ہے، اور جس کی نسبت کی جائے وہ منسوب کہلاتا ہے،

جیسے ''قاسم عربی است'' میں قاسم منسوب اور عرب منسوب الیہ ہے اور اس کے ساتھ یائے نسبتی ہے۔

قواعد :۔ (۱) منسوب الیہ کے آخر میں اکثر وعموماً ''یاء'' کا اضافہ کرتے ہیں جیسے لاہوری، غزنوی، ایرانی، مہرانی۔

(۲) منسوب الیہ کی آخری ہ اور درمیانی ی کو گرادیتے ہیں مثلاً مدینہ سے مدنی، قریش سے قرشی۔

(۳)منسوب الیہ کے آخر میں ہ ہوتو وہ بھی گر جاتی ہے،مکہ سے مکی ، بنگالہ سے بنگا
لی۔

(۴)منسوب الیہ کے آخر میں الف ہوتو وہ بھی گر جاتا ہے جیسے بخارا سے بخاری۔

(۵)منسوب الیہ کے آخر میں اگر ی ہوتو وہ واؤ سے بدل جاتی ہے۔دہلی سے دہلوی، موسیٰ سے موسوی اور عیسیٰ سے عیسوی۔

فائدہ:۔منسوب،منسوب الیہ سے پہلے آتا ہے اور منسوب کا آخری حرف مکسور ہوتا ہے، جیسے کلاہِ پشاوری ،سرکۂ انگوری ،شمشیرِ ہندی ،سرمۂ اصفہانی ،زمینِ بارانی، درویشِ خراسانی۔

اسم مصدر (اسم نکرہ کی چوتھی قسم)

مصدر وہ کلمہ ہے جو کسی کام یا حرکت کو بیان کرے یا جس میں کرنا، ہونا یا سہنا پایا جائے لیکن اس میں کسی زمانے کا تعلق نہ ہو جیسے نوشتن، رفتن، آمدن، زدن۔

بالفاظ دیگر مصدر وہ اسماء یا کلمات ہیں جو خود کسی سے نہ نکلے یا بنے ہوں مگر افعال اور اسماء مقرّرہ قواعد کے تحت ان میں سے بنائے اور نکالے جاتے ہوں تو ایسے کلمہ کو مصدر کہتے ہیں، اور مصدر کے لغوی معنی جائے صدور رنکلنے کی جگہ کے ہیں، اس کی علامت اور پہچان آسان ہے کہ اس کے آخر میں ''دَنْ یا تَنْ'' ہوتا ہے، مگر یہ ایک عمومی قاعدہ ہے حتمی نہیں کیوں کہ فارسی میں کئی ایسے الفاظ ہیں جن کے آخر میں دن یا تن آتا ہے مگر وہ مصدر نہیں ہیں، مثلاً گردن، آبِستن، وغیرہ لہٰذا مصدر کی اصل علامت اس کے آخر کا نون ہے۔

اصلی مصدر:۔ وہ مصادر جو شروع سے ہی اپنی بناوٹ وساخت کے لحاظ سے فارسی زبان میں چلے آتے ہیں اور متداول ہیں۔ لہٰذا ایسے مصادر اصلی کہلاتے ہیں۔ مثلاً کردن، خوردن۔

جعلی مصدر:۔ ایسے مصادر جو عربی الفاظ کے ساتھ ''یدَنْ'' بڑھانے سے بنتے ہیں مثلاً طلب سے طلبیدن، رقص سے رقصیدن وغیرہ۔

مرکّب مصدر:۔ اصلی مصادر کے پہلے حروف یا الفاظ بڑھا کر جو مصدر بنائے جاتے ہیں انہیں مرکب مصدر کہتے ہیں اور اصلی مصادر کو مفرد مصدر بھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً آمدن سے برآمدن، آوردن سے برآوردن، واشدن، واکردن، بازآمدن، فروآمدن، سرافگندن، دل دادن، دست کشیدن، گام زدن، قبول کردن، تمیز کردن۔

نوٹ:۔ عربی کے تمام مصادر بھی فارسی میں استعمال ہوتے ہیں، نیز بناوٹ کے لحاظ سے مصدر کی دو اقسام اصلی اور جعلی آپ پڑھ چکے ہیں۔ مصدر مرکب اہل زبان کی پیروی و تقلید میں استعمال ہوتے ہیں۔

بلحاظ معنٰی مصدر کی دو اقسام ہیں لازم اور متعدی، پھر متعدی کی اقسام بھی بلحاظ مفعول

جیسے متعدی بیک یا بہ دو یا بہ سہ مفعول بھی آپ کے علم میں آچکی ہیں، نیز متعدی مصادر کی بلحاظ بناوٹ اقسام بھی جیسے متعدّی الاصل، متعدی بالواسطہ اور متعدی المتعدی، آپ پڑھ چکے ہیں، لازم مصدر سے متعدی بنانا اور متعدی کو متعدی المتعدی بنانے کے قواعد بھی ''رہبر فارسی'' میں تحریر شدہ ہیں۔

مصادر محدودہ

1۔ لازم مصدرِ محدود:۔ یہ ایسے مصادر ہوتے ہیں جن سے مصدر متعدی بالکل نہیں بن سکتا جیسے آمدن، رفتن، ماندن، تپیدن، گشتن، شدن، ہستن، بودن، وغیرہ۔

2۔ متعدی مصدرِ محدود:۔ بعض متعدی الاصل مصادر ایسے ہوتے ہیں جن سے آگے متعدی المتعدّی مصدر نہیں بن سکتے ہیں، جیسے آوردن، گفتن، اندوختن، برداشتن، بستن، پختن، انداختن، آفریدن۔

☆ فائدہ:۔ فارسی زبان میں بعض مصادر ایسے بھی ہوتے ہیں جو ابتدا سے ہی لازم اور متعدی دونوں معنوں میں متداول ہیں۔ جیسے پختن، پیوستن، آموختن، سوختن، آمیختن، ریختن، افزودن، شگافتن، گداختن، آرامیدن، کاستن، پرداختن۔

اسم حاصل مصدر (اسم نکرہ کی پانچویں قسم)

حاصل مصدر وہ اسم ہے جو کسی کیفیت، حالت، اثر، اور نتیجہ کو ظاہر کرے یا بالفاظ دیگر جس میں مصدری معنیٰ کی کیفیت یا اثر پایا جائے، جیسے کوشش، سیاہی، گفتگو، گزارش، سوزش، وغیرہ۔

اقسام:۔ حاصل مصدر دو طرح کے ہوتے ہیں۔ اسمی اور فعلی۔

اسمی اسم سے بنایا جاتا ہے اور فعلی فعلوں سے بنتا ہے۔ یاد رہے کہ ان کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ یا کلیہ مقرر نہیں۔ اہل زبان کی پیروی میں جو عمومی اور اکثریتی انداز مترشح ہوتا ہے وہ مندرجہ ذیل قواعد سے ظاہر ہے۔

اِسمی حاصل مصدر:۔ اس کی ساخت کے لیے درج ذیل میں دھیان کریں۔

(۱) اسم یا صفت کے بعد ''ی'' بڑھا کر:۔ سبز سے سبزی، بزرگ سے بزرگی، جوان سے جوانی۔

(۲) اگر اسم کے آخر میں ''ہ'' ہو تو گی کا اضافہ ہوگا جیسے دیوانہ سے دیوانگی، بیگانہ سے بیگانگی، فرزانہ سے فرزانگی۔

نوٹ:۔ اس میں ''گی'' کے اضافہ کرنے سے اسم کے آخر سے ''ہ'' گر جائے گی۔ جیسے پروانہ سے پروانگی، بیگانہ سے بیگانگی، یگانہ سے یگانگی۔

(۳) عربی قواعد کے اسماء کے بعد ''یت'' بڑھانے سے جیسے انسان سے انسانیت، روح سے روحانیت، شریف سے شرافت، لطیف سے لطافت، اُنس سے اُنسیت۔

فعلی حاصل مصدر:۔ درج ذیل عمومی و اغلبی قواعد کے تحت لائے جاتے ہیں ان کا باریک بینی سے ادراک کریں۔

(1) ماضی مطلق مثبت واحد غائب کے آخر میں ''ار'' لگا کر۔ جیسے رفتار، کردار، گفتار، خریدار، مردار۔

(2) دو ماضی مطلق کو واؤ عطف سے ملا کر جیسے آمد و رفت، گفت و شنید، خرید و فروخت،

نشست وبرخاست۔

(3)امر حاضر معروف واحد کا صیغہ بطور حاصل مصدر استعمال ہوتا ہے جیسے رنج، آرام، گریز، دَو، نشان، سوز، گداز، تاب۔

(4)امر حاضر معروف واحد کے بعدہ بڑھا کر:۔خندہ، گریہ۔

(5)امر حاضر معروف واحد کے بعدی بڑھا کر:۔خموشی۔

(6)امر حاضر معروف واحد کے بعداک بڑھا کر:۔خوراک، پوشاک۔

(7)دوامر حاضر معروف واحد کو ملا کر جیسے سوز و گداز، پیچ و تاب، خواب وخور۔

(8)دوامروں میں پہلے کے بعد الفِ اتّصال بڑھا کر:۔تگاپو، کشاکش، روارو

(9)کبھی صرف ماضی مطلق واحد غائب بطور حاصل مصدر:۔کوفت، نشست۔

(10)ایک ہی مصدر کے امر اور ماضی ملا کر۔جیسے گفتگو، جستجو، (بغیر واوٗ عطف کے)

(11)کبھی فعل ماضی مطلق اور امر ملا کر۔جیسے بودوباش، گفت وشنید، زدوکوب۔

(12)اسم اور امر ملا کر۔جیسے دسترس، خونبار، خوں ریز، رنگریز۔

(13)ایک ہی مصدر کے امر اور نہی ملا کر۔جیسے کشمکش، خواہ مخواہ۔

(14)کبھی اسم اور ماضی مطلق ملا کر۔جیسے دست برد، نشان زد۔

(15)ماضی مطلق کے پہلے کوئی لفظ بڑھا کر۔جیسے بازدید، فروگزاشت۔

(16)بعض حاصل مصدر مذکورہ بالا قواعد سے مستثنٰی ہوتے ہیں اور وہ سماعی ہیں۔جیسے مردن سے مرگ، چشیدن سے چاشنی۔

(17)امر حاضر کے بعد ''ش'' کا اضافہ کرنے سے۔جیسے آرائش، بندش، آموزش۔

اسم حالیہ (اسم نکرہ کی آٹھویں قسم)

تعریف:۔ اسم حالیہ وہ اسم ہے جو فاعل، مفعول، یا کسی اور اسم کی حالت بیان کرنے کے لیے آتا ہے لہٰذا یہ فعل اور صفت دونوں کو بیک وقت شامل ہوتا ہے۔ جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہوتا ہے اور جو اسم حالت بیان کر رہا ہو اسے حال یا اسم حالیہ کہتے ہیں۔

جیسے زن فریاد کناں پیش حاکم رفت، اس میں زن ذوالحال فریاد کناں حال اور اسم حالیہ ہے۔ (ترجمہ، عورت فریاد کرتی ہوئی حاکم کے پاس گئی)

قاعدہ:۔ فعل امر حاضر معروف واحد کے بعد ''ان'' بڑھا کر۔ جیسے گریاں، نالاں، غرّاں، خنداں، لرزاں، رواں، دواں۔

فائدہ:۔ کبھی کبھی اسم حالیہ سے قبل کسی اسم کی زیادتی بھی کردی جاتی ہے مثلاً گریہ کناں، فریاد کناں، زاری کناں۔

مشق و تمرین (نمبر 5)

☆ ایں فقرات را بالفاظ خود ترجمہ و انشاء کنید۔

(۱) بچہ روتا جا رہا تھا۔ میں خوش خوش ہنستا مسکراتا دارالعلوم بھیرہ میں آیا۔ مجھے سزا مت دو کہ میں عذر لے کر آیا ہوں۔ شہاب ثاقب ٹوٹتے ہوئے زمین پر گرتے ہیں۔ میں ٹکٹکی لگا کر پھول بکھیرے تیرا منتظر ہوں۔ آ بھی جا! کہ دل بے قرار سنبھالے نہ سنبھلے۔

(۲) فیل دماں و خروشاں سُوئے من می آمد۔ دزد ترساں و لرزاں گریختہ بود۔ روباہ افتاں و خیزاں بردہن غار رسید۔ اسپ تازی رقصاں، جہاں، دواں دواں پیش من گزشت۔ دم بریدہ شیر غرّاں سوئے من آمد و من ترساں، و لرزاں و دواں بالائے بام رفتم۔

تنبیہ:۔ کبھی فارسی کا اسم فاعل اور اسم مفعول بھی اسم حالیہ کا معنی دیتے ہیں جیسے اسپ دُم بریدہ بود۔ مَن پشیمان عذر خواہ آمدم۔ احمد سرنگوں رفتہ است۔ شخصے را سوارِ پلنگ دیدہ ام۔

اسم حالیہ (اسم نکرہ کی آٹھویں قسم)

تعریف:۔اسم حالیہ وہ اسم ہے جو فاعل ،مفعول ،یا کسی اور اسم کی حالت بیان کرنے کے لیے آتا ہے لہٰذا یہ فعل اور صفت دونوں کو بیک وقت شامل ہوتا ہے۔جس کی حالت بیان کی جائے وہ ذوالحال ہوتا ہے اور جو اسم حالت بیان کرر ہا ہو اسے حال یا اسم حالیہ کہتے ہیں۔

جیسے زن فریاد کناں پیش حاکم رفت،اس میں زن ذوالحال فریاد کناں حال اور اسم حالیہ ہے۔(ترجمہ،عورت فریاد کرتی ہوئی حاکم کے پاس گئی)

قاعدہ:۔فعل امر حاضر معروف واحد کے بعد ''اں'' بڑھا کر۔جیسے گریاں، نالاں،غرّاں، خنداں،لرزاں،رواں،دواں۔

فائدہ:۔کبھی کبھی اسم حالیہ سے قبل کسی اسم کی زیادتی بھی کردی جاتی ہے مثلاً گریہ کناں، فریاد کناں،زاری کناں۔

مشق وتمرین (نمبر 5)

☆ایں فقرات را با لفاظ خود ترجمہ وانشاء کنید۔

(۱) بچہ روتا جا رہا تھا۔میں خوش خوش ہنستا مسکراتا دارالعلوم بھیرہ میں آیا۔مجھے سزامت دو کہ میں عذر لے کر آیا ہوں۔شہاب ثاقب ٹوٹتے ہوئے زمین پر گرتے ہیں۔ میں ٹکٹکی لگا کر پھول بکھیرے تیرا منتظر ہوں۔آ بھی جا! کہ دل بے قرار سنبھالے نہ سنبھلے۔

(۲) فیل دماں وخروشاں سُوئے من می آمد۔دزد ترساں ولرزاں گریختہ بود۔ روباہ افتاں وخیزاں بردہن غار رسید۔اسپ تازی رقصاں، جہاں،دواں دواں پیش من گزشت۔دم بریدہ شیر غرّاں سوئے من آمد ومن ترساں،ولرزاں ودواں بالائے بام رفتم۔

تنبیہ:۔کبھی فارسی کا اسم فاعل اور اسم مفعول بھی اسم حالیہ کا معنی دیتے ہیں جیسے اسپ دُم بریدہ بود۔مَن پشیمان عذر خواہ آمدم۔احمد سرنگوں رفتہ است۔شخصے را سوارِ پلنگ دیدہ ام۔

اسم معاوضہ (اسم نکرہ کی نانویں قسم)

اسم معاوضہ وہ اسم ہے جو کسی خدمت یا محنت کے بدلے بطور معاوضہ کے نام ہو جیسے رنگ۔

نوٹ:۔ حقیقت میں اسم معاوضہ، اسم حاصل مصدر کی ہی ایک قسم ہے کیوں کہ گرامر کی کتب میں اس کا ذکر علیحدہ کیا گیا ہے اس لیے یہاں بھی اسے اسم نکرہ کی ایک مستقل بالذات قسم کے طور پر ذکر کر دیا گیا ہے۔

اس کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ کلیہ نہیں ہے۔ اکثر حاصل مصدر کو اس معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مزدوری، کرایہ، عوض، بہا، اُجرت، محنتانہ۔

امثلہ:۔ مزد آں گرفت کہ کار کرد۔ ۔رحمت حق بہانہ می جوید بہا، نہ می جوید۔ کرایہ تا کسی تا چند است؟ مکان و دکان برائے کرایہ خالی است۔ بعوض ایں یک دام نگیرم۔ شما محنت و مزدوری خوب کردہ۔ محنتانہ و اجرتِ شما حق تست۔ رنگ لباس خیلے ارزاں بود۔

مستثنیٰ، مُستثنیٰ منہ کا بیان

ایک چیز یا شخص کو دوسروں سے علیحدہ کر دیتے ہیں یا وہ ایک حکم سے خارج ہوتے ہیں۔ اس حالت یا کیفیت کو استثناء کہتے ہیں۔ جن کو علیحدہ یا خارج کیا جائے وہ مستثنیٰ اور جن یا جس سے خارج یا علیحدہ کیا جائے انہیں مستثنیٰ منہ اور جن حروف کے ساتھ یہ استثناء ہوتی ہے انہیں حروف استثناء کہتے ہیں۔ مثلاً سوائے قاسم ہمہ رفتہ اند، اس جملے میں سوائے حرف استثناء قاسم مستثنیٰ اور ہمہ مستثنیٰ منہ ہے اور رفتن حکم ہے۔

حروف استثناء:۔ الاَّ ، بغیر، بجز، غیر، جز، مگر، امّا، سوائے، ماسوائے، ورائے، ماورائے۔

قاعدہ:۔ حرف استثناء مستثنیٰ سے پہلے لگائیں۔ اور مستثنیٰ منہ بعد میں لائیں۔

(اضافت لائے بغیر) مگر بغیر، سوائے، ما سوائے، ورائے، کے ساتھ اضافت ہوگی۔

''الا'' اور ''مگر'' کی صورت میں مستثنیٰ منہ پہلے اور مستثنیٰ بعد میں آئے گا۔

فائدہ:۔ بغیر، جز، غیر کے ساتھ ''از'' کا استعمال بھی جائز ہے۔

امثلہ:۔ بجز ابراھیم ہمہ طلبہ حاضر اند۔ ہمہ طفلاں حاضر اند الاّ (یا مگر) زبیر۔ جز از تو دیگر کہ باشد کہ ایں کار کند۔ بغیر از تو دیگراں را محال است ایں شوخی کنند۔

مشق و تمرین (نمبر 6)

چراغ روشن کردہ ام امّا روشنی کمتر می دھد، بغیر خُفّاش ہمہ پرندگاں تُخم می نہند، ماسوائے غم و الم چیزے ندارم، سوائے خدا پشت پناہِ غریباں کیست، ورائے تو دیگرے ندارم، ہمہ مردماں بکار رفتند مگر آں پیرہ زن، ہمہ طلبہ بہ مسجد رفتند الاّ ادریس۔

چند حروف تہجی کا استعمال

یہ حروف درمیان کلام اپنا معنی ادا کرتے ہیں۔ان میں سے ایک ایک حرف متعدّد معانی پر دلالت کرتا ہے۔ان معانی کا گہرا ادراک فارسی دانی میں از بس مفید ہے۔

بیان الف:۔حرف الف درج ذیل معانی ادا کرتا ہے۔

(۱) ندا کے لیے:۔خدایا تقصیرم بہ بخش۔(اے خدا میری غلطی معاف فرمادے)

(۲) دعا کے لیے:۔خدا عمرت دراز کناد۔(خدا تیری زندگی دراز فرمائے)

(۳) اتّصال کے لیے:۔گلہائ رنگا رنگ شگفتہ است۔(رنگ برنگے پھول کھلے ہیں)

(۴) تکمیل ظرف وکیف:۔جام لبالب است۔سراسر دروغ گوہستی۔

(۵) زیادتی معنیٰ:۔بسا آرزو کہ خاک شدہ۔(ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے)

(۶) تعظیم کے لیے:۔آہستہ پابنہ غالبا خوابیدہ است۔(ذرا دھیرے دھیرے غالب سویا ہوا ہے)

(۷) فاعلیّت کے لیے:۔توانا بود ہر کہ دانا بود۔(دانا ہی قوی ہوتا ہے)

(۸) حسرت وتاسّف کے لیے:۔دردا کہ رازِ پنہاں، خواہد شد آشکارا۔(دردِل کا راز کھل جائے گا)

(۹) زائدہ اسم میں:۔اسکندر یونانی فاتح بزرگ بود۔حرام خوار رانجات نیست۔

(۱۰) زائدہ فعل میں:۔گفتند بیمارِ غم راچہ حال است؟ گفتا ایں نخواہد زیست۔(نہیں بچے گا)

(۱۱) عطف کے لیے:۔شباروز کار کردم۔(دن رات میں نے کام کیا)

(۱۲) قسم کے لیے:۔ربّا دروغ نمی گویم۔

(۱۳) مفعولیت کے لیے:۔تحفہء درویش برگ سبز است، پزیرا باد۔(قبول

فرمائیں)۔

(۱۴)صفت کے لیے:۔ناقہء زیباستی تیز ترک گام زن۔(تو خوبصورت اونٹنی ہے ذرا تیز چل)

(۱۵)اِشباع کے لیے:۔دامانِ نگاہ تنگ وگلِ حسنِ تو بسیار۔(میرا دامن تنگ نکلا ورنہ تیرے حسن کی خیرات تو عام ہے)

(۱۶)بدلِ تنوین:۔من ازیں اصلاً خبر ندارم۔(مجھے اس کی بالکل خبر نہیں)

(۱۷)لیاقت کے لیے:۔پذیرا سخن بود، شد دل پسند۔(بات عمدہ تھی پسند آئی)

(۱۸)طرف کے لیے:۔سرازیر کردہ بر درخت آویختند۔(سر نیچے کیے وہ درخت سے لٹک گئے)

(۱۹)ہے کے معنی میں:۔زودا کہ کشورِ ما محکم تر شود۔(امید ہے جلدی ہمارا ملک مضبوط تر ہو جائے گا)

فائدہ:۔فعل مضارع یا امر میں جب پہلا حرف الف ہوتا ہے تو ''ب'' زائدہ بڑھاتے وقت اس الف کو گرا دیتے ہیں۔مثلاً افروز سے بیفروز۔''از'' حرف جار کا الف بھی اکثر حذف کر دیتے ہیں مثلاً کز اصل میں کہ+از ہے اور وز اصل میں و+از ہے۔زو اصل میں از+او ہے اسی طرح ''اگر'' حرف شرط کا الف بھی گرا دیتے ہیں اور گر پڑھتے ہیں۔

بیان ''ب''

حرف باءدرج ذیل معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔

(۱) کو، کے معنی:۔نامہ بہ رئیس مدرسہ دادم۔(میں نے ہیڈ ماسٹر کو خط دیا)

(۲) قسم کے لئے:۔بخدا راست می گویم۔(قسم بخدا سچ کہتا ہوں)

(۳) وجہ یا سبب کیلئے:۔اورا بدزدی گرفتند۔(انہوں نے اسے چوری کی وجہ سے گرفتار کیا)

(۴) عوض کے معنی میں:۔ایں قلم بدوازدہ روپیہ خریدم۔(یہ قلم میں نے بارہ روپوں میں خریدا)

(۵) معیّت کے لئے:۔ بہوش باش! کہ راہ تنگ است۔(ہشیار! راستہ تنگ ہے)

(۶) میں کے معنی میں:۔دیوانہ بکارِ خویش ہشیار۔(پاگل اپنے معاملات میں مثل ہوشیار و عقلمند ہے)

(۷) پر کے معنی میں:۔دیوانہ خاک بسر می ریخت۔(پاگل سر پر مٹی ڈال رہا تھا۔)

(۸) مقدار و حساب کے معنی میں:۔بسیر می خرد و بہ من می فروشد۔(سیر سے لینا اور من سے بیچنا)

(۹) الفاظ کو ملانے کے لیے:۔گدا خانہ بخانہ می گردید۔(گداگر گھر گھر گھومتا ہے)

(۱۰) طرف یا جانب کے لیے:۔ترسم بکعبہ نرسی اے اعرابی!(کعبہ کو)

(۱۱) غرض و غایت کے لیے:۔بطواف کعبہ می روم۔(طواف کے لیے)

(۱۲) مطابقت اور موافقت کے لیے:۔بروایتِ محدّثین ایں واقعہ تصدیق شدہ است۔

(۱۳) قرب ونزدیک کے لیے :۔ گدائے بشاہے رفت ۔ (فقیر بادشاہ کے پاس گیا)

(۱۴) مانند کے معنی میں :۔ کسی بصورت تو در جہاں نیست ۔ (تیری مثل)

(۱۵) توسّل وطفیل کے معنی میں :۔ خدایا! بحق بنی فاطمہ ۔ (کے طفیل یا وسیلے سے)

(۱۶) مدد کے معنی میں :۔ بہ تیغ مجاہداں و بہ ذوالفقار حیدری قلعہء خیبر فتح شد۔ (کی مدد سے)

(۱۷) اضافت کے لیے :۔ زرداری بزور محتاج نہ ۔ (طاقت کا)

(۱۸) بطور حرف زائدہ :۔ بجز ایں نکتہ یاد ندارم ۔ بگفتم مزد بگیر و برو۔ (اس بات کے سوا مجھے کچھ یاد نہیں ۔ میں نے کہا اجرت لو اور اپنا راستہ ناپو!)

(۱۹) تک / انتہاء کے معنی میں :۔ مرض بہلاکت رسانید ۔ (موت تک)

(۲۰) قابلیت واہلیت کے معنی میں : درد بدرماں نماندہ است ۔ (علاج کی وجہ سے)

(۲۱) رُخ / بَل کے لیے :۔ بگردن فتد سرکشِ تندخو ۔ (سر کے بل)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بیان "ک"

(۱) بیان / وضاحت کے لیے:۔ نخست وزیر گفت کہ حالا پاکستان محکم تر شدہ است۔ (پہلے وزیر نے کہا کہ اب پاکستان بہت مستحکم ہو گیا ہے)

(۲) سوالیہ:۔ تو ئی خانہ کیست؟ اندر۔ (گھر میں کون ہے)

(۳) صلہ کے لیے:۔ دوست آں باشد کہ گیرد دستِ دوست، در پریشان حالی و درماندگی! (دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے)

(۴) علّت و سبب کے لیے:۔ جفامکن کہ ایں عادت بد است۔ (جفا نہ کر کہ یہ بری عادت ہے)

(۵) تا کہ کے معنی میں:۔ اے بے خبر بکوش کہ صاحبِ خبر شوی۔ (حرف تحذیر کے طور پر تا کہ)

(۶) بلکہ کے معنی میں:۔ نہ سگ دامنِ کاروانی درید، کہ دھقانِ ناداں کہ سگ پرورید۔

(۷) یا / تردید کے معنی میں:۔ دروغ کہ گفت؟ تو کہ من۔

(۸) تصغیر کے لیے:۔ مُوشک توی بستر خزید۔ (چوھا)

(۹) مبالغہ کے لیے:۔ تیز ترک گامزن منزل مادور نیست۔

(۱۰) نفی کے معنی میں:۔ مشک بہتر کہ یک تودہءِ گلِ۔

(۱۱) تشبیہ کے لیے:۔ نکوئی بابداں کردن چناں است کہ بد کردن بجای نیک مرداں۔ (جیسے)

(۱۲) نتیجہ کے لیے:۔ نیکی کن کہ بعد از مرگ ترا بہ نیکی یاد کنند۔ (انجام کار بالآخر)

(۱۳) دفعتاً / اچانک کے معنی میں:۔ کنارِ رود نشستہ بودیم کہ کشتی در رسید. (یکا یک، اچانک)

(۱۴) جملہ معترضہ کے معنی میں:۔اقبال کہ خدا بیامرزد، خوب مردی بودہ است۔

(۱۵) از کے معنی میں:۔پای در زنجیر پیشِ دوستاں بہ کہ با بیگانگاں در بوستان۔(سے۔بہ نسبت)

(۱۶) دعا کے لیے:۔چہ خوش گفت فردوسئی پاک زاد کہ رحمت براں تربتِ پاک باد۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بیان ''ی''

(۱) نسبت کے لیے :۔ ایرانی وتورانی مباش۔ مسلمان باش۔

(۲) مخاطب کے لیے :۔ چوں تو نگرشوی مست نگردی مردی! (تو پھر جوانمرد کامل انسان ہے)

(۳) حاصل مصدر اسمی :۔ در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری۔

(۴) قابلیت و اہلیت :۔ قاتل کشتنی است۔ دزد قابلِ گردن زدنی است۔ (سزاوار وحقدار، مستحق)

(۵) متکلم کے لیے :۔ مخدومی! از ملاقاتِ سرکار شرفیاب نشدم۔ (مشرف نہ ہوا)

(٦) فاعلیّت کے لیے :۔ غوغائی بسزا رسانیدہ شد۔ (شور مچانے والا)

(۷) تنکیر و وحدت کے لیے :۔ شاگردے پیشِ آموزگارے دست بستہ حاضر بود۔ (استاد کے سامنے)

(۸) موصول کے لیے :۔ مردی کہ دیدی عموئ من بود۔ (چچا)

(۹) ماضی تمنائی یا شرطی میں :۔ کاش نابینا دو چشم داشتے۔

(۱۰) زائدہ :۔ حضوری گرہمی خواہی از و غافل مشو حافظ! (مقامِ حضوری)

(۱۱) اضافت کے معنی میں :۔ روئ خود را در آئینہ باید دید۔

(۱۲) قلت کے معنی میں :۔ آبی بمن بدہ! (تھوڑا سا پانی دے دو!)

(۱۳) حقارت کے لیے :۔ عجب احمقی ہستی۔ (شُبہ! نہایت احمق ہے)

(۱۴) تعظیم کے لیے :۔ چہ خوب مردی است۔ (معزز و مکرم، ذیشان آدمی)

اسم ضمیر کے بارے مختصر وضاحت

ضمیر متصل صرف اسم کے ساتھ ہی نہیں لگتی۔ بلکہ حروف کے ساتھ بھی مل کے آتی ہے
مثلاً کت = کہ + ات ۔ کش = کہ + اش، وغیرہ
اگر کسی لفظ کے آخر میں الف یا واؤ ہو اور اس کے ساتھ ضمیر متصل بڑھانا ہو تو ضمیر سے پہلے یاء مفتوح بڑھاتے ہیں مثلاً مُویَش ۔ نوَ ایَم ۔ وَفَایَتُ وغیرہ لیکن کبھی یہ یاء نہیں بھی بڑھاتے مثلا بازوم، پہلو سے پہلوش وغیرہ۔

فائدہ:۔ ضمیرِ مشترک:۔ کبھی کبھی کسی کام کو اپنی ذات سے مخصوص کر کے اس میں تاکید یا زور پیدا کرنا مقصود ہوتا ہے تو اس وقت ضمائر کے ساتھ خود، خویش، خویشتن، کا اضافہ کرتے ہیں۔ اس کی بھی تینوں حالتیں آتی ہیں یعنی فاعلی، مفعولی، اور اضافی۔

فاعلی حالت:۔ او خود یا او خودش ۔ ایشاں خود یا خودشان تو خودت ۔ شما خودتاں ۔ من خود ۔ ما خود۔

حالت مفعولی:۔ خودرا یا خودش را۔ خودشاں را۔ خودترا۔ خودتاں را۔ خودمرا۔ خود ماں را۔

حالت اضافی:۔ کارخودش ۔ کارخودشاں۔ کارخودت ۔ کارخودتاں ۔ کارخودم۔ کارخودما۔

نوٹ:۔ بعض اوقات خویش اور خویشتن بھی بڑھا دیتے ہیں مثلاً او خویشتن گم است۔ چراغ راہِ خویشم وغیرہ۔

مشق وتمرین (نمبر 7)

☆ ایں فقرات را با لفاظ خود ترجمہ وانشاء کنید۔

محمود خویش را تباہ کرد۔ او خویشتن گم است کرا رہبری کند۔ شما اورا چہ گفتید؟ پدرت کجا است؟ کتابم گم شد۔ تو ایں کتاب از کجا خریدی؟ من ترا چہ گفتہ بودم۔ ایشاں اور املامت

کردند۔ گفتندم ۔زود بیا۔ منش ساختم رستم داستاں ۔او کوشش بلیغ نمود۔ اسمِ برادرت چیست ۔خواندمش تا سرزنش کنم ۔خواہرت گفتہ کہ او بخانہ نیست ۔ برادرش اسپ خرید۔ استاد اور اسزاداد ۔ زانکہ سبق بخوبی چاق نہ کردہ بود۔ حالا ما آرام کنیم ۔ او گفت شما بخانہ بروید۔ کارت ہنوز ختم نشدہ؟ ایشاں نزد من آمدند۔ من خود اور اخواندم۔ شما خودتاں راچرا عقوبت می کنید؟ کارِ خویش بدست خویش۔ پنبہ نہادن برداغہائے دل کار خود ماست۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تنبیہ :۔اسم نکرہ کی قسم اسم صفت کے بیان میں صفت عددی کے بارے آپ پڑھ آئے ہیں۔اب یہاں اس کے بارے کچھ مزید وضاحت درج ہے۔

اعداد مکسور یا عدد کسریٰ :۔ یہ وہ عدد ہے جس میں کسی چیز کی گنتی میں پورا عدد شامل نہ ہو بلکہ عدد کی کسر یا حصہ پایا جائے جیسے آدھا 1/2 ،تہائی 1/3 چوتھائی 1/4 ۔

(۱) قاعدہ:۔ پہلے کسر کے اوپر کے عدد شمار کنندہ کا ترجمہ کریں۔ پھر نچلے ہندسے نسب نما کے بعد یک لگائیں ۔اور اگر اوپر کا ہندسہ ایک ہو تو نچلے ہندسے کا پہلے ترجمہ کریں اور بعد میں یک لگادیں۔ مثلاً 2/1 = دو یک ۔3/2 دو سہ یک ۔ 3/1 سہ یک ۔5/3 سہ پنج یک۔

اور اگر کسر مرکب ہو تو پہلے صحیح کا ترجمہ کریں پھر (و) بڑھا کر پہلی گزشتہ مثالوں کی طرح پڑھیں۔ مثلاً (3/4)3 سہ و سہ چہار یک ۔ (2/4)2 دو و دو چہار یک ۔(8/16)8 ہشت و ہشت شانزدہ یک۔

(۲) قاعدہ:۔ عدد ضعفی کے بارے آپ پڑھ چکے ہیں یہاں اس کے بارے میں مختصر سی وضاحت مزید درج ہے۔ وہ عدد جس میں کسی چیز کو ایک یا ایک سے زیادہ بار پڑھا جائے یا بیان کیا جائے اسے عدد ضعفی کہتے ہیں۔ دو گنا۔ سہ چند۔ فارسی میں عدد ذاتی کے بعد چند۔ تا۔ برابر۔ بڑھا کر پڑھتے ہیں۔ دو چند سہ چند۔ چہار تا، ہفت برابر۔

(۳) اسمائے معیّت یا ردیف اعداد:۔ بعض ایسے الفاظ ہیں جو گنتی کے وقت خاص خاص اسموں کے ساتھ لکھے جاتے ہیں اگرچہ ترجمہ کے وقت ان کے معانی نہیں لئے جاتے

ہیں۔

ایسے اسماء کو ردیف اعداد یا اسمائے معیت کہتے ہیں۔ یا بالفاظ مختصر جو اسمائے اعداد کے پیچھے لگ کر مطلق عدد کا معنی دیتے ہیں جیسے دونفر مزدور۔ پنج زنجیر فیل۔ نفر اور زنجیر اسمائے معیت یا ردیف اعداد ہیں۔

عام مستعمل اسمائے معیّت

(۱) زنجیر:۔ ہاتھی کے لیے جیسے پنج زنجیر پیل۔

(۲) راس:۔ حمال اور ممالیہ جانوروں کیلئے۔ سہ راس گاؤ۔ یک راس گاؤ میش۔

(۳) طاقہ:۔ کپڑوں کے تھان کے لیے۔ دو طاقچہ زربفت۔

(۴) جلد:۔ کتابوں کے لیے۔ دو ہزار جلد کتاب است۔

(۵) جُفت:۔ جراب۔ جوتوں اور جسم کے جوڑوں کیلئے۔ ہفت جفت جراب۔

(۶) مُبلغ:۔ روپیہ۔ اشرفی وغیرہ کے لیے۔ مبلغ سہ صد روپیہ۔

(۷) مَوَازِیْ:۔ آنہ۔ ٹکہ۔ سیر۔ من۔ بیگھے۔ کنال۔ کے لیے موازی شش آنہ۔

(۸) نَفر:۔ مزدور۔ خدمت گار۔ غلام کے لیے۔ سہ نفر غلام۔

(۹) مُہار:۔ اونٹ کے لیے۔ چہار مہار شتر۔

(۱۰) دانہ:۔ موتی اور پھلوں کے لیے۔ پنج دانہ انار۔ دو دانہ زمرّد۔

(۱۱) عدد:۔ عام اشیاء کے لیے اس کا استعمال کثیر ہے۔ سہ عدد چاقو۔

(۱۲) ضرب:۔ توپ یا بندوق کے لیے۔ یک ضرب توپ۔

(۱۳) قبضہ یا حمائل:۔ خنجر کے لیے قبضہ اور شمشیر کے لیے حمائل ہے۔ پنج قبضہ خنجر۔ چار حمائل شمشیر۔

(۱۴) دستہ:۔ باز اور شاہین کے لیے۔ دو دستہ باز۔

(۱۵) شاخ:۔ آھو، ہرن۔ یک شاخ آھو۔

(۱۶) لگام:۔ گھوڑا:۔ یک لگام اسپ۔

(۱۷) قِطعہ :۔ اشتام اور وثیقات کے لیے۔ یک قطعہ سند۔

(۱۸) در :۔ گھر اور کمروں کے لیے:۔ دو در خانہ۔

(۱۹) قِلادہ :۔ کتے وغیرہ کے لیے۔ سہ قلادہ سگ۔

(۲۰) مِیل :۔ دیا سلائی کے لیے۔ سہ میل کبریتِ فرنگی۔

فائدہ :۔ مبلغ اور موازی عدد سے پہلے اور باقی ردیف عدد کے بعد آتے ہیں۔ ان کے علاوہ اہل زبان نے بہت سے اسمائے معیت استعمال کئے ہیں خوفِ طوالت کے سبب انہی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

اہم فائدہ :۔ لمبے اور بڑے اعداد پڑھنے کے لیے آسان طریقہ ہے۔ ہزار کے لیے ہزار لاکھ کے لیے لک۔ کروڑ کے لیے کرور وغیرہ اور شمار کرتے وقت پہلے بڑے درجے پھر چھوٹے اور پھر سب سے چھوٹے لاؤ اور واؤ کے ساتھ ملاتے جاؤ مثلاً ۵۲۰ کو پانصد و بست و پنج۔ ۷۸۶ کو ہفت صد و ہشتاد و شش۔ ۵۶۳۲ کو پنج ہزار و شش صد و سی و دو۔

فائدہ ☆ اسی طرح اعداد ترتیبی کو اسم عدد ذاتی کے بعد "م" یا "میں" لگا کر پڑھا جاتا ہے۔ یکم۔ دوم، چہارم۔ پنجمین۔ ششمین۔

اہم فائدہ ☆ صدی والے اعداد یوں پڑھے جائیں گے جیسے دس فیصدی کو صدی دہ یا دہ درصد، پندرہ فیصدی کو صدی پانزدہ یا پانزدہ درصد۔ سو فیصدی کو صدی صد یا صد در صد پڑھیں گے۔

فعل ناقص و تام

ناقص کا معنی ادھورا اور تام کا معنی پورا کے ہیں۔ فعل ناقص وہ فعل ہے کہ جب تک اس کے ساتھ اور دو اسم نہ ملائیں جائیں وہ اپنا معنی ادا نہیں کرتا۔ اور پوری بات سمجھ نہیں آتی ہے۔ مثلاً ادریس ذہین است۔ اس میں است فعل ناقص ہے ادریس اور ذھین کے الفاظ نے اس کو بامعنی بنادیا ہے۔

افعال ناقصہ درج ذیل ہیں۔ است، نیست، شد، بود، گشت، گردید، برآمد۔ ان کے مصادر، ان کے مشتقات اور یہ افعال ناقصہ کلمات ربط بھی کہلاتے ہیں۔ کیوں کہ یہ دو اسموں کو ملاتے ہیں۔ کسی واقعہ یا خبر کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ ان میں کام کرنا نہیں، ہونا، پایا جاتا ہے۔ چنانچہ جس کے متعلق کوئی بات کہی جائے اس کو اسم یا مبتداء اور جو بات کہی جائے اسے خبر اور ان کو ملانے والے کلمہ کو ربط یا فعل ناقص کہتے ہیں۔ اسی ترتیب سے ان کو مسند الیہ، مسند اور فعل ناقص بھی کہتے ہیں مثلاً دل غم ناک است۔ دل مسند الیہ مبتدا یا اسم غمناک مسند یا خبر اور است فعل ناقص یا کلمہ ربط ہے۔

امثلہ:۔ است۔ غلہ گران است۔ (غلہ مہنگا ہے)

نیست:۔ رانا ادریس درخانہ نیست۔ (رانا ادریس گھر پر نہیں ہے)

بود:۔ تمام شب بیدار بودم۔ (تمام رات بیدار رہا ہوں)

شُد:۔ بچہ گم شد۔ (بچہ گم ہو گیا)

گشت:۔ چراغ روشن گشت۔ (بتی جل اٹھی)

گردید:۔ جواد تونگر گردید۔ (جواد مالدار ہو گیا)

برآمد:۔ آفتاب برآمد۔ (سورج نکل آیا)

فائدہ:۔ جب است یا بود کسی فعل تام کا جزو ہوتے ہیں تو پھر یہ فعل ناقص کا معنی نہیں دیتے ہیں مثلاً گفتہ است یا رفتہ بود وغیرہ۔

☆ فعل تام:۔ وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا پایا جائے اور اس میں زمانہ بھی پایا جائے۔ یہ مفرد بھی ہوتا ہے اور مرکب بھی۔ یہ فعل تنہا ایک فعل کو ظاہر کرتا ہے اور صرف ایک اسم کے لانے سے بھی اپنا معنی واضح اور پورا ادا کر دیتا ہے۔ مثلاً نوشت، آمدہ است، کردہ بود، خوردہ باشد، می رفتم، خواہم رسید، می گوئم بنشیں، مجو وغیرہ۔

فائدہ:۔ فعل تام مثبت ہوتا ہے یا پھر منفی۔ مثلاً نور العارفین بمدرسہ نرفت۔ اس میں مدرسہ جانے کی نفی کی گئی ہے انور از لاہور آمد۔ اس میں آمد کا ثبوت ہے۔

تنبیہ:۔ منفی اور نہی کا فرق ملحوظ خاطر رہنا چاہیے۔ نہی میں کسی کام سے روکا جاتا ہے اور منع کیا جاتا ہے۔ جیسے مَرَوْ، مَیَا، مَرَنْج۔

امثلہ:۔ بندہ خبر ندارم۔ جمعہ روزِ رخصت است۔ تو بازار مَرَوْ ایں خبر تازہ است ایں عجب نیست طفل دروغ نمیگوید۔

قواعد:۔ فعل ناقص کے شروع میں نہ کا اضافہ کرنے سے اور فعل تام میں بھی صرف نہ کا اضافہ شروع میں کرنے سے منفی بنتے ہیں۔

رفت (مثبت)	نرفت (منفی)	است (مثبت)	نیست (منفی)		
می رفت (مثبت)	نمی رفت (منفی)	آید (مثبت)	نیاید (منفی)		
ہمی کند (مثبت)	نمی کند (منفی)	خواہد آمد (مثبت)	نخواہد آمد (منفی)		

فعل معاون

فعل معاون وہ فعل ہے جو دوسرے فعل کے ساتھ مل کر اس کی مدد کرے۔ اسے امدادی فعل بھی کہتے ہیں۔ اور تائیدی بھی۔ دوسرا فعل مستقل ہوتا ہے اور اسی کے معنوں میں زمانہ کے لحاظ سے تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔

فعل معاون درج ذیل ہیں۔ است، بود، شد، خواہد، توانستن، بائستن، شائستن، یارستن، اوران سب کے مشتقات۔

(است بود شد فعل ناقص بھی ہیں) مگر فعل معاون میں فعل تام کے جز کے طور پر آتے ہیں اور فعل معاون کا معنی ادا کرتے ہیں مثلاً زید نمی تواند خواند۔ اس جملے میں تواند فعل معاون ہے جو خواند کی مدد کر رہا ہے۔ (زید نہیں پڑھ سکتا)

استعمال کے قاعدے:۔(۱) فعل معاون کا ترجمہ کرتے وقت ماضی مطلق کے پہلے یا مصدر مطلوبہ کے بعد مندرجہ بالا مصادر سے وہی فعل بنا کر لگاؤ جیسے "انور نوشتن نمی تواند یا پھر انور نمی تواند نوشت"۔ "می خواہم کہ بسیر باغ می روم" (انور لکھ نہیں سکتا)

(میں چاہتا ہوں کہ باغ کی سیر کو جاؤں)

۲: توانستن یا یارستن کسی کام کے ممکن الوقوع ہونے کے بارے میں مستعمل ہوتے ہیں۔ جیسے توانست گفت یا توانست کہ گوید (وہ بول سکتا ہے)

نیارست گفت یا نیارد گفت اور نیارد کہ گوید (منفی) (وہ نہیں بول سکتا)

تنبیہ: بائستن اور شائستن بھی فعل معاون ہیں یہ چاہیے کے معنیٰ میں مستعمل ہوتے ہیں۔ اور مذکورہ بالا افعال سکنا کے معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً بائستن اور شائستن فرض کی ادائیگی کیلئے۔ مناسب اور نامناسب کام ظاہر کرنے کے لئے۔ ضرورت کے لئے اور ارادہ ظاہر کرنے کے لئے آتے ہیں۔ ان کا استعمال کرنے کیلئے دونوں کی ماضی، مطلوبہ افعال کی ماضی کے ساتھ لگائی جاتی ہے یا پھر حرف "کہ" بڑھا کر مطلوبہ فعل کا مضارع لایا جاتا ہے نیز

اکثر اسکے ساتھ ضمیر منفصل حالت مفعولی میں استعمال کی جاتی ہے۔

مثلاً ماضی مطلق

او را بائست گفت یا او را شائست گفت اسے بولنا چاہئے۔

فعل مضارع

او را باید کہ گوید یا او را شاید کہ گوید۔

او را باید کرد یا او را شاید کرد

اسے کرنا چاہیے۔ اسے بولنا چاہیے۔

کبھی ماضی مطلق کی بجائے مصدر کا استعال بھی کرتے ہیں مثلاً

راہِ کج نشاید رفتن۔ بر سرِ راہ نباید نشستن (ٹیڑھے راستہ پر نہیں چلنا چاہیے)

کارِ امروز بہ فردا نباید گزاشت۔ شمارا باید کہ بروقتِ معیّن برسید۔ دنیا اعتماد را نشاید۔

مشق وتمرین (نمبر ۸)

(ملاحظہ کنید!)

میں یہ کام نہیں کر سکتا۔ من ایں کار نتوانم کرد۔

آج احمد تمہارے ساتھ نہیں جا سکتا کیونکہ اس کا پاؤں درد کرتا ہے۔ احمد امروز با شما نتواند رفت زیرا کہ پائیش دردی کند۔

میں تمہارا خط نہیں لکھ سکتا اس لئے کہ میرا لکھا ہوا کوئی دوسرا نہیں پڑھ سکتا۔ من خط نتوانم نوشت زانکہ نوشتہ من دیگرے نمی تواند خواند۔

تم لکھنا نہیں جانتے کیا۔ کہ بے علم خدا کو نہیں پہچان سکتا۔ شما نوشتن نتوانید؟ کہ بے علم نتواں خدا را شناخت۔

خدا کی نعمتوں کو کون گن یا شمار کر سکتا ہے۔ فضل خدائے را کہ تواند شمار کرد۔

ارشد کسی طرح بھی یہ کام نہیں کرے گا۔ ارشد ہیچ گونہ ایں کار نخواہد کرد۔

کون سلامت ہو کر گوشہ میں بیٹھ سکتا ہے۔ کہ یارد بہ کنجے سلامت نشست۔

راہ میں بزرگوں کے آگے نہیں چلنا چاہیے۔ درراہ پیشِ بزرگاں نباید رفت۔
کسی کے ساتھ برائی نہیں کرنی چاہئے۔ بہ کسے بد کردن نشاید۔
تو مکہ و مدینہ جانا چاہتا ہے۔ می خواہی کہ بمکہ و مدینہ روی۔
اس سفید داڑھی کے ساتھ تجھے جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔ ترا بایں ریشِ سفید دروغ گفتن نشاید۔
ادریس تم کب تک وطن کو لوٹو گے۔ ادریس! شما تا کے می توانید کہ بہ میہَن باز گردید؟
محمد شاہ جتنا لشکر کہ ہو سکا جمع کر کے کرنال کے صحراء میں نادر شاہ کے مقابلے میں لے آیا۔ محمد شاہ ہر قدر لشکر کہ توانست بمقابلہ نادر شاہ در صحرائے کرنال جمع آورد۔
ماں باپ کو چاہیے کہ اولاد کی تربیت اچھی طرح کریں۔ والدین را باید کہ تربیتِ اولاد خوب کنند۔

متفرق معانی میں افعال کا استعمال

(۱) افعال رخصتی

دینا کے مشتقات اس کی پہچان ہیں مثلاً مجھے جانے دو۔ پڑھنے دو۔ کھانے دو۔ دیں گے وغیرہ۔
فارسی میں گذاشتن مصدر سے مطلوبہ فعل بنایا جاتا ہے اور بعد میں ''کہ'' اضافہ کرتے ہیں اور بعد میں فعل مضارع کا دھیان کرتے ہوئے جملہ کو الٹا دیں۔ مثلاً بگذارید کہ من بروم۔ (مجھے جانے دو)۔ بگذارید کہ اسلم سبق بخواند۔ نگذاشتی کہ من نان خورم۔ نخواہیم گذاشت کہ او بگریزد وغیرہ (ہم نے اسے بھاگنے نہیں دیا)۔

تنبیہ

اس مفہوم کو ایک اور انداز سے بھی ادا کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر جملہ کے پہلے حصہ میں گذاشتن کا فعل ماضی آیا ہوا ہو تو فقرے کے دوسرے حصہ میں ماضی تمنائی کا استعمال کرتے ہیں اور اگر گذاشتن کا فعل حال یا امر ہو تو دوسرے حصے میں مضارع کا

استعمال کرتے ہیں۔ یادرہے کہ پہلے حصہ میں ''کہ'' کا استعمال لازماً ہوگا۔ مثلاً

(مشقی امثلہ نمبر ۹)

مگذارید کہ برود، من می آیم۔ مرا نہ گذاشتی ورنہ آں مرد کہ راچناں سرزنش کردے کہ بازچنیں کارہانکردے۔ ایشاں نگذاشتند کہ او درون خانہ بیاید۔ احمد نہ گذاشت کہ دریچہ وا کردمی۔ می دانم کہ اونخواہد گذاشت کہ کارے بکنم۔ بگذارید کہ اورا پرسم۔

(۲) عنقریب وقوع پزیر ہونے والے افعال

قریب تھا۔ قریب ہے۔ ڈالا تھا۔ ڈالا ہے۔ وغیرہ سے اس کی پہچان ہوتی ہے۔ اور ایسے افعال کی ادائیگی کے لئے قریب است۔ نزدیک است یا بود لگا کر بعد میں ''کہ'' بیانیہ اور پھر فعل مضارع کا استعمال کرتے ہیں جیسے اس نے مجھے مار ہی ڈالا تھا۔ قریب بود کہ اومرا بکشد۔

(مشقی امثلہ ۱۰)

سپاہِ بابُر چناں دل شکستہ گردید کہ قریب بود کہ از میدانِ جنگ راہِ فرار گرفتے۔ قریب است کہ احمد بیاید۔ نزدیک بود کہ کشتی لقمۂ نہنگِ امواج شدے کہ کشتئے دیگر از پس درسید۔ قریب بود کہ رقعہ بشما نوشتمی کہ شما تشریف آورید۔ قریب است کہ کشتہا از تمازتِ آفتاب سوختہ شود۔ ساعت قریب دوازدہ است وقریب است کہ رخصت شود۔ قریب بود کہ نابینا بچاہ درافتادے کہ شخصی دستش گرفتہ براہ انداخت۔

فائدہ

اگر فعل زمانہ گزشتہ میں واقع ہونے والا تھا تو کہ بیانیہ کے بعد ماضی تمنائی کا استعمال بھی کرتے ہیں۔ مثلاً قریب بود کہ بادشاہ ازسختی وتعب جاں دادے۔ کہ ہمرہانش ازعقب در رسیدند۔

(۳) افعال شروع جن سے کسی کام کا آغاز ہونا یا کرنا معلوم ہو جیسے برادرانِ یوسف علیہ

السلام برایشاں حسد کردن گرفتند۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان پر حسد کرنا شروع کیا۔

بناوٹ

مطلوبہ مصدر لاکر گرفتن مصدر کے مشتقات لگا کر یا پھر شروع کردن یا آغاز نمودن کے مصادر استعمال کئے جاتے ہیں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۱)

شما سخنانِ رنج آمیز گرفتید۔ رعد غرید، برق خندید و باراں باریدن گرفت۔ او زبانِ پارسی آموختن شروع کردہ است۔ گاہے ناگہاں بادِ خنک وزیدن می گیرد۔ آفتاب بگوشۂ مغرب فرار رفت و تاریکی پدید آمدن گرفت۔ اکبر می خواہد کہ بمدرسہ رفتن گیرد۔ دریں اثناء راجگان سرکشی آغاز نہادند۔ آثارِ صبح ہُویدا شد و ستارگاں یکے بعد دیگرے رفتن گرفت۔ سپاہ دشمن راہِ فرار گرفت۔ گربہ موش راخوردن گرفت۔ بادشاہ بر رعایا ظلم و ستم آغاز نہاد۔

(۴) جتنا، جوں جوں، جس قدر اور اُتنا، ووں ووں، اسقدر کا استعمال فارسی میں وہ افعال جن کے پہلے حصہ میں جوں جوں اور فقرے کے دوسرے حصہ میں ووں ووں آتا ہے ان کا فارسی میں ترجمہ کرتے وقت پہلے حصہ میں چندانکہ اور دوسرے حصہ میں ہماں قدر لاتے ہیں اور کبھی ہماں قدر حذف کر دیتے ہیں مثلاً = جتنا زیادہ تلاش کیا اتنا ہی کم پایا۔ چندانکہ بیشتر جُست کمتر یافت جتنی ہم نے اسے نصیحت کی اتنا ہی ہم پر ناراض ہوا۔ چندانکہ اورا نصیحت کردیم ہماں قدر بر ما ناراض گشت۔ جتنی میں نے اس کے ساتھ بھلائی کی اس نے اتنی ہی میری برائی کی چندانکہ با او نیکی کردم از و بدی دیدم۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۲)

چندانکہ من نرمی ے کردم ایشاں ہماں قدر سرکش شدند۔ چندانکہ محنت کردہ بود ثمرش نیافت۔ چندانکہ شما از من حالی گردید بآستین من در افتادید چندانکہ بالائے کوہ برآئید برودت و خنکی زیادہ خواہد گشت۔ چندانکہ پیشتر رفتیم رنگِ گل ولائے زیادہ گشت۔ چندانکہ او

مسامحت میکرد ایشاں ہماں قدر دلیر و شوخ گشتند۔

(۵) ایک فعل کے واقع ہوتے ہی دوسرا فعل صادر ہونا

قواعد

(۱) شروع میں لفظ ہمیں لگا کر دونوں فعلوں کو ان کے صیغوں کے ساتھ لکھ دیں جیسے میرے آتے ہی وہ مر گیا۔ ہمیں کہ من آمدم او بمرد۔ اس میں ہمیں کے بعد ''کہ'' بیانیہ ضرور آئے گا۔

(۲) دونوں فعلوں کی جگہ مصادر کا استعمال کرنے سے مگر یاد رہے کہ یہاں ہماں مصادر کے بعد آئے گا۔ مثلاً میرے آتے ہی وہ مر گیا۔ آمدن من ہماں بود و مردنِ او ہماں۔ (یہاں کہ نہیں آئے گا)

(۳) فقرہ کے شروع میں لفظ ''بجرد'' لانے سے۔ جیسے پہلے فعل کے بعد مصدر لاؤ اور مصدر کے نون کو زیر دیکر فقرہ مکمل کریں۔ اور پھر دوسرا حصہ لائیں۔ میرے آتے ہی وہ مر گیا بجردِ آمدنِ من او بمرد۔ امثلہ:

(۱) گولی لگتے ہی شیر گر جا۔ ہمیں کہ گلولہ خورد شیر غرید۔

(۲) گولی لگتے ہی شیر گر جا۔ گلولہ خوردن شیر ہماں بود و غریدن شیر ہماں۔

(۳) گولی لگتے ہی شیر گر جا۔ بجردِ خوردنِ گلولہ شیر غرید۔

جونہی کہ میں گھر سے نکلا مینہ برسنے لگا۔ ہمیں کہ از خانہ بر آمدم باراں باریدن گرفت۔ موسم بہار کے آتے ہی پھول کھلنے لگے۔ بجردِ آمدنِ بہار گلہا شگفتن گرفت۔

(۶) دعائیہ جملے یا افعال

ایسے جملے یا فقرات جن میں دعا پائی جائے۔ یا جن افعال میں دعا کے معنی پائے جائیں انہیں دعائیہ افعال کہتے ہیں۔

قواعد:۔ (۱) مضارع کے آخری حرف سے پہلے ''الف'' نے سے۔

(۲) کسی اسم کے آخر میں باد لگانے سے۔

(۴) بددعا کی صورت میں باد سے پہلے مَ مفتوح اور مضارع سے پہلے نَ مفتوح کا اضافہ کر نے سے۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۴)

عمرت دراز باد کہ فرخندہ گوہری۔ خانہ ات آباد باد۔ خدا اورا نیک گرداناد۔ خدا عمرت دراز کناد۔ بجانت از دشمناں گزندے مبادے۔ خدا اورا توفیقِ نیکی ارزاں کناد مبادا کہ اودر جہاں رنجے بنیند۔ خدا برادرت را کامگاری دھاد۔ کسے گرفتار ایں چنیں بلائے مباد۔ سعادت پایہ اش بلند کناد۔ در باغِ مراوش عندلیب وطوطی نغمہ گرو جلوہ گر باد۔ خداوند ترا از بدنگہدار باد۔ بھیرہ شہر ما ہمیشہ آباد و شاد باد۔ دائم بَرّ و بُومش آباد باد۔ الٰہی اقبالِ او بترقی واوج باد۔ خاطرِ یار شاد باد۔ خدا ایش از بلائے عظیم و بزرگ محفوظ و مصئون کناد۔ (آمین)

فائدہ

باد کے بعد کبھی الف بڑھا کر اور کبھی اصلا مضارع کے دعائیہ افعال بھی اسی معنیٰ میں مستعمل ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صفت مشبّہ

صفت مشبہ میں پائی جانے والی صفت پائیدار ہوتی ہے جبکہ اسم فاعل کی صفت عارضی ہوتی ہے۔

''رہبر فارسی'' میں آپ نے اسم مفعول کے قواعد پڑھے ہیں۔ یاد رہے کہ اسم مفعول ہمیشہ متعدی مصادر سے آتا ہے جبکہ اسی وزن پر لازم مصادر سے صفت مشبہ کا صیغہ آتا ہے۔ جیسے آمدہ، رفتہ اسم مفعول نہیں بلکہ صفت مشبہ ہیں۔ عربی زبان کے صفت مشبہ بھی فارسی میں اکثر استعمال ہوتے رہتے ہیں۔ جیسے شریف۔ کریم۔ حسین۔ وغیرہ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جملہ اسمیہ

ایسے الفاظ کا مجموعہ جن سے پوری بات سمجھ میں آ جائے اسے جملہ کہتے ہیں۔
جملہ اسمیہ میں کسی کام کے ہونے یا کہنے کی خبر ہوتی ہے۔ جس چیز کے بارے خبر ہو اسے اسم اور جو بتایا جارہا ہو اسے خبر کہتے ہیں اور کلمہ ربط یا فعل ناقص کی مدد سے ہم ان دونوں کو ملا کر بامعنیٰ بناتے ہیں۔ مثلاً نوکر تنبل است۔ نوکر سست ہے۔ اس میں نوکر اسم تنبل خبر اور است کلمہ ربط یا فعل ناقص ہے۔ لشکر رواں شد۔ خانہ تاریک است۔ زناں در باغ بودند۔ کاغذ سپید است۔

فائدہ:۔ اسم کو مسند الیہ اور خبر کو مسند کہتے ہیں جملہ اسمیہ میں مسند بھی اسم ہی ہوتا ہے۔ مسند الیہ کو مبتدا اور مسند کو خبر بھی کہتے ہیں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۴)

مسافر گرسنہ است۔ رفیق دیوانہ بود۔ محمد رفیق تارژ بادشاہ شد۔ شادانا بودید۔ امیر اور اغلام ساخت۔ حماد بیمار شد۔ طیبہ شادماں گشت۔ اودروغ گو است۔ تو تشنہ۔ الطاف غنی بود۔ ما حیران گشتیم۔ کوزہ گر (کُلال) گلِ را کوزہ گردانید۔ صفدر اورا بیوقوف نمود۔ عزیز ناراض شد۔

جملہ فعلیہ

جملہ فعلیہ وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا سہنا بیان کیا جائے اس میں کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں، جس پر فعل واقع ہو اسے مفعول اور جس سے وہ کام ظاہر ہوتا ہو یا فاعل اور مفعول کو ملا کر بات پوری کرتا ہو اسے فعل کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام فعل تام بھی ہے۔ مثلاً من نامہ نوشتم۔ من فاعل۔ نامہ مفعول اور نوشتم فعل ہے۔ یاد رہے فعل اگر لازم ہو تو صرف فاعل کے ملنے سے ہی جملہ مکمل ہو جاتا ہے اور اگر فعل متعدّی ہو تو اسے فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسے اکبر آمد۔ (لازم) اکبر اسلم را زد۔ (متعدّی)

تنبیہ

متعدّی بہ یک مفعول یا بدو مفعول یا بہ سہ مفعول اور لازم سے متعدّی یا متعدّی المتعدّی بنانے کے قواعد کے لئے ''رہبر فارسی'' کی طرف رجوع کریں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۵)

زید فرش را کثیف کرد۔ عمرو یتیماں را طعام خورانید۔ از فرمانِ یزداں سر مپیچ۔

جملہ خبریہ

جملہ خبریہ میں کسی چیز کی محض اطلاع ہوتی ہے اور جس واقعہ کا بیان ہوتا ہے اس کو سچا یا جھوٹا کہہ سکتے ہیں۔ اس لئے جملہ خبریہ کئی قسم کا ہو سکتا ہے۔ دنیا کی ہر بات کو خبر کی صورت میں لکھا جا سکتا ہے مثلاً فلسفہ وحکمت کی بات، ولی کا پیغام، قانون اور قواعد، کوئی تاریخی حقیقت، شعر کا مضمون، لطیفہ، کوئی سائنسی، طبی، طبیعی بات۔ اخلاقی درس یا سبق یا پھر ان کے علاوہ کوئی اور بات یا پھر اسی طرح کے افعال جن میں افعال ناقصہ کا استعمال ہوا ہو تو ایسے جملے عموماً خبریہ قسم کے ہوتے ہیں۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۶)

قرآن کلامِ خداوند یست۔ ہندواں مردۂ خود را می سوزند۔ اجسام سہ گونہ اند: جامد، مائع، بخار۔ نکوئی کن و بچاہ انداز۔ حضرت سلیمان علیہ السلام منطق پرندگان را می فہمیدند۔

جملہ انشائیہ

جملہ انشائیہ میں کوئی ایسا واقعہ بیان نہیں کیا جاتا کہ جسے سچا یا جھوٹا کہہ سکیں۔ بلکہ اس میں مختلف قسم کے جذبات وکیفیات کا اظہار ہوتا ہے۔ کام کرنے اور لینے دینے کے متعلق سوال وجواب اور حکم ہوتا ہے۔ یاد رہے یہ جملہ عموماً ساخت وبناوٹ کے اعتبار سے جملہ فعلیہ ہوتا ہے۔

(مشقی امثلہ نمبر ۱۷)

اقسام:۔اس کی درج ذیل اقسام بیان کی جاتی ہیں۔

(۱)امر:۔حکم۔زود برو۔دررا باز کن۔(جلدی جا!دروازہ کھول)

(۲) نہی:۔روکنا۔دیگر دشنام مدہ۔عجلت مکن۔(پھر گالی نہ دینا۔جلدی نہ کر)

(۳)استفہام:۔سوال۔چرا از جائے خود حرکت کردی؟ایں چیست؟(اپنی جگہ سے تو نے حرکت کیوں کی؟)

(۴) تعجب:۔سبحان اللہ، واہ واہ چہ آوازِ خوش است۔(کیا خوب آواز ہے!)

(۵) تحسین:۔آفریں برآں کس کہ جان فدائے وطن کردہ است۔(شاباش کہ جس نے جان وطن پر قربان کی)

(۶)انبساط:۔خوشی۔واہ واہ عجب بہارِ دلفزا است۔(واہ بھئی واہ! کیسی دل خوشکن بہار ہے)

(۷) ندا:۔اے حکیم! مرا نشانِ منزل ندادی۔(اے دانا! مجھے نشان منزل نہ دیا!)

(۸)تأسف:۔واویلا، مرد شہ شاعراں۔(ہائے ہائے افسوس کہ سرخیل شاعراں نہ رہے)

(۹)قسم:۔بخدا منت نا خدا نکنیم۔(قسم بخدا منتِ ناخدا نہ کریں گے)

(۱۰)عرض، نصیحت، مشورہ:۔باخدا باش وشاہی کن۔باخدا دیوانہ وبا محمد ﷺ ہشیار۔(باخدا ہو کر بادشاہی کر)

(۱۱)تمنا:۔کاش عمر رفتہ بازی آمدے۔(کاش عمرِ رفتہ لوٹ آئے)

(۱۲)تنبیہ:۔خبردار۔الا تا نگرید یتیم!(خبردار!یتیم رونے نہ پائے)

(۱۳)دعا:۔خدا دشمن دیں را ہلاک کناد۔میہنِ ما پاکستان زندہ باد۔(خدا دشمنِ دین کو تباہ کرے)

محاورات

محاورہ کے معنیٰ بات چیت کے ہیں اور یہ عربی زبان کا لفظ ہے مگر اصطلاحاً خاص اہل زبان کے روز مرہ یا بول چال یا اسلوب بیان کو محاورہ کہتے ہیں۔ یوں تو معنوی لحاظ سے روز مرہ اور محاورہ ایک ہی شی ہیں۔ مگر اصطلاحی طور پر دونوں کے معانی الگ الگ ہیں۔ چنانچہ محاورہ الفاظ کے ایسے مجموعے کو کہا جاتا ہے جو اہل زبان کی بول چال میں اپنے اصلی معنوں کی بجائے کوئی اور معنیٰ دے۔ محاورہ ہمیشہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ سے ملکر بنتا ہے اور ان میں سے کم از کم ایک لفظ جو اکثر وعموماً فعل ہوتا ہے۔ (مصدر) اپنے اصل اور حقیقی معنوں کی بجائے کوئی اور معنیٰ دیتا ہے۔ مثلاً آب آب شدن از سر کشیدن۔ فرو آمدن۔ وغیرہ

طعام خوردن۔ دوا خوردن یا نوشیدن محاورہ نہیں بلکہ روز مرہ ہیں کیونکہ فعل اپنے اصلی معنی ادا کر رہا ہے مگر غم خوردن محاورہ ہوگا۔ کیونکہ فعل اپنے اصلی ماوُضعَ لَہ، معنیٰ میں مستعمل نہیں ہے۔ بلکہ مجازی معنوں میں مستعمل ہے۔ یاد رہے محاورہ کے الفاظ میں کمی بیشی یا تبدیلی اس کی ہیئت میں ہی نہیں بلکہ اس کے معنوں میں بھی ردّ و بدل کر دیتی ہیں۔ مثلاً ہاتھوں کے طوطے اڑنا کے جگہ فاختہ کے اڑنا کا استعمال بے محل اور بے موقع ہوگا اور اہل زبان کے برعکس بھی۔

تنبیہ: روز مرّہ، کہاوت، ضرب المثل وغیرہ کے لئے بھی اصول وضوابط موجود ہیں مگر طوالت کے خوف سے انہیں ذکر نہیں کیا گیا۔ البتہ ضرب الامثال کے باب میں ضرب المثل کی مختصر سی وضاحت مذکور ہوگی (انشاءاللہ)

چند معروف محاورات اوران کا معنیٰ

محاورات	معانی	محاورات	معانی
آفتاب کردن	سکھانا	آتش کشتن	آگ بجھانا

اِبراز کردن	ظاہر کرنا	اِرسال داشتن	بھیجنا
از راہ بردن	گمراہ کرنا	از بر گرفتن	زبانی یاد کرنا
از کار افتادن	بیکار ہونا	از یاد رفتن	بھول جانا
از ہوش رفتن	بے ہوش ہونا	اجارہ کردن	کرایہ پر لینا
انشاء کردن	لکھنا	باز کردن	کھولنا
بانگ زدن	چلاّنا	بپایاں رسیدن	ختم ہونا
بپایاں رسانیدن	ختم کرنا	بجان آمدن	تنگ ہونا
بخواب رفتن	سونا	بدست آمدن	ملنا
بدست آوردن	حاصل کرنا	بدنیا آمدن	پیدا ہونا
بدزدی رفتن	چوری ہونا	براہ افتادن	چل پڑنا
برآشفتن	بگڑنا	بغارت بردن	لوٹ لینا
بعمل آوردن	کاشت ہونا	بکار بردن	استعمال کرنا
بکار خوردن	کام میں آنا	بوجود آمدن	معرض وجود میں آنا
بیدار کردن	جگانا	بہم برآمدن	خفا ہونا
پا بفرار نہادن	فرار ہونا	پس دادن	واپس کرنا
پیدا کردن	تلاش کرنا، حاصل کرنا	تخم کردن	انڈے دینا
تخم گزاردن	انڈا دینا	تحصیل کردن	حاصل کرنا
تمیز کردن	صاف کرنا	تمبر زدن	نمبر لگانا
تماشا کردن	دیکھنا	تعارف کردن	نذر پیش کرنا
توقف کردن	ٹھہرنا	تکذیب کردن	جھٹلانا
پُوچ گفتن	بکواس کرنا	پہن کردن	بچھانا
جاروب کشیدن	جھاڑو دینا	چاپ کردن	چھاپنا

چشم داشتن	امید رکھنا	حالی کردن	آگاہ کرنا
حرف زدن	بات چیت کرنا	حنا بستن	مہندی لگانا
حفر کردن	کھودنا	خندہ کردن	ہنسنا
خمیر کردن	گوندھنا	دستگیری کردن	مدد کرنا
در بر کردن	پہننا	درخت نشاندن	درخت لگانا
درست کردن	تیار کرنا	دست زدن	ہاتھ لگانا
دوست داشتن	پسند کرنا	روی دادن	ظاہر ہونا
زحمت کشیدن	محنت کرنا	زندگی کردن	رہنا
سپاس کردن	شکر کرنا	سرما خوردن	زکام ہونا
سرپیچی کردن	خلاف ورزی کرنا	سیگار کشیدن	سگریٹ پینا
شانہ زدن	کنگھی کرنا	شخم کردن	ہل چلانا
شنا کردن	تیرنا	شُست شو کردن	نہانا، دھونا
صحبت کردن	بات چیت کرنا	عوض کردن	بدلنا
فریاد کشیدن	چلاّنا	فرا گرفتن	حاصل کرنا
فرا رسیدن	آ پہنچنا	کار بستن	عمل کرنا
کف زدن	تالی بجانا	کومک زدن	مدد کرنا
گوش کردن	سننا	یاد گرفتن	یاد کرنا
یاری کردن	مدد کرنا	گوش دادن	سننا
نشان دادن	بتانا، دکھانا	نُطق ایراد کردن	تقریر کرنا
وا کردن	کھولنا		

ضرب الامثال

ضرب المثل یا کہاوت سے الفاظ کا ایسا مجموعہ مراد ہوتا ہے جس کے لفظی معانی خواہ کچھ

ہوں لیکن اسے کسی مناسب اور موزوں موقع پر جوں کا توں استعمال کیا جائے۔

محاورہ اور ضرب المثل میں قدرے مشترک اگر چہ ان کا مجازی معنوں میں استعمال ہے مگر اس کے باوجود ان میں نمایاں فرق ہے۔ جیسے

(۱) محاورہ کلام کا جز بن کر اس میں جذب ہو جاتا ہے مگر ضرب المثل اس کے برعکس ہے کیونکہ یہ مزید وضاحت کے لئے لائی جاتی ہے اور اگر اس کو درمیان کلام سے حذف بھی کر دیں تب بھی بات مکمل سمجھ میں آجاتی ہے۔

(۲) محاورہ جزو کلام بن کر اپنا معنیٰ ادا کرتا ہے مگر ضرب المثل اپنے معانی کے اعتبار سے مکمل ہوتی ہے۔ اسے خود کسی مزید لفظ یا عبارت کی حاجت نہیں ہوتی ہے۔

(۳) دوران استعمال ضرب المثل جوں کی توں مستعمل ہوتی ہے۔ لفظی تغیر نہیں ہوتا مگر محاورہ کے فعل میں حسب ضرورتِ جملہ تغیر و تبدیلی ہوتی ہے۔

تنبیہ:۔ محاورہ، ضرب المثل اور روزمرہ، تحریر و تقریر کا حسن ہیں۔ ان میں اغلاط نہ صرف تحریر و تقریر کے حسن کو غارت کر دیتی ہیں بلکہ اس کی باقی خوبیوں پر بھی پانی پھیر دیتی ہیں۔ اس لئے نہایت باریک بینی سے اس کا ادراک ضروری ہے۔

چند ضرب الامثال

(۱) آب آمد تیمم برخاست۔ اعلیٰ کی موجودگی میں ادنیٰ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

آب ندیدہ موزہ کشیدہ۔ مصیبت سے پہلے گھبرا جانا۔

آنچہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مپسند۔ جیسا اپنا دل ویسا پرایا دل۔

آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک است۔ صاف دل کو ڈر نہیں۔

از خوردان خطا از بزرگاں عطا۔ چھوٹوں سے قصور بڑوں سے بخشش۔

افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را۔ غمگین سب کو دکھی کرتا ہے۔

اگر ہمیں دانش است خدا حافظ۔ اگر یہی عقل ہے تو اللہ بیلی۔

اگر ساقی تو باشی مے تواں خورد۔ ضرب الحبیب زبیبٌ دوست کی کڑوی میٹھی۔

اللہ بس باقی ہوس۔ اللہ ہی اللہ ہے۔

ایاز قدر خود بشناس۔ اپنا آپ دیکھ۔ اپنی چادر دیکھ کر قدم پھیلا۔

ایں زمین را آسمان دیگر است۔ باوا آدم نرالا ہونا۔

اے روشنئ طبع تو برمن بلا شدی۔ خوبی کا مصیبت بننا۔

بادوستاں تلطف بادشمناں مُدارا۔ صلح جوئی اچھی ہے۔

برمن منگر برکرم خویش نگر۔ اپنا کرم دیکھ میرے گناہ نہیں۔

پراگندہ روزی پراگندہ دل۔ تنگ حال، بدحال

پیری رسید وقامت خمید۔ کوزپشت ہونا۔

تا خداند ہد سلیمان کے دہد۔ امر خدا ہی غالب ہے

تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ۔ تدبیر پیش تقدیر بے بس۔

تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں۔ لکھنے والا ہی صحیح جانتا ہے یا بتا سکتا ہے۔

جائے استاد خالی است۔ استاد استاد ہی ہوتا ہے۔

جواب جاہلاں باشد خاموشی۔ جاہلوں کی بات کا جواب نہ دو۔

چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی۔ بڑے اگر خراب ہوں تو چھوٹوں کا اللہ بیلی۔

چو میدان فراخ است گوی بزن۔ کوشش کر ہمت نہ ہار۔

چو آب از سر گذشت چہ یک نیزہ چہ یک دست۔ دکھ چھوٹا ہو یا بڑا مصیبت ہے۔

خانہ درویش را مہتاب شمع روشن است۔ فقیر کے جھونپڑے کا چراغ چاند ہے۔

خدا دارم چہ غم دارم۔ خدا ہمارا۔ غم کا ہے کا۔

خواجہ آنست کہ باشد غم خدمتگارش۔ آقا کو نوکروں کا خیال رکھنا چاہیے۔

درعفولذتیست کہ در انتقام نیست۔ معاف کرنا بدلہ سے بہتر ہے۔

دیوار ھم گوش دارد۔ دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

رُموزِ مملکت شاہاں بدانند۔ ہر کوئی اپنے کام میں ہشیار ہے۔

زیارتِ بزرگاں کفارۂ گناہ۔ بزرگوں کی زیارت گناہ کا کفارہ ہے۔

سَرے داریم وصد سودا۔ ایک دم ہزار امید۔

شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن۔ زندگی ہر حال میں گزارنا ہوتی ہے۔

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا۔ بادشاہ فقیر پر مہربان عجب تو نہیں۔

شاخ گل ہر جا بروید گل کند۔ بھلا ہر جگہ بھلا ہوتا ہے۔

شاگرد رفتہ رفتہ باستاد میرسد۔ ہوتے ہوتے شاگرد استاد ہو جاتا ہے۔

شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔ دیکھنے اور سننے میں فرق ہے۔

شوق ہر دل کہ باشد رہبرے در کار نیست۔ شوق لیاقت پیدا کرتا ہے۔

علم شئی بہ از جہل شئی۔ جاننا نہ جاننے سے بہتر ہے۔

غم نداری بُز بخر۔ بکری خرید ہزاروں غم پیدا۔

فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت اوست۔ ہر آدمی کی سوچ اپنی۔

قلم اینجار سید و سر بشکست۔ آگے لکھا نہیں جاتا۔

قلندر ہر چہ گوید دیدہ باشد۔ قلندر دیکھ کر بولتا ہے۔

قرض را گویند مقراض محبت۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔

قہر درویش بر جان درویش۔ غریب کا غصہ، نقصان بھی اس کا۔

کوہ کندن وکاہ برآوردن۔ کھودا پہاڑ نکلا چوہا۔

گویم مشکل وگر نگویم مشکل۔ کہنا بھی مشکل اور نہ کہنا بھی۔

من چہ سرائیم وطنبورۂ من چہ می سراید۔ مادر چہ خیالم وفلک در چہ خیال۔

ماخدا داریم مارا ناخدا در کار نیست۔ خدا کے ہوتے ملاح کا کیا کام۔

ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم۔ آغاز کر دیا ہے اب جو ہو سو ہو۔

ہر چہ از دوست میرسد نیکوست۔ سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے۔

یار خاطر نہ بار خاطر۔ دوست بار خاطر نہ ہو۔

یک نظرے خوش گزرے۔ دیکھنا ایک ہی دفعہ کافی ہوتا ہے۔

از دیدہ دور از دل دور۔ آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔

ایں خانہ ہمہ آفتاب است۔ آوے کا آوا بگڑنا۔

کار امروز بفردا مگذار۔ آج آج ہے کل کل۔

ہم خُرما و ہم ثواب۔ آم کے آم گٹھلی کے دام۔

نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔ آگے کنواں پیچھے کھائی۔

ہر سگے در کوئی خود شیری کند۔ اپنی گلی میں کتا بھی شیر۔

کس نگوید کہ دُوغِ من تُرش است۔ اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا۔

دُرِ یتیم راہمہ کس مشتری بود۔ اچھی چیز ہر کوئی لاگو۔

یک مُویز و صد قلندر۔ ایک انار سو بیمار۔

چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار۔ ایک پنتھ دو کاج۔

یکے بود مجنون دیگر سگ گزید۔ ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا۔

وقت کوتاہ و قصہ طولانی۔ وقت کم اور قصہ طویل۔ بڑا کام اور کم وقت ہے۔

برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر۔ بغل میں چھری منہ میں رام رام۔

چو فیضے رواں است بہرہ یاب۔ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا۔

حساب دوستاں در دل۔ تم جانو یا ہم جانیں۔

لغات عامہ (لغاتچہ)

اردو	فارسی	اردو	فارسی
آنکھ	چشم، دیدہ	آنسو	اشک
پلک	مژہ	پتلی	مردمک
بھوں	ابرو	انگلی	انگشت
انگوٹھا	انگشتِ نر	انتڑی	رُوْدَہ

اوجھر	شکنبہ	ایڑھی	پاشنہ
بھیجا	مغز، دماغ	تلوا	کفِ پا
چھپر پاؤں	پشتِ پا	پھیپھڑا	شش، رِیہ
تل	خال	تھوک لعاب دہن	تف
ٹھوڑی	زنخداں، ذقن	ٹخنہ	شتالنگ
جبڑا	چانہ	لَو	بنا گوش
کہنی	آرنج	مونچھ	بروت، سبلت
ہونٹ	لب	بھاوج	ژنگہ
بہنوئی	شوہر خواہر	پوتا	نبیرہ، نوۂ پسری
پوتی	دخترۂ پسر	پڑدادا	فرجد
پڑدادی	فرجدہ	دولہا	نوشہ، نوشاہ
دلہن	عروس	ساڑھو	ہمزلف
سالا	خسر پورہ	سالی	خاشنہ
سوتیلا	ندر سوت۔ اَنباغ	سمدھی	ہمسِلک
نوکر	پیشِ خدمت	نند	ننا
کلیجہ	جگر	پہرے دار	پاسبان، کشیکچی
چرواہا	شبان	شیشہ جڑیا	مینا کار
حلوائی	قناد	حجام	دلاک سلیمانی
درزی	جامہ دوز	دھوبی	گازر
ڈرائیور	رانندہ	سلوتری	بیطار
فوٹو گرافر	عکاس	کسان	کشاورز
کلال	بادۂ فروش	کوچوان	کالسکچی

لکڑہارا	خارکش	موچی	کفش دوز
کنگھی	شانہ	کلہاڑا	تبر
اُپلا	پاچک	تھالی	قاب
چکی	آسیا	لوٹا	آفتابہ
لالٹین	لالہ	گھڑا	سُبُو
کوئلہ	زغال	گلاس	لیوان
آٹا	آرد	دودھ بالائی	قیماق
بسکٹ	کاک	پھلکا	نانِ تنک
پراٹھا	نانِ تفتاں	پوری	چربگ
دہی	ماست جغرات	دلیا	دلیدہ
سالن	نانخورس	سوپ	آش
ناشتہ	صُبحانہ	لنچ	ناھار
عصرانہ	عصرانہ	ڈنر	شام،عشائیہ
گڑ	قندِ سیاہ	چاول	بِرنج
زردہ	مُزعفران	استاد	آموزگار، اخوند
گھنٹی	زنگ	رسٹ واچ	دستینہ
کمرہ	اُطاق	ہال	تالار
تولیہ	توہولہ	بوٹ/موزہ	چکمہ
دوپٹہ	لچک	رومال	دستمال
کمبل	پتورگلیم	میلا	چرکیں
صدری	نیم تنہ	بندوق	تفنگ
پتنگ	بادبادک	گلی ڈنڈا	چالیک

چنا	نخود	مٹر	خشنگ
آلو	سیب زمینی	پیاز	پیاز بصل
پودینہ	نعناع	مولی	ترب
لہسن	سیر، گندنا	اروی	قلقاس
دھنیا	گشنیز	سونف	بادیان
بیر	کنار	پودا	نہال
تنہ	تنا	گنا	نیشکر
گنڈیری	پارۂ نیشکر	لسوڑا	سپستان
بارہ سنگھا	گوزن	ہرن	آہو
بھینس	گاؤمیش	بندر	بوزنہ
چیتا	یوز	خچر	قاطر
لومڑی	رُوباہ	لنگور	میمون
درازگوش	گدھا	الّو	بوم، چغد
ابابیل	پرستوک	چیل	زغن
گدھ	کرگس	چیونٹی	مورچہ
دیمک/زنگ	موریانہ	کیڑا	کرم
نیولا	راسو	مگرمچھ	نہنگ
اسٹیشن	ایستگاہ، گاڑ	پلیٹ فارم	اِسکلہ
چمنی	دودکش	چھت	بام
پوسٹ آفس	پُست خانہ	چوک	چارسوق
دومنزلہ عمارت	ساختمان دوطبقہ	ڈرائنگ روم	اطاق پذیرائی
سیڑھی	نردبان	سیڑھی	زینہ، پلہ

کالج	دانشکدہ	ہائی سکول	دبیرستان
پرائمری سکول	دبستان	جامعہ	دانشگاہ، دارالعلوم
جھونپڑا	کاشانہ	آندھی	بادِ تند
اولہ	ژالہ، تگرگ	بادل	ابرِ میغ
بگولہ	گردِ باد	بوندا باندی	ترشح
بھنور	گرداب	پھوار	نم نم باریدن
ٹیلہ	تپہ	جنگل	دشت، ہامون، بن
دھنک	قوسِ قزح	گڑھا	مغاک، چالہ
موسلا دھار بارش	بارانِ سنگین	گھٹا	ابرِ تیز
جھونکا	موجہِ باد	انجن	بخاریہ
بائیسکل	دوچرخہ	بگھی	کالسکہ
ٹکٹ	بلیط، بلیت	پلیٹ فارم ٹکٹ	بلیطِ ورودی
ٹکٹ بابو	بلیتچی، بلیط فروش	ٹکٹ گھر	بلیط خانہ
واپسی ٹکٹ	بلیط دوسرہ	چھکڑا	ارابہ، عرابہ
ہوائی جہاز	بادپیما، طیارہ	ہواباز	طیارچی
بلی	گربہ، ہرّہ	پورب	مشرق، خاور
پچھم	مغرب، باختر	اتر	شمال
دکھن	جنوب	دوپہر	نیم روز
آدھی رات	نیم شب	پہر	پاس
وقت	ہنگام	گزشتہ شب	دی شب
یہی سال	امسال	یہی رات	ہمیں شب
سڑک	شاہراہ، جادہ، خیابان	حصہ، شعبہ	بخش

ریل گاڑی	قطار	سیر	سیر، گردش
ملازمہ	کُلفت، ماما	اشتہار	آگاہی
مصروف	گرفتار، دستگیر	سازش	ہم آہنگی
فرض	وظیفہ	گفتگو	صحبت، محاورہ
ذمہ داری	تکلیف	پریشان	نگران
صاف ستھرا	تمیز	ناکام، فیل	مردود
لڑائی	دعویٰ	سویاں	رِشتہ
لطیفہ	شوخی	نرس	پَرستار
ننھا بچہ	کوچولو	مینڈک	قورباغہ
مٹی کا تیل	نِفت، نِفط	لیکچرار	دانشیار
کلرک	کارمند	کلچرل سنٹر	خانۂ فرہنگ
کرنسی نوٹ	اِسکناس	پین	قلمِ خودنویس
فائل	پَروندہ	سیمنٹ	سِیمان
سٹینڈ	محل، ایستگاہ	CID	کارآگاہ
ڈگری	گواہی نامہ	سیکرٹری	سَردبیر
ریزگاری	پُولِ خُرد	رسید	قبض
رجسٹرار	مدیرِکل	ڈاک ٹکٹ	تمبر
پاسپورٹ	گزرنامہ	پیراشوٹ	چترِ ہوائی
ڈاکیا	پُست چی	پولیس	پاسبان
بنک	بانک	UNO	سامانِ مللِ متحدہ
انسپکٹر	بازرَس	خالص	سَرہ
رت جگا	شب نشینی	پلندہ	طوٗمار

بکواس	ژاژ خائی	وطن	مِیہَن
فوج	اَرتَش	بالشت	وَجَب
اینٹ	آجرِ خِشت	ٹائیل	آجرِ کاشی
ادارہ محکمہ	بنگاہ	کنوارہ	مجازن
شکل وصورت	پک وپوز	درانتی	دِرَس
ہوٹل	ہُتل، رِباط	سنگل روم	اُطاق یک نفری
ڈبل روم	اُطاقِ دونفری	آئسکریم	بستنی
بیگ	کِیف	اکاؤنٹینٹ	مُحاسِب
سٹورکیپر	اِنباردار	سردمقام	پیلاق
گرم مقام	قشلاق	حمام	گرمابہ
چھجا	باراں گیر	چوکھٹ	چہارچُوبہ/آستاں
تنبو	خیمہ	بڑاخیمہ	خرگاہ
ٹم ٹم گاڑی	دِرَشکہ	تھانہ	کلاُنتری
لائسنس	پروانہ	جرمانہ	تاوان
دیمک	دِیُوچہ/کرم	بھونرا	خلا فک
کونج	کلنگ	تیتری	پَروانہ
تیتر	دُرّاج، تیہُو	گولی	گلولہ
سکول	آموزش گاہ	جماعت	دانش پایہ
کنڈرگارڈن	کُودکِستان	لاءکالج	دانشکدہ حقوق
ہاسٹل	باش گاہ	شاگرد	دانش آموز
نارمل سکول	دانشِ سرائی	چپڑاسی	فَرّاش
دہلیز	آستان	کباڑی/دلاّل	سَمسار

بخشش دوم

(منظومات ومنثورات)

منتخب از پندنامہ (شیخ فریدالدین عطارؒ)

درحمد باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ

۱۔حمدِ بے حد مر خدائے پاک را	آنکہ ایماں داد مُشتِ خاک را
۲۔آنکہ در آدم دمید او روح را	داد از طوفان نجات او نوحؑ را
۳۔آنکہ فرماں کرد قُہرش بادرا	تا سزائے کرد قوم عاد را
۴۔آنکہ لُطفِ خویش رااظہار کرد	باخلیلش نار را گلزار کرد
۵۔آں خداوندے کہ ہنگامِ سحر	کرد قوم لوطؑ را زیروزبر
۷۔آنکہ اعداء رابدر یا در کشید	ناقہ را از سنگِ خارا برکشید
۸۔چوں عنایت قادرِ قیّوم کرد	در کفِ داؤدؑ آہن موم کرد
۹۔با سلیمانؑ داد ملک وسروری	شد مطیعِ خاتمش دیو وپری
۱۰۔از تنِ صابرؑ بکرِ ماں قوّت داد	ہم ز یونسؑ لقمہ باحُوت داد
۱۱۔آں یکے را ارّہ برسر می کشد	دیگرے راتاج بر سری نہد
۱۲۔اوست سلطان ہر چہ خواہد آں کند	عالمے را در دمے ویراں کند
۱۳۔ہست سلطانی مُسلّم مراورا	نیست کس را زہرۂ چوں و چرا
۱۴۔آں یکے را گنج ونعمت می دہد	دیگرے را رنج وزحمت می دہد
۱۵۔طرفۃالعینی جہاں برہم زند	کس نمی آرد آنجا دم زند
۱۶۔آنکہ با مرغ ہوا ماہی دہد	بندگاں را دولت وشاہی دہد
۱۷۔بے پدر فرزند پیدا او کند	طفل را در مہد گویا او کند

۱۸۔مردہَ صد سالہ راحی میکند | ایں بجز حق دیگرے کے میکند
۱۹۔صانعے کز طین سلاطین می کند | نجم را رجمِ شیاطین می کند
۲۰۔از زمینِ خشک رویانَد گیاہ | آسماں را بے ستوں دارد نگاہ
۲۱۔ہیچ کس در ملکِ او انباز نے | قول او را لحن نے آواز نے

درنعتِ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۲۲۔بعدازیں گویم نعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم | آنکہ عالم یافت از نورش صفا
۲۳۔سیدِ کونین، ختم المرسلین | آخر آمد، بُوَد فخرالاوّلین
۲۴۔آنکہ آمد نُہ فلک معراجِ او | انبیاء و اولیاء محتاجِ او
۲۵۔شد وجو دش رحمۃٌ اللعالمین | مسجدِ او شد ہمہ روئے زمین
۲۶۔صد ہزاراں رحمتِ جاں آفریں | بروے بر آلِ پاکِ طاہرین
۲۷۔آنکہ شد یارش ابوبکرؓ و عمرؓ | از سر انگشتِ او شق شد قمر
۲۸۔آں یکے او رارفیقِ غار بود | واں دیگر لشکر کشِ اَبرار بود
۲۹۔صاحبش بودند عثمانؓ و علیؓ | بہر آں گشتند در عالَم ولی
۳۰۔آں یکے کانِ حیاء وحلم بود | واں دگر بابِ مدینۂ علم بُود
۳۱۔آں رسولؐ حق کہ خیرُ النّاس بود | عمِ پاکش حمزہؓ و عباسؓ بود
۳۲۔ہر دم از ما صد درود و صد سلام | بررسول صلی اللہ علیہ وسلم وآلؓ واصحابشؓ تمام

درفضیلت ائمہِ دینِ مجتہدین

۳۳۔آں اِما مانے کہ کردند اجتہاد | رحمتِ حق بر رُوانِ جملہ باد
۳۴۔بوحنیفہؒ بُد امامِ باصفا | آں سراجِ اُمّتانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
۳۵۔بادفضلِ حق قرینِ جان او | شاد باد ارواحِ شاگر دانِ او
۳۶۔صاحبش بو یوسفؒ قاضی شدہ | وز محمدؒ ذُوالمِنَن راضی شدہ
۳۷۔شافعیؒ ادریس و مالکؒ بازفرؒ | یافت زیشان دینِ احمد صلی اللہ علیہ وسلم زیب وفرؒ

۳۸۔احمد حنبلؒ کہ بود او مردِ حق　　در ہمہ چیز از ہمہ بُردہ سبق
۳۹۔روحِ شاں درصدر جنت شاد باش　　قصرِ دین از علمِ شاں آباد باش

مُناجات بجنابِ مجیب الدّعوات

۴۰۔بادشاہا جرمِ مارا در گزار　　ماگنہ گاریم و تو آمرز گار
۴۱۔تو نِکو کاری وما بد کردہ ایم　　جرمِ بے اندازہ وبے حد کردہ ایم
۴۲۔سالہا در بندِ عِصیاں گشتہ ایم　　آخر از کردہ پشیمان گشتہ ایم
۴۳۔دائما در فِسق وعِصیاں ماندہ ایم　　ہمقرینِ نفس وشیطان ماندہ ایم
۴۴۔بے گنہ نگذشت برما ساعتے　　باحضورِ دل نہ کردم طاعتے
۴۵۔بردر آمد بندہٴ بگریختہ　　آبروئے خود بعصیان ریختہ
۴۶۔مغفرت دارد امید از لطفِ تو　　زانکہ خود فرمودہٴ لاتقنطوا
۴۷۔بحرِ الطافِ تو بے پایاں بُوَد　　نا امید از رحمت شیطان بُود
۴۸۔نفس وشیطان زد کریما راہِ من　　رحمت باشد شفاعت خواہِ من
۴۹۔چشم دارم از گنہ پاکم کنی　　پیش ازیں کاندر لحد خاکم کنی
۵۰۔اندرآں دم کز بدن جانم بُری　　از جہاں بانور ایمانم بُری

۵۱۔عاقل آں باشد کہ او شاکر بُوَد　　وآنکہے برنفسِ خود قادر بود
۵۲۔ہرکہ خشمِ خود فروخورد اے جواں　　باشد او از رُستگارانِ جہاں
۵۳۔گرچہ درویشی بُوَد سخت اے پسر　　ہم زدرویشی نباشد خُوب تر
۵۴۔ہرکہ اورانفسِ توسَن رام شد　　از خرد مندانِ نیکو نام شد
۵۵۔درریاضت نفسِ بَدرا گوشمال　　تا نیندازد تُرا اندر وبال
۵۶۔آنکہ رنجا ند تُرا عذرش پزیر　　تا بیابی مغفرت بر وے مگیر
۵۷۔حق ندارد دوست خلق آزار را　　نیست ایں خصلت یکے دیندار را
۵۸۔رَو زُبان از غیبتِ مردم بہ بند　　تانہ بینی دست وپائے خود بہ بند

۵۹۔گر خبر داری زحیِّ لا یموت　　بر دہانِ خود بنہ مُہرِ سکوت

۶۰۔دل زپُر گفتن بمیرد اندر بدن　　گرچہ گفتارش بُوَد دُرِّ عدن

۶۱۔ہر کہ او بر عیبِ خود بینا شود　　رُوحِ او را قُوّتے پیدا شود

۶۲۔چوں شِکم را پاک داری از حرام　　مردِ ایماندار باشی وَالسّلام

۶۳۔ہرکہ باطِن ازحرامش پاک نیست　　رُوحِ اورا راہ سُوِ اَفلاک نیست

۶۴۔ہرکہ رااندر عمل اِخلاص نیست　　در جہاں از بندگانِ خاص نیست

۶۵۔عدل باید بادشاہاں را و داد　　تا زِ عدلش عالَمے گردند شاد

۶۶۔گر کند آہنگِ ظلمے پادشاہ　　سُوْد نکند مرد را گنج و سپاہ

۶۷۔اے برادرگر خِرد داری تمام　　نرم وشیریں گوئی بامردم کلام

۶۸۔درمیانِ دوستاں مسرور باش　　گر خبر داری ز دشمن دور باش

۶۹۔قربِ سلطان آتشِ سُوزاں بود　　با بداں الفت ہلاکِ جاں بود

۷۰۔زالِ دنیاچوں عُروسِ آراست ست　　در دوروزے شُوئے دیگر خواست ست

۷۱۔خواب وخور جُز پیشۂ اَنعام نیست　　خفتگاں رابہرہ از اِنعام نیست

۷۲۔ظاہرِ خود را مَیارا اے فقیر　　تاکہ گردد باطنت بدرِ منیر

۷۳۔مردِ راہ را بُوَدِ دنیا سُود نیست　　ہر گزش اندیشۂ نا بُود نیست

۷۴۔حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است　　دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است

۷۵۔مرد تا ننہد بفرقِ نَفْس پائے　　رہ نُجا یا بد بدرگاہِ خدائے

۷۶۔امر ونہیِ حق ز قرآن گوش دار　　جائے شادی نیست دنیا ہوش دار

۷۷۔اے برادر ترکِ عزّ وجاہ کُن　　خویش را شائستۂ درگاہ کُن

۷۸۔اِکتفا بر روزیٔ ہر روزہ کن　　گرنداری از خدا دریُوزہ کن

۷۹۔چونکہ دل بے یادِ اللّٰہت بوَد　　دیوِ ملعون یار و ہمراہت بوَد

۸۰۔مالِ دنیا خاکساراں را دہند　　آخرت پرہیزگاراں را دہند

۸۱۔فقرِ خود را پیشِ کس پیدا مکن — محنتِ امروز را فردا مکن
۸۲۔مر ترا آنکس کہ فردا جاں دہد — غم مخور آخر کہ آب وناں دہد
۸۳۔بر توکّل گر بود فیروزیت — حق دہد مانندِ مُرغاں روزیت
۸۴۔جنبشے کن اے پسر غافل مباش — چوں بلی گفتی بہ تَن تنبل مباش
۸۵۔وقتِ طاعت تیز رو چوں باد باش — وز ہمہ کارِ جہاں آزاد باش
۸۶۔منزلت دور ست وبارت بس گراں — کوششے کن پس مَماں از دیگراں
۸۷۔نیست برتن بہتر از تقویٰ لباس — در تکلف مَردُ را نبوَد اَساس
۸۸۔خود ستائی پیشہء شیطان بوَد — ہر کہ خود را کم زند مرداں بوَد
۸۹۔گفت شیطان من زآدم بہترم — تا قیامت گشت ملعون لاجَرم
۹۰۔از تواضع خاک مردم می شود — نورِ نار از سرکشی گم می شود
۹۱۔شد عزیز آدمؑ چو استغفار کرد — خوارشد شیطان چو استکبار کرد
۹۲۔ہر کہ خَلق از خُلقِ اوخوشنود ست — ہیچ قدرش بر درِ معبود نیست
۹۳۔روئے جنت راکجا بیند بخیل — پشہء افتادہ زیرِ پائے پیل
۹۴۔تادِلت آرام یا بد اے پسر — بُود و نا بُودِ جہاں یکسر شمر
۹۵۔ہر چہ باشد در شریعت ناپسند — دور باش از وے چوہستی ہوشمند
۹۶۔بہر زر متائے دنیا دار را — تاچہ خواہی کر دن ایں مُردار را
۹۷۔مال وزرِ بے حد بدست آوردہ گیر — بعد ازاں در گور حسرت بردہ گیر
۹۸۔عام را نبود بجز ذکرِ زباں — ذکرِ خاصاں باشد از دل بیگماں
۹۹۔ذکر بے تعظیم گفتن بدعت است — واندر آں یک شرطِ دیگر حرمت است
۱۰۰۔لبِ مُجباں جزبذکرِ کرِدگار — زانکہ پاکاں را ہمیں بُوَد ست کار
۱۰۱۔حرص بگذار وقناعت پیشہ کن — آخر از مُردن یکے اندیشہ کن
۱۰۲۔بندہ را گر نیست درکارِ رضا — کے تواند باز گرداند قضا

۱۰۳۔ہر کہ او استیزہ با سلطان کند — کارِ خود را سر بسر ویراں کند

۱۰۴۔نشنود از دوست مُدبَر پندرا — از جہالت بگسُلد پیوند را

۱۰۵۔عبرتے گیراز زمانہ اے جواں — تا نباشی از شمارِ مدبراں

۱۰۶۔ذرہَ آتش چو شد افروختہ — بِنی از وے عالمے را سوختہ

۱۰۷۔آتشِ اندک تواں کُشتن بآب — وائے آں ساعت کہ گیرد التہاب

۱۰۸۔گر ترا از دوستا ں آید عتاب — کم بقا باشد چو خط برروئے آب

۱۰۹۔زاغ چوں فارغ زبوئے گل بُو د — نفرتش از صحبتِ بلبل بود

۱۱۰۔علم را بے عقل نتواں کار بست — پیش بے عقلاں نمی باید نشست

۱۱۱۔بےخرد دانش وبال ست اے پسر — علم مرغ وعقل بال است اے پسر

۱۱۲۔ہر کہ علمے دارد و نبود بر آں — از طریقِ عقل باشد برکراں

۱۱۳۔ہر کہ بے اندیشہ گفتارش بود — پس ندامتہائے بسیارش بود

۱۱۴۔چو ں سوال آورد گردد خوار مرد — ماند تنہا ہر کہ استخفاف کرد

۱۱۵۔ہر کہ نکند احتیاطِ کارہا — بردلش آ خر نشیند بار ہا

۱۱۶۔وائے مسکین کہ غرقِ وام شد — ہر دمش از غصہ خوں آشام شد

۱۱۷۔آنکہ کارش بر مرادِ دل بود — در بقا افز ونیش حاصِل بود

۱۱۸۔ہر کہ آہنگِ سُبکساری کند — زآبروئے خویش بیزاری کند

۱۱۹۔جز حدیثِ راست بامردم مگوی — تا نگردد آبرویت آبجوی

۱۲۰۔تا بماند رازت از دشمن نہاں — سِرِّ خود با دوستاں کمتر رساں

۱۲۱۔جبروحلم تریاقِ دل اند — حرص وبغض وکینہ زہرِ قاتل اند

۱۲۲۔فخرِ جملہ عملہا ناں دادن است — در بروئے دوستاں بکشادن است

۱۲۳۔تکیہ کم کن خواجہ برکردار خویش — دل بِنہٖ بررحمتِ جبّارِ خویش

۱۲۴۔بہترینِ خصلت اگردانی کراست — آنکہ داد انصاف وانصافش نخواست

۱۲۵۔از خدا خواہ آنچہ خواہی اے پسر — نیست در دستِ خلائق خیر و شر
۱۲۶۔بندگان را نیست ناصر جز اللہ — یاری از حق خواہ واز غیرش مخواہ
۱۲۷۔آنکہ از قہرِ خدا ترسد بسے — بیگماں ترسند از وے ہر کسے
۱۲۸۔سفلہ را بامروّت تنگری — ہیچ بد خوئے نیابد بہتری
۱۲۹۔صدقہ کالودہ گردد باریا — کے بود آن خیر مقبولِ خدا
۱۳۰۔تاتوانی دور باش از سود خوار — زانکہ ہست از دشمنانِ کردگار
۱۳۱۔آنکہ باتو روزِ غم بود ست یار — روزِ شادی ہم پرُسش زینہار
۱۳۲۔معرفت فانی شدن دروے بود — ہر کہ فانی نیست عارف کے بود
۱۳۳۔ہمتِ عارف لقائے حق بود — زانکہ درحق فانی مطلق بود
۱۳۴۔بندہٗ چوں خدمتِ مرداں کند — خدمتِ او گنبدِ گرداں کند
۱۳۵۔می دہد ہر خادمے رامستعان — اجر ومزدِ صائماں وقائمان
۱۳۶۔ہر کہ خادم شد جنانش می دہند — ہم ثوابِ غازیانش می دہند
۱۳۷۔ہر کراشد طبع از مہماں ملول — از وے آزردہ خداؤ ہم رسول ﷺ
۱۳۸۔ہر کہ مہمان را بروئے تازہ دید — از خدا الطافِ بے اندازہ دید
۱۳۹۔از وفاتِ دشمناں شادی مکن — از کسے پیشِ کس آزاری مکن
۱۴۰۔ہر سحر بر خیز واستغفار کن — فرصتے اکنوں کہ داری کارکن
۱۴۱۔تاتوانی حاجتِ مسکین برآر — تا برآرد حاجتت را کردگار
۱۴۲۔ہر کہ باندک زحق راضی شود — حاجتِ او را خدا قاضی شود
۱۴۳۔در رخِ مردِ سخی نور وصفا ست — زانکہ در جنت قرینِ مصطفےٰ ست
۱۴۴۔گرفرح داری زفضلِ حق رواست — لیک از دنیا فرح جستن خطا ست
۱۴۵۔تا فزاید قدرو جاہت را خدا — روز وشب می باش دائم در دعا
۱۴۶۔گر بخوانی اب ومامت را بنام — نعمتِ حق برتو می گردد حرام

۱۴۷۔از گدایاں پار ہائے ناں مخر زانکہ می آرد فقیری اے پسر
۱۴۸۔خرج را بیرون زا ندازہ مکن خشک ریشِ خویش را تازہ مکن
۱۴۹۔از حضورِ صالحاں صالح شوی ور نشینی با بداں طالح شوی
۱۵۰۔ہر کہ او با صالحاں ہمدم شود در حریمِ خاصِ حق مُحرَم شود
۱۵۱۔ہر کہ در راہِ حقیقت سالک است روز وشب خائف زقہر مالک است
۱۵۲۔بر سرِ بالینِ بیماراں گذر زانکہ ہست ایں سُنّتِ خیرالبشر ﷺ
۱۵۳۔آنکہ خنداند یتیمِ خستہ را باز یابد جنتِ در بستہ را
۱۵۴۔چوں یتیمے را کسے گریاں کند مالک اندر دوزخش بریاں کند
۱۵۵۔تاشود دین تو صافی چوں زُلال باش دائم طالب قُوتِ حلال
۱۵۶۔ہر کہ او ترکِ اقارب میکند جسمِ خود قُوتِ عقارب میکند
۱۵۷۔گر چہ خویشاں تو باشند از بداں بد تر از قطعِ رَحم چیزے مداں
۱۵۸۔اے پسر خود را بدرویشاں سُپار تا نگہدارد ترا پروردگار
۱۵۹۔بافقیراں ہر کہ ہمدم می شود در سرائے خُلد مَحرم می شود
۱۶۰۔در بلا یاری مخواہ از ہیچ کس زانکہ نبود جزخدا فریاد رس
۱۶۱۔ہر کجا تہمت بود آنجا مرو راہِ حق را ہمچو نا بینا مرو
۱۶۲۔شاد اگر داری درونِ خستہ را بازیابی جنتِ در بستہ را
۱۶۳۔یاالٰہی رحم کن برما ہمہ عفو کن جملہ گناہِ ماہمہ
۱۶۴۔عاجزیم و جرمہا کردہ بسے نیست مارا غیرِ تو دیگر کسے
۱۶۵۔گر بخوانی در برانی بندہ ایم ہر چہ حکمِ تست زاں خُرسندہ ایم
۱۶۶۔ہر کہ اینہارا بداند عاقل است وانکہ اینہا کار بندد کامل است
۱۶۷۔در جوِ ارِ انبیاء دارالسّلام ہمنشینِ اولیاء باشد مُدام
۱۶۸۔یاربّ آں ساعت کہ جاں برلب رسد جسمِ پژمُردہ بتاب و تب رسد

۱۶۹۔شربتِ شہدِ شہادت نوشیم خِلعتِ راہِ سعادت پوشیم
۱۷۰۔چوں ندارم در دو عالم جز توکس ہم تو می باشی مرا فریاد رس

۱۷۱۔رحمتے ماند بسے از ذوالجلال بر رُوانِ پاکِ آں صاحبِ کمال
۱۷۲۔کیں ہمہ دُرّ ہا بنظم آوردہ است غوطہا در بحرِ معنیٰ خوردہ است
۱۷۳۔سینہارا خامشی گنجینہ گوہر کند یاددارم از صدف ایں نکتہ سربستہ را
۱۷۴۔بطبعم ہیچ مضمون بہ زِلب بستن نمی آید خموشی معنئ دارد کہ در گفتن نمی آید
۱۷۵۔اہل دیں را ایں کافی بود اہل دنیا را ہمیں وافی بود

احوالِ زندگی شیخ فرید الدّین عطّارؒ

نام: محمد بن ابوبکر ابراہیم بن اسحاق

لقب: فرید الدّین ابو حامد اور ابو طالب کنیت ہے۔فرید تخلص ہے اور آبائی پیشہ کے اعتبار سے عطّار بھی مشہور ہیں۔

پیدائش: ۵۱۳ھ میں گدہ کن نامی قصبہ جو نیشاپور کے علاقہ میں ہے، وہاں پیدا ہوئے۔
آپ کے والد گرامی مشہور عطار تھے۔چنانچہ ابتدائی ایام زیست میں اسی سے متعلق رہے غالباً فن طب انہی اوقات میں حاصل کیا۔دسترس کیا ید طولیٰ کے مالک ہوئے۔فن طب میں شیخ کے اساتذہ کا نام یا کسی جامعہ و مدرسہ کا نام ہنوز پردۂ خفا میں ہے۔بہر حال آپ کا اپنا مطب تھا جس میں سینکڑوں مریض روزانہ آتے تھے اور اسی دوران شیخ تصنیف و تالیف کے شغل سے بھی لاتعلق نہ رہے۔تصوّف آپ کا پسندیدہ موضوع ہے۔

آپ علم تصوّف اور علم اخلاق کے سر برآوردہ اور سر خیل لوگوں میں سے ہیں۔ناموری اور شہرت آپ پر بجا طور پر فخر کناں ہے آپ ایسے نامور اساتذہ فن میں سے ہیں کہ جن کے اقوالِ زرّیں اور جواہرِ حِکَم پر آج تک لوگ سر دھنتے ہیں اور ان کی عقدہ کشائی پر رطب اللسان ہیں۔اس کائنات رنگ و بو میں اور اس عالم کون و مکان میں کتنے ہی ایسے نامور اور عظیم ابطال آئے ہیں کہ جن کے اس جریدۂ عالم پر نقش دوام ثبت ہیں اور جن کے برگ سبز

کوخزاں کی چیرہ دستیاں خشک نہ کرسکیں۔ان کے گلہائے تروتازہ کی لطافت ونزاکت اور رنگ وخوشبو کو گردش لیل ونہار مدھم ودھیما نہ کرسکی بلکہ ان کی خوشبو چمن سے بیرون چمن بھی پہنچی۔چنانچہ شیخ عطارؔ بھی مشرق کے ان علمائے ربانیین میں سے ہیں کہ جن کا شہرہ اور ناموری تمام حدود کو عبور کرتی ہوئی مغرب کے دیار میں پہنچی اور ان کے علم واخلاق کے چشمۂ شیریں وصافی سے اپنے اور بیگانے بیک وقت شادکام ہوئے اور کئی گم گشتہ راہ ہدایت یافتہ ہوئے فنافی اللہ اور بقاباللہ کے روحانی مدراج طے کرنے کے بعد جو اقوال ایسے حق وخود آگاہ لوگوں کی زبان سے نکلتے ہیں یا ان کی نوک قلم صفحۂ قرطاس پر تسوید کرتی ہے۔تو حضرت حق ایسے اقوال اور تحریروں کو حیات جاوید عطا فرماتے ہیں جو مرور وقت کے ساتھ ساتھ روشن تر ہوتے جاتے ہیں۔چنانچہ اسی پس منظر میں آپ محض ایک ادیب یا شاعر ہی نہیں بلکہ ایک عظیم اور نامور معلم اخلاق اور علم تصوف کے ماہر ترین اتالیق بھی ہیں۔

اس دور کے طور، طریق کے مطابق شیخ نے بھی سیاحی کی۔پتہ نہیں کیسے تصنیف وتالیف کا شغل اور مطب میں دکھی انسانیت کی خدمت کو خیر باد کہا، سب کچھ تیاگ دیا اور راہ خدا میں لٹا کر سوئے منزل حقیقی گامزن ہوئے۔کیوں؟ اصل سبب کیا تھا؟ ناقدین ومؤرخین اس کو مانیں یا نہ مانیں۔اس کو صحیح اور درست تسلیم کریں یا نہ کریں۔بہر حال شیخ جامیؒ نے یہی لکھا ہے کہ، دکان کے کاروبار میں منہمک تھے کہ ایک روز اچانک ایک فقیر آیا اور اس نے خدا کے نام پر سوال کیا۔اس کی صدا شاید شیخ کے کانوں تک نہ پہنچ سکی ہو یا توجہ وانہماک کی وجہ سے دھیان نہ ہوا ہو۔فقیر نے بگڑ کر کہا کہ دنیا میں اتنا انہماک! مرو گے کیسے؟ غصیلا جواب فطری امر تھا۔شیخ نے فرمایا، تیری مثل،۔فقیر یہ سنتے ہی کاسہ گدائی کو سر کے نیچے رکھ کر دراز ہو گیا اور اللہ اکبر کہہ کر جاں جان آفرین کے حوالے کر گیا۔بعض روایات میں ہے کہ الا اللہ کا نعرہ لگا کر وہ جاں بحق ہو گیا۔

نفس وحیات پر اس قدر قدرت وتصرّف کو دیکھ کر شیخ حیران اور دم بخود رہ گئے۔وار کاری تھا، اثر کر گیا۔دل کی دنیا اتھل پتھل ہو گئی اب نہ چین تھا نہ سکون اور نہ قرار۔دکان

ومال خیرات کر کے شیخ تارک الدنیا ہو گئے۔

نسبت بیعتِ ارشاد و توبہ میں آپ کا سلسلۃ الذہب شیخ مجد الدّین بغداد خوارزمی سے ملتا ہے جو شیخ نجم الدّین کُبریٰ کے مشہور خلیفہ تھے۔

آپ کے احوال و واقعات تقریباً تمام کتب میں دستیاب ہیں اور بلا خلاف بھی۔ شیخ کی عظمت و جلالتِ علمی کے لیئے کافی اور بس ہے کہ مولائے روم، شیخ جلال الدّین رومیؒ بھی بچپن میں آپ کی خدمت میں باریاب رہے ہیں۔ اسی دوران شیخ فریدؒ نے اپنا رسالہ ''اسرار نامہ'' انہیں عطا فرمایا تھا۔ ''حیدری نامہ'' کے حوالہ سے یہ سمجھ آتا ہے کہ آپ نے ابتدائی مقامات سلوک اور تعلیمِ تصوف قطب عالم حیدرؒ سے حاصل کی تھی۔ آپ کی تصنیفات و تالیفات کے مطالعہ سے آپ کی وسعت علمی اور عمقِ مطالعہ کا احساس ہوتا ہے۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ آپ کی جملہ تصانیف کا محور و مرکز اخلاق عالیہ کی تدریس اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا احیاء ہے۔ یہی نہیں بلکہ وہ ان تعلیمات کی بھٹی سے کُندن بن کر نکلنے کی تاکید کرتے ہیں اور سب سے پہلے خود ان پر عمل پیرا بھی ہوئے ہیں اور یقین کے نور سے منور و روشن ہو کر پھر داعی و مصلح بنے ہیں۔

آپ کی جملہ تصانیف کی تعداد ۱۱۴ تک ہے جیسا کہ مشہور ہے کہ آپ کی مثنویوں کے علاوہ تقریباً چالیس ہزار اشعار مزید بھی ہیں۔ جو شیخ کی دستگاہ و دسترس کے تعمق کا گہرا احساس و ادراک کا شعور دلانے کو کافی ہے۔ اسرار نامہ، الٰہی نامہ، مصیبت نامہ، جواہر الذّات، وصیت نامہ، بلبل نامہ، حیدر نامہ، شتر نامہ، مختار نامہ، شاہنامہ، منطق الطیر، آپ کی مشہور کتب ہیں۔ طرز بیان اور انداز کلام سے ہر ایک مصنف کے رجحان کا اندازہ، علمی ادراک رکھنے والوں کو بخوبی ہو جاتا ہے اور وہ سچے موتیوں کو جھوٹے موتیوں سے ایک ماہر جوہری کی طرح پہچان لیتے ہیں۔ چنانچہ ہر مشہور آدمی کے طرح آپ کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا کہ آپ کی شہرت علمی سے متاثر ہو کر چند اور لوگوں نے آپ کے نام سے منسوب کر کے، بعض کتب مدوّن و مرتب کر کے، یا لکھ کر ملحق کردی ہیں ان کے مطالعہ سے ادنیٰ

ممارست علمی رکھنے والا بھی بخوبی یہ پہچان لیتا ہے کہ یہ انداز تحریر حضرت شیخ کا نہیں ہے۔ چنانچہ ان کے طرز بیان اور اسلوب کلام کے ممتاز ونمایاں ہونے کی وجہ سے محققین کا یہ خیال ہے کہ بعض کتابیں غلط طور پر آپ سے منسوب کر دی گئی ہیں۔ اسی سلسلہ کی شاخسانہ ایک کتاب ''مظہر العجائب'' غلط طور پر آپ کی طرف منسوب ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر بعض خام اور کم عقل لوگ آپ کو اثنا عشری قرار دے دیتے ہیں۔ حالانکہ شیخ کی ساری زندگی اور دیگر تمام کتب اس کی شاہد عادل ہیں کہ آپ نے تمام عمر خلفائے راشدین کی مدح سرائی میں بسر کی ہے اور ان کو برملا حق کہا ہے۔ چنانچہ عدل وانصاف سے یہ بعید ہوگا کہ غلط طور پر منسوب کی گئی ایک بے ذوق اور بے مزہ مواد وتحریر والی کتاب کو بنیاد بنا کر رفض کو شیخ کی طرف منسوب کر دیا جائے۔

حضرت شیخ فرید الدین عطارؒ کی تاریخ وصال میں اقوال مختلف اور متفرق ہیں۔ البتہ شیخ جامیؒ نے ۶۲۷ھ تحریر فرمائی ہے۔ آپ کی شہادت کے بارے مشہور قول ہے کہ فتنہ تاتار کے دوران آپ ایک مغل کے ہاتھوں شہید ہوئے اور جب اس مغل کو آپ کی عظمت وشہرت اور مقام علمی کا پتہ چلا تو ان کی بزرگی وجلالت سے متاثر ہو کر اپنی خطا پر نادم ہوا اور مسلمان ہو کر آپ کی قبر انور پر مجاور بن گیا۔ سبحان اللہ آپ کی وفات بھی ایک بے دین کی ہدایت کا سبب بن گئی۔ شیخ عطارؒ کا مقبرہ نیشاپور کے اطراف میں آج بھی مرجع خاص وعام ہے۔ تصوف میں مقام ومرتبہ کے تعین کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ مولانا رومؒ جیسا شخص اپنے کو آپ کا پیروکار قرار دیتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ مُّحِبِّیْہِ وَمُتَّبِعِیْہِ۔ آمین

احوال شیخ مصلح الدّین سعدی شیرازی

مصلح الدّین لقب اور سعدی تخلص فرماتے تھے۔ والد گرامی اتابک سعد بن زنگی بادشاہ شیراز کے درباری ملازم تھے۔ اسی نسبت سے سعدی تخلص تھا سن ولادت کے بارے حتمی طور پر کچھ مذکور نہیں۔ پردۂ خفا میں ہے۔ لیکن وفات پر سب متفق ہیں کہ حو ۶۹۱ھ میں ہوئی۔ عمر کی مدت بھی عام تذکروں میں مختلف فیہ ملتی ہے۔ کہیں ۱۲۰ سال اور کہیں ۱۰۲ سال۔ مؤخر کو ہی اگر تسلیم کرلیا جائے تو اس حساب سے سال ولادت غالباً ۵۸۹ھ قرار پاتا ہے۔

شیخ کی اپنی تصریح کے مطابق کہ وہ یکے از شاگردان ابوالفرج ابن جوزیؒ ہیں۔ آپ بغداد کے مشہور محدّث مگر بے رحم نقادّ بھی تھے اور اپنے گھر ہی درس دیا کرتے تھے۔ شیخ علامہ ابن جوزیؒ کا سن وصال ۵۹۷ھ ہے۔ تو یوں بچپن میں ہی آپ تحصیل علم کے لئے عازم بغداد ہوئے ہونگے جبکہ آپ کی تحریروں سے آپ کی بچپن کی ابتدائی تعلیم زیر سایہ پدر تحصیل ہوتی نظر آتی ہے اگرچہ والد گرامی کا سایہ بچپن سے ہی سر سے اٹھ گیا تھا اور مادر مہربان جوانی کے زمانہ تک بقید حیات تھیں۔ کیونکہ شیخ کی ایک حکایت سے اس کی بھی تصریح ہوتی ہے۔ بچپن کے حالات کچھ تو تذکرہ نویسوں نے اکٹھے کئے ہیں اور کچھ آپ نے خود اپنے بچپنے کے واقعات نظم فرمادیے ہیں جو بالارادہ نہیں بلکہ ضرورتاً حکایتوں یا نظموں کا حصہ بنے ہیں۔ اس لئے شیخ کے بیانات سے بہت سی دلچسپ باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

شیخ کو والد گرامی محبت اور مزید تعلیم و تربیت کے خیال سے ہمیشہ ساتھ رکھتے تھے۔ ان کے والدان کی تربیت گویا ایک عارف و سالک کی طرح کرتے تھے جو اپنے کسی مرید کو زیر نگاہ پروان چڑھاتا ہو اور اس کی روحانی تعلیم بھی کرتا ہو۔ مگر وائے شیخ بوجہ وفات پدر، شفقت پدری کے ساتھ اس ناز و نعمت سے بھی محروم ہوگئے جو شیخ کو زیر سایۂ پدر میسر تھی۔ لہٰذا سامان راحت و آرام جاتا رہا۔ لیکن والدہ ماجدہ ابھی زندہ تھیں چنانچہ جوانی تک ان سے اخلاقی درس اور سبق کا ثمر شیریں شادکام کرتا رہا۔

شیراز میں تحصیل علم کا ہر سامان اتا بک مظفر الدّین کی وجہ سے میتسر وفراواں تھا۔ لیکن کسب کمال اور تحصیل علوم کی نہایت کو پانے کے لئے اس دور میں ممالکِ دور دراز، امصار بعیدہ کا سفر اور مشہور درسگاہوں میں حاضری غالباً امر لازم خیال ومتصوّر تھا۔ لہٰذا اس زمانہ کی جامعہ، نظامیہ بغداد تھی جس کی شہرت چار دانگ عالم میں ہر سو بسیط تھی۔ شیخ نے نظامیہ بغداد میں تحصیل علوم کی۔

بعد از فراغت وطن مالوف لوٹے تو حالات کو موافق طبع نہ پایا۔ چین، سکون اور آرام میسر نہ ہوا تو سیر وسیاحت کے لئے نکل کھڑے ہوئے۔ عام تذکرہ نویسوں کے مطابق یہ مدت دراز بیس ۲۰ سال بنتی ہے۔ چنانچہ اس سیر وسیاحت کہ جس کی اغراض مختلف ہوا کرتی ہیں۔ شیخ نے کثیر جہتوں سے رنگ کائنات اور صنعت باری تعالیٰ کو جلوہ گر دیکھا۔ چونکہ شیخ شاعر، صوفی، فقیہہ، واعظ، رند، حسن پرست، فطرت پرست، شوخ طبع اور نہایت دقیق النظر تھے۔ اس لئے انہوں نے عالم بوقلموں کی نیرنگی کو اور اس تماشا گاہ عالم کو ہر ہر پہلو اور ہر ہر زاویہ سے دیکھا ہوگا بچپن کی تربیت سے طبع میں زہد وریاضت بھی تھا اور باریک بینی کی وجہ سے نکتہ رس بھی تھے حج وزیارت بھی سامان زیست میں تھا نفس کشی بھی کرتے تھے۔ صبر ورضا کی تعلیم اگر زیب داماں تھی تو تصوف وسلوک کی تعلیمات میں شیخ شہاب الدّین سہروردیؒ کے چشمہ فیض رسا سے سیراب شدہ اور حظّ یافتہ تھے۔ سیاحت کی بدولت ہی تو تزکیہ نفس کے تمام مراحل ومراتب طے کئے۔

شیخ کی آزادروی اور تجرّد وتفرید پسندی سے یہ قیاس کہ وہ عیال داری اور خانہ گیری کے جھگڑوں میں نہیں پڑے ہونگے مگر تاریخی اور ان کی اپنی تحریروں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے اس تجربہ گاہ کی بھی سیر کی ہے۔ بیت المقدس میں قید ہونا اور رہا ہو کر حلب میں اپنے چھڑانے والے کی زباں دراز صاحبزادی سے اور دوسری مرتبہ صنعاء (یمن) میں نکاح کا اتفاق ہوا۔ اور اس سے اولاد بھی پیدا ہوئی جو بچپنے میں ہی جاتی رہی اور اس پر شیخ دکھی اور آزردہ بھی ہوئے۔ ''بوستان'' میں اس کی تفصیل درج ہے۔

نمودند	کارکنان قضا و قدر یا مؤکلانِ صبح و شام و زمانہ نے ظاہر کر دیا۔
آئینہ صبح	صبح کے صاف شفاف آئینہ میں
کز عمر	کہ از عمر، زندگی سے
شبے	ایک رات

رباعی نمبر ۳

کُہنہ رباط	پرانی سرائے، دنیا
اَبلق	دن اور رات
بزم	ایسی محفل و مجلس اور رونق گاہ ہے
وامانده	پیچھے رہ جانے والا یا والی، باقی
صد جمشید	سینکڑوں بادشاہ، جمشید جیسے
گوریست	ایسی قبر یا قبرستان کہ
خوابگاہ	سونے کی جگہ، آرامگاہ
صد بہرام	سینکڑوں بہرام جیسے بادشاہ

☆ نیست درخشک و تر بیشہ من کوتاہی
چوبِ ہر نخل کہ "منبر" نشود، دار کنم
(نظیری نیشاپوری)

(از مثنوی شریف، مولانا رومیؒ)

نمبر ۱

دِی	گذشتہ روز، کل
شیخ	بوڑھا بزرگ انسان
باچراغ	چراغ بدست
ہمی گشت	گھوم رہا تھا، چکر لگاتا تھا

گردِ شہر	شہر کے اردگرد مراد شہر میں
کز	کہ+از
دام	جال، پھندا، چرندہ چوپایہ ہرن
دَدْ	درندہ چوپایہ، شیر چیتا بھیڑیا وغیرہ دَدَہْ بھی آتا ہے اس سے مراد چرندہ چوپایہ ہے مثلاً ہرن، بارہ سنگھا وغیرہ۔
مَلُولم	ملول+م، غمگین رنجیدہ اداس مراد میں اکتایا ہوا ہوں تنگ آیا ہوا ہوں۔
اِنسانم۔	انسان+م، مجھے انسان جو اسم بمسمّٰی ہو اور درحقیقت شرف انسانیت سے مزین ہو۔
آرزوست	آرزو اور تلاش ہے
زیں	از+ایں، ان، سے
ہمرہانِ	ہمراہ کی جمع، ساتھی، شریک سفر ساتھ چلنے والے شرکاء سفر۔
سُستْ عناصر	عنصر کی جمع، اصل بنیاد۔
	غافل، جو چست نہ ہو مراد سست نہاد، بطیی سرشت ہے
دِلم	دل+م گرفت، رنجیدہ ملول غمگین، ناخوش
شیرِ خدا	حضرت علیؑ کا لقب اسد اللہ کا فارسی میں ترجمہ مراد بہادر انسان ہے۔
رُستم دستانم	مشہور ایرانی بہادر سپہ سالار (رستم داستاں+م) بہادری سے کنایہ ہے
یافت می نشود	جو پایا نہیں جاسکتا ناممکن الحصول
جُستہ ایم	ہم نے ڈھونڈھا اور تلاش کیا ہے اور، جس کی ہمیں تمنا اور آرزو و تلاش ہے۔
گفت	کا فاعل شیخ باچراغ ہے
آنکہ	وہ جو کہ
آنم	مجھے اسی کی (آرزو و تمنا ہے)
نمبر ۲	
فلسفی	عقل کا نمائندہ جو ہر چیز میں عقل کو معیار بناتا ہے،

لفظ	معنی
	اور ظاہری علت پر حکم لگاتا ہے۔
کو	کہ+او، جو
منکر	انکار کرنے والا
حنّانہ	ستون جو کھجور کا تھا اور اس پر آنحضور ﷺ تکیہ لگا کر خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے، (نوحہ وغم کرنیوالا)
حواسِ انبیاء	حاسہ کی جمع، قوّت جو مُدرِکِ علم ہو، جس سے کسی وجود یا شئی کا علم ہو۔

☆ انبیاء کرامؑ کے حواس عام انسان سے مختلف ہوتے ہیں۔

لفظ	معنی
بیگانہ	لاتعلق مراد ناواقف، ناآشنا ہے
اُستنِ حنّانہ	ستون حنّانہ (کھجور کا تنا)
درہجرِ رسول	فراق رسول کریم ﷺ میں
نالہ می زد	روتا تھا، نالہ وفریاد کرتا تھا
ہمچو اربابِ عقول	جیسے صاحبِ عقل ودانش روتے ہیں۔
اَشقیاء	شقی کی جمع، بدبخت لوگ
	جو سعادت سے محروم ہوتے ہیں۔
دیدۂ بینا	حقیقی طور پر روشن آنکھ، حقیقت شناس نظر
نبود	نہ ہے، مراد محروم ہیں
نیک وبد	اچھا برا انسان
در دیدۂ شاں	ان کی آنکھ میں، انکی نظر میں
یکساں	برابر، ایک جیسا، مساوی
نمود	نمودن، دکھائی دینا، ظاہر ہونا
ہمسری	مساوات، برابری، (کا دعویٰ)
باانبیاءؑ	انبیاء کرامؑ کے ساتھ
می داشتند	کرتے تھے، مراد کیا ہے
اولیاء را	ولی کی جمع، اللہ کے دوست جو مقربان بارگاہ الٰہی ہوتے ہیں، محبوبان خدا کو۔
ہمچو خود	اپنی مثل، اپنے جیسا
پنداشتند	سمجھا، خیال کیا، جانا
گفت	اس کا فاعل فلسفی وفلسفہ

	دان ہے
اینک	یہ کہ
مابشر	ہم انسان ہیں
ایشاں بشر	اور وہ بھی انسان ہیں
ماؤ ایشاں	ہم اور وہ
بستۂ	(خوابیم وخور) خواب اور کھانے پینے میں کوئی فرق نہیں، بندھا ہوا، محتاج
ایں ندانستند	انہوں نے یہ بھی نہ جانا
ازعمیٰ	اندھے پن کی وجہ سے
..	ہست فرقے؛ فرق ہے (جو بے انتہا ہے) جیسے بُعد المشرقین اور بُعد المغربین ہے
ہر دو گوں	ہر دو نے ایک ہی جیسا دونوں قسمیں
زنبور	بھڑ، شہد کی مکھی
ازمحل	ایک ہی جگہ یعنی باغ سے (پھلوں کا رس چوسا اور نچوڑا)
نیش	ڈنگ

نیش زدن	ڈنگ مارنا
وزاں دیگر	اور دوسری سے شہد (عسل بنا)
آہو	ہرن
گیاء	ایک ہی مرغزار سے پانی پیا اور گھاس کھائی۔
سرگیں	مینگنیاں، (لید، بیٹ، گوبر)
مُشکِ ناب	خالص کستوری، نافہ
نَے	سرکنڈا، نرکل
آب خور	خوراک غذا
یکے خالی	بانس جو خالی ہوتا ہے
شکر	گنا جو میٹھی رس سے بھرپور ہوتا ہے
صد ہزاراں	لاکھوں
ایں چنیں	ایسی ہی
اَشباہ	شِبہ کی جمع، مثالیں، امثال
فرقِ شاں	ان میں جو فرق اور امتیاز ہے
ہفتاد وسالہ	ستر برس کی راہ حائل ہے، مسافت

(انتخاب از کلام خسروؒ)

غ نمبر ا

آرزوئ دیدہ — آنکھ کی آرزو وتمنا اور تلاش

درہوائ تست — تیری محبت وعشق میں ہے

اسیر — قیدی

سِلسلہ مُشکسائی — محبوب کی مشک فشاں اور عنبر ریز زلفوں کا سلسلہ و زنجیر۔

رَہی — نوکر، غلام، مسافر راہگیر

رہیدن — چھٹکارا پانا چھوٹنا رہائی

☆ پہلا رہی کا معنیٰ چھٹکارا پائے، رہائی پائے دوسرے رہی کا معنیٰ غلام ونوکر، خادم ہے۔

گہ — گاہ، کبھی، گاہے

خشم — غصہ، غضب

کَرِشمہ — ناز غمزہ (کَرِشم آنکھ اور بھنووں کا اشارہ، غمزہ)

عِشوہ — عاشق کو فریفتہ کرنے والی معشوق کی ادا اور حرکت، نازوفریب۔

ناز — لاڈ، پیار، فخر، بے پروائی

کسے کہ — جو بھی (مسکین و بیچارہ ہے)

شیفتہ — دیوانہ، مدہوش، عاشق، حیران

مُبتَلا — گرفتار بلاء، پھنسا ہوا، آزمایا ہو

تاچند — کب تک؟

تیغ برکشی — تو تلوا رسونتے گا، اور چلائے گا

سرطلب کنی — اور عاشقوں کے سرمانگے گا یعنی قربانی طلب کرتا رہے گا۔

اِینک — یہی تو (وہ سر ہے جو کہ)

فِدائ خنجرِ تسلیم — تسلیم ورضا کے خنجر کا کشتہ (جوسراپا تسلیم ورضا ہو اور فداوقربان ہو)

اَبر گشت زآبِ چشم — اسکے آنسووں کی کثرت روانی سے پانی بادل بن گیا ہے (ابر، آب+ر کلمہ نسبت سے مرکب ہے)

مُدّتیست — مدّتے است، مدّت ہوئی ہے کتنے ہی عرصہ سے، یاء کثرت کی ہے۔

دل رفت	دل گم ہوا، کھویا
باز گرد	واپس لوٹ آ۔
خطِ سبز	وہ سبزہ جو عنفوان شباب میں چہرہ پر ظاہر ہوتا ہے، مسّیں بھیگنا۔
برلبِ جاناں	جو محبوب کے ہونٹوں پر ہے۔
خضرؑ	حضرت خضر علیہ السلام (یارحمۃ اللہ علیہ) جو گمراہوں کو رستہ بتاتے ہیں اور ہمیشہ کی زندگی کے مالک ہیں آبِ حیات کے چشمہ کے مقام کو جانتے ہیں۔
آبِ خضر	مراد آبِ حیات ہے
قُرص	گول ٹکیہ، مراد سورج ہے
لبے	ہونٹ مراد بوسہ عطا کر دے
غ نمبر ۲	
بپایاں رسید	انتہا کو پہنچی، ختم ہوئی
برگِ صبوری	صبر کا پھل
کراست	کس کو یارائے صبر ہے؟
رُخِ نیکو	خوبصورت چہرہ
منکرِ	۔مخالف
شوید	ہو جائیں، بن جائیں
سرِ کوئے دوست	محبوب کی گلی سے۔
خمِ ابروئے دوست	محبوب کے ابروؤں کا خم اور ٹیڑھ پن جو مثل محراب ہیں
نفسِ صُبحدم	مراد صبح کی ہوا ہے۔
خستہ دلم	مجھ زخمی دل کو، مجروح کو
بجُو	تلاش کر! ڈھونڈ لینا، امر ہے
درشکنِ موئے دوست	محبوب کی زلفوں کے پیچ میں
بادِ صبا	صبح کو چلنے والی ہوا
برساند	پہنچائے
بوئے دوست	محبوب کی خوشبو
روی بہ ہر سُو	ہر طرف منہ کریں گے اور متوجہ ہوں گے۔
خسروِ مسکین	بیچارہ خسرو
نکرد	مراد نکند، نہیں کرے گا
مَیل	رجحان، جھکاؤ، توجہ

(متفرّق اشعارِ فارسی)

شعرنمبر ۱

خشک وتر	مراد خشک اور تر شاخیں، درخت
بیشہ	جنگل
کوتاہ	خام وناقص، بے قدر
چوب	لکڑی
نخل	کھجور کا درخت مراد کوئی درخت
منبر	بلند جگہ، مقدس ومتبرک، لکڑی کا بنا ہوا جس پر خطیب وواعظ بیٹھ کر وعظ کرتے ہیں۔
دار	سولی، صلیب، عیسائیوں کے نزدیک انتہائی مقدس ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت کی وجہ سے۔

☆ ہر شئی کا کوئی نہ کوئی مفاد ومقصد ہے کوئی شئی عبث نہیں۔

شعرنمبر ۲

شعلہ ہائے او	اس کی قدرت کے ان گنت شعلوں نے۔
صد ابراہیمؑ	سینکڑوں ابراہیمؑ مراد کئی انبیاء ورسل علیہم السلام کا دور گزرا۔
سوخت	جلائے، بھسم کیے
برفروخت	روشن کرے، جلائے، روشن ہو، چمکے

شعرنمبر ۳

عاشقی	مزاج عشق پیدا کر
آموز	سیکھ، آموختن سے امر
محبوبے	کوئی محبوب ڈھونڈ!
قلبِ ایوبے	حضرت ایوب صابر علیہ السلام کا صابر وبرقرار دل (صبرِ ایوبؑ مشہور ہے)
چشمِ نوحے	نوحہ کرنے اور رونے والی آنکھ مراد اشکبار آنکھیں، دیدۂ تر

شعرنمبر ۴

کیمیا	سونا، زر
مشتِ گلے	مٹھی بھر کی مٹی سے مراد قالب انسان، انسانی وجود وپیکر سے۔
بوسہ زن	چوم لے، مراد عجز ونیاز

اور ارادتمند دل کے ساتھ، جھکنا۔

آستان — دہلیز، دربار، بارگاہ

گا ملے — کسی کامل واکمل صاحبدل جو رہبر و رہنما ہو اور گم گشتہ منزل کو بامراد کرے اور ساحلِ مراد تک پہنچائے

شعر نمبر ۵

عاشقانِ او — سرکار دو عالم محمد مصطفیٰ ﷺ کے اصحاب کرامؓ جو آنحضرت کیساتھ عشق کی حدتک محبت کرتے تھے۔

خُوباں — محبوبوں، جن پر جان فدا اور دل نثار کیا جاتا ہے۔

خوبتر — زیادہ اچھے اور بہتر

خوشتر — زیادہ اچھے اور بہتر

زیباتر — زیادہ حسین اور جمیل

محبوب تر — اور زیادہ پیارے اور دل پسند

شعر نمبر ۶

دل — قلب، حالِ دل

زعشقِ او — سرکار مدینہ ﷺ کی محبت والفت سے

توانا — مضبوط، طاقتور، زبردست

خاک الخ — گویا مٹی اور خاک آسمان کے ہم مرتبہ و ہم مقام ہو جاتی ہے۔

ثُریا — کہکشاں، ستاروں کا جھرمٹ مجمع النجوم

شعر نمبر ۷

دردلِ مسلم — مسلمان جس کا دل حرارت ایمان و عشق سے لبریز ہے اس میں۔

مقامِ مصطفیٰ ﷺ — سرکار دو عالم علیہ السلام کا ٹھکانہ

مَسکَن — قرارگاہ

آبروئے ما — ہماری عزت وحرمت

ز نامِ مصطفیٰ ﷺ — صرف اور صرف آپ ﷺ کے نام کا صدقہ اور طفیل ہے۔

شعر نمبر ۸

روزِ محشر — قیامت کے دن

اعتبارِ ما — ہماری عزت وحرمت اور معتبری، فخر وغرور اور بھروسہ

او	آپ ﷺ کی ذات گرامی ہے
پردہ دار	ستر پوش، عیب چھپانے والے

شعر نمبر ۹

خوشتر	بہت اچھی اور بھلی
خنک	ٹھنڈا مراد باعث ٹھنڈک سکون چین اور خوبصورت بھی مراد ہے۔
دِلبر	محبوب مراد ذات محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔

شعر نمبر ۱۰

نُسخۂ کونین	دونوں جہاں کی کتاب
دِیباچہ	دیباچہ، مقدمہ، پہلے آنے والا فاتحہِ فِکرت۔
جُملہ عالَم	سارا جہاں اور اسکے مکین
بندگان	بندہ کی جمع، غلام، نوکر
خواجہ	آقا، مولیٰ، سردار

شعر نمبر ۱۱

کیفیت ہا	کئی کیفیتیں، مستیاں
صَہبا	خالص شراب
تقلید	پیروی کرنا، متابعت کرنا، کامل اتباع
ازاسمائے عشق	عشق کے ناموں میں سے ہے۔

شعر نمبر ۱۲

کاملِ بُسطامؒ	حضرت بایزید بُسطامیؒ، جن کا اصل نام طیفور تھا، مشہور ولی ہوگزرے ہیں متقدمین اولیائے کرام میں سے تھے۔
درتقلیدِ فرد	حدیثِ فرد کی پیروی کرتے ہوئے
ازخوردنِ خربوزہ	خربوزہ پھل کھانے سے رکے رہے۔

شعر نمبر ۱۳

مُحکم شو!	مضبوط اور مستقبل مزاج ہو جا!
کمندِ تو	تیرے جال کا
یَزداں	ذات باری تعالیٰ، خداوندگار
شکار	قید، مراد تجھے قربِ خاص حاصل ہو

شعر نمبر ۱۴

لشکرے	ایک فوج، مراد کثرت ہے
سلطان	بے پناہ طاقت و زور
جلوہ گر شو	اپنے آپ کو نمایاں اور ظاہر کر
بَرسرِ فاران	مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام مراد اسکی چوٹی ہے اس پر توحید کا اعلان کیا گیا اور وہ چاردانگِ عالم میں پھیل گیا۔

شعر نمبر ۱۵

گر نبودے	اگر نہ ہوتی، ذات مصطفیٰ ﷺ
نہ بُردے	نہ حاصل کر پاتے
دولتِ پیغمبری	نعمتِ نبوّت، مقام نبوّت

شعر نمبر ۱۶

حبیب	محبوب جو بہت پیارا ہو
خالقِ یکتا	خدائے وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ
بَرگُزِیدہ	چنے ہوئے مقبول
بے ہَمتا	بے مثل، بے نظیر

شعر نمبر ۱۷

تو دانی	آپ ﷺ کو معلوم ہے
عاجز	بے بس، کمزور، بے ہمت
ماوٰی	پناہ گاہ، ملجاء

شعر نمبر ۱۸

مجبوری	دوری فراق ہجر، جدائی
برآمد	نکل گئی، ہوا ہوگئی
تَرحّم	رحم فرمائیں کرم کی نظر ہو!

شعر نمبر ۱۹

نہ آخر	بالآخر کیا آپ ﷺ نہیں ہیں!
مہجوراں	مراد دردمند اور دکھی لوگ جو بوجہ فراق مصیبت زدہ ہوں۔
چرا	کیوں؟
فارغ نشینی	لفظی معنیٰ آپ ﷺ کیوں بے فکر ہیں مگر مراد معنیٰ ہے کہ آپ ﷺ کیوں مہربانی، کرم اور توجہ نہیں فرماتے ہیں۔

شعر نمبر ۲۰

روزِ امید و بیم	مراد روز قیامت ہے جب تک میزان عدل قائم نہیں ہوگا، انسان امید و یاس

کے درمیان معلّق و مذبذب ہوگا۔

بَداں — بد کی جمع مراد گنہ گار، عاصی

بہ نیکاں — بطفیل نیکاں اور پاکانِ امّت

کریم — دائم و ہمیشہ مہربانی کرنے والی ذاتِ خداوندی۔

شعر نمبر ۲۱

دَرُوْن — مراد من کی دنیا اور اندر کا انسان

(اَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ آیۃ)

آشنا شو — واقف و مطّلع ہو! سفر کر!

بُروں — باہر کی دنیا، تن کی دنیا، ظاہر

بیگانہ — لاتعلق وجدا

☆ من کی دنیا میں ڈوب کر پاجا سراغ زندگی

وش — مثل، مانند، نظر، (خوب وخوش)

اِیں چنیں — ایسی، اس جیسی

زیبا رَوِش — عمدہ و خوبصورت کردار، چال، طرز

کم می بود — خال نظر آنا، کم واقع ہونا۔

شعر نمبر ۲۲

چیست — چہ است، کیا شئی ہے؟

ازیں خوب تر — اس سے زیادہ خوبصورت اور اچھی و عمدہ۔

درہمہ آفاق کار — تمام بلند، اعلیٰ وارفع کاموں میں۔

دوست نزد دوست — محبوب مُحِبّ کے پاس قریب ہو

شعر نمبر ۲۳

مُفلِسانیم — ہم مفلس، خالی دامن

درکوئے تو — تیرے دوار، تیری گلی میں

شَیْئًا لِلّٰہِ — بنام خدا کچھ تو عطا ہو!

ازجمالِ رُوئے تو — اپنے چہرے کے حسن کے جلووں میں سے مراد رخ زیبا کی ایک جھلک۔

☆ غالباً یہ نعت شریف کا شعر ہے۔

شعر نمبر ۲۴

صِبْغَةَ اللّٰہِ — اللہ کا رنگ

☆ صِبْغَةَ اللّٰہِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَةً۔ الآیۃ

دل کو خدا کے رنگ میں رنگ دے۔

ناموس — عزّت وعفت

نام ونگ — غیرت و حیا، لحاظ و شرم حرمت

شعر نمبر ۲۵

طبع — طبیعت ومزاج۔

قاہر — غالب، زبردست، قہر کرنے والا

اَز — اگر، مسلم اگر عاشق ذاتِ خدا و مصطفیٰ ﷺ نہیں تو کافر ہے۔

شعر نمبر ۲۶

دررضائش — اس کی رضا وخوشنودی میں، نعت بھی ہے اور مقامِ بندۂ مومن بھی ہے

مرضیٔ حق — اللہ تعالیٰ کی رضاوخوشنودی

☆مسلمان و مومن نوافل، عبادات اور نیک اعمال کے ذریعے بلندیٔ درجات اور ترقی مقامات یوں حاصل کرتا ہے کہ

؎ گفتۂ اوگفتۂ اللہ بود، گرچہ از حُلقوم عبداللہ بود
اقبال

کے باور مردم — لوگوں کو یہ کیسے یقین ہو! کہ ایسا ہی ہے۔

شعر نمبر ۲۷

شاہد حالش — بندۂ مومن کے احوال کے شاہد عادل اور گواہ۔

☆ آپ ﷺ گواہوں میں سے سب سے سچے گواہ ہیں۔

شعر نمبر ۲۸

قبائے خُسروی — شاہانہ لباس اور خلعت ہائے فاخرہ وغیرہ۔

دُرویش زِی — فقیرانہ مزاج زندگی گزار

دیدۂ بیدار — بیدار آنکھیں جو حقیقت شناس ہوں

خدااندیش — ذاتِ خداوندی جو تیری خالق و مالک ہے اسکی طرف ہمہ وقت متوجہ ہو اور خیال کر!

زِی — امر از زیستن زندگی گزارنا، جینا

شعر نمبر ۲۹

مارے — سانپ

یارے — مددگار، معین ومعاون

☆علم وعقل جوصرف ظاہر بین ہو سانپ کی طرح زہرناک ہے اور جب دل بھی ساتھ

ہوتو پھر یہی یارو مددگار ہوتا ہے۔

شعر نمبر ۳۰

دانشِ حاضر	جدید دور کی تہذیب اور علم جو روحِ انسانیت سے عاری ہے۔
حجابِ اکبر	قلب ونظر پر پڑ جانے والا پردہ جو معرفت ربانی کی راہ میں حائل رکاوٹ ہوتا ہے۔

(یہ حجابات کا سلسلہ ستّر ہزار پردوں تک جاتا ہے)

بُت پرست	بتوں کی پوجا کرنے والا
بُت فروش	بتوں کو بیچنے والا
بُت گر	بت تراشنے والا

شعر نمبر ۳۱

طرحِ عشق	عشق کی بنیاد
انداز	امر از انداختن، ڈال، رکھ
اندر جان	اپنے من کے اندر، روح میں
تازہ کُن	از سرنو پیمانِ وفا وفدویت وجان نثاری کر، نئی بیعتِ ایثار کر!

☆ محبت وعشق کے تعلقات کو از سرنو زندہ وتازہ کر۔

شعر نمبر ۳۲

تماشا گاہ	جہاں کسی شئی کو تفرّج و شوق اور حیرت سے دیکھا جائے۔
روئے تو	اے محبوب تیرا رخ زیبا ودلفریب ہے
میروی	آپ جا رہے ہو! یا جاتے ہو!

☆ یہ شعر امیر خسروؒ کی اس نظم کا ہے جو آپ نے اپنے مرشدِ گرامی خواجہ محبوب الٰہی نظام الدّین اولیاءؒ وسلطانِ اولیاء کی رحلت کے بعد ارشاد فرمائی تھی اس میں ہجر وفراق کا ذکر ہے۔

شعر نمبر ۳۳

بے خودی	مستی و مدہوشی، (نفی ذات وصفات کے بعد عالم حیرانی وتحیّر)
خود را بیاب	خود کو کھو کر خود کو پانا اپنی حقیقتِ اصلیّہ کی پہچان و ادراک اور معرفت

زُوْدتر — بہت جلد، جلدی جلدی کر!

شعر نمبر ۳۴

مقامِ عبدہٗ — اصطلاح اقبال ہے۔

عبد دیگر، عبدہٗ چیزے دگر

☆ جسے خداوند تعالیٰ خود اپنا بندہ کہے اور قرار دے

محکم شود — پختہ تر ہو جاتا ہے۔

کاسۂ دریوزہ — گدا کا پیالہ، جس میں فقیر وگدا خیرات مانگتے ہیں

جامِ جم — جمشید شاہ ایران کا پیالہ جسے حکماء ایران نے بنایا تھا جس سے ستاروں کی گردش ومقام معلوم ہوتا تھا اور علم نجوم کے تحت ہر سوال کا جواب ملتا تھا۔

☆ شراب اسی دور کی ایجاد ہے جس پیالے میں یہ پلائی جاتی تھی اسے بھی جام جم کہتے ہیں۔

☆ تاریخ اور حساب کی ایک کتاب کا نام بھی ہے

شعر نمبر ۳۵

سوزِ حق — سوز از حق، نار عشق کی جلن، تپش اور سوز وساز۔

سازِ فکر — سوز کے ساز میں مراد اندازِ فکر

☆ بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے
مسلمان نہیں راکھ کا ڈھیر ہے
(اقبالؒ)

شعر نمبر ۳۶

رمزِ مصطفیٰ ﷺ — آنحضرت ﷺ کی تعلیمات وارشادات

فہمیدہ — سمجھے اور جانے ہوئے ہے

☆ تو اس کے نزدیک غیر خدا سے ڈرنا شرک ہے

مُضمَر — پوشیدہ، چھپا ہوا

شعر نمبر ۳۷

آئینہ — شیشہ، عکاس

پارۂ عقیق — سرخ رنگ کا یمنی پتھر کا ٹکڑا مراد اس سے دل ہے

بنامِ تو ﷺ — اے آقائے نامدار، مدنی تاجدار آپ ﷺ کے اسم گرامی کے ساتھ کندہ، تراشا ہوا ہے۔

شعر نمبر ۳۸

عشق و غمِ عشق — جذبۂ عشق۔

☆ اَلْعِشْقُ نَارٌ یُحْرِقُ مَا سِوَی اللّٰہِ۔

چندیں — اتنے۔

سخنِ نغز — عمدہ نادر اور عجیب و غریب باتیں جن میں ہر ادا اور ہر پہلو موجود ہے۔

کہ گفتے — کون کہتا، بیان کرتا؟

کہ شنودے — کون سنتا؟

شعر نمبر ۳۹

بدل — دل کی اتھاہ گہرائی سے انتہائی عقیدت، ادب اور احترام کے ساتھ۔

اصحاب دیں — دین والے۔

آشنا — واقف کار، مراد مؤدّب ہے۔

شعر نمبر ۴۰

روزم تو برفروز — میرے دن کو تو روشن کرنے والا ہے۔

شبم را — میری رات کو تو نور عطا فرمانے والا ہے۔

کیں — کہ ایں، کہ یہ تیرا ہے کام ہے اے محبوب من! سورج یا چاند کا نہیں۔

شعر نمبر ۴۱

سوز و گداز — طبع اور روح میں نرماہٹ ولوچ اور رِقّت درکار ہے

شعر نمبر ۴۲

دیگر مرو — دوبارہ مت جا!

بناز — ناز و ادا اور فخر و بے پروائی اور بے نیازانہ لاڈ پیار کی ادا سے۔

سُوئے کُشتگانِ خویش — اپنے مقتولوں کی جانب

جاں دادہ اند — جاں کی بازی لگائے ہوئے ہیں اور جان ہارے ہوئے ہیں۔

یکنفس — ایک گھڑی، ایک لمحہ

آرام کردہ اند — آسودہ ہوئے ہیں۔

☆ اے صنم خرام بلے مخرام
کہ زیرِ پایت ہزار ہا دل است

شعر نمبر ۴۳

قصۂ دردِ دلِ خویش — میں نے بلبل کو ہمراز و دمساز سمجھ کر اپنے دل کی

داستانِ پُر درد

تنگ حوصلہ	کم حوصلہ و جرأت والی مرادکم ظرف وخام۔

شعر نمبر ۴۴

اعتبارِ وعدہ	وعدہ پر اعتبار و بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا
مردمِ دنیا	دنیاوی لوگوں پر جو ابنائے دنیا اور ابنائے روزگار ہیں

شعر نمبر ۴۵

سرمد	شاعر کا نام یا تخلص
گِلۂ اختصار	مختصر سی بات۔
می باید کرد	کرنی چاہیے۔
می باید داد	دے دینی چاہیے، قربان کرنی چاہیے
یا قطع نظر زیار	یا پھر یار کی یاری کا دعویٰ نہیں کرنا چاہیے۔

☆اَتٰی بِبَابِک عَبْدًا بِقٍ، لَئِنْ رَدَدْتَنِیْ فَاَیُّ بَابٍ اَقْرَعُ۔

شعر نمبر ۴۷

بے نیازانہ	بے نیاز و لاتعلق ہو کر کیونکہ مجھ میں دولت خودی ہے۔
اربابِ کرم	اصحاب جود وسخا۔
سیہ چشم	وہ انسان جس کی آنکھیں قدرتی طور پر سرمئی اور سیاہ ہوں۔

شعر نمبر ۴۸

درونِ خانہ	گھر کے اندر تو ہر گدا بھی شہنشاہ ہوتا ہے۔
از حدِ خویش	اپنی حد و حیثیت سے باہر
سلطان باش	بادشاہی کرتا رہ!

شعر نمبر ۴۹

مفگن	نہی از افگندن، مت ڈال
نگہ مست	مستانہ و مدہوش نظر جو خمارِ مے سے مست اور نشیلی ہو
بدلہائے شکستہ	ٹوٹے ہوئے دلوں پر، جو کثرتِ جلوہ ہاو تعبیر ہا سے ریزہ ریزہ اور پاش پاش ہو گئے۔
بادہ	شراب، صہبا، مے۔
بمینائے شکستہ	ٹوٹے ہوئے شیشوں میں مراد صراحی ہے، جام و مینا جو شکستہ ہوں

شعر نمبر ۵۰

اہلِ درد	عاشق لوگ جو در دِ محبت و عشق کے نام و عنوان ہوں
می خیزد	اٹھتا ہے، پیدا ہوتا ہے ظاہر ہوتا ہے۔
یک عمر	ایک عرصہ، زمانہ، دور۔
چرخ زدن	گھومنا، چکر لگانا۔
مرد	کامل مرد، جوانمرد، باہمت انسان۔

شعر نمبر ۵۱

دانائے راز	حقیقتِ اسرارِ نہاں و مخفی کو جاننے والا واقف و آشنا۔

شعر نمبر ۵۲

جاناں	محبوب۔
بہ سرِ مزارم	میرے مزار پر آئے۔
آخر مردن	آخر کار ہمارا مرنا کام آ ہی گیا۔

☆ بلبم رسیدہ جانم، تو بیا کہ زندہ مانم
پس ازاں کہ من نمانم، بہ چہ کار خواہی آمد
کششے کہ عشق دارد، نگذاردت بدیں ساں
بہ جنازہ گر نیائی، بہ مزار خواہی آمد (خسروؒ)

شعر نمبر ۵۳

وہ گرد اور خاک جو کوئے یار سے اڑ کر آئی ہے وہ سرمہ کی جگہ میری آنکھوں میں بیٹھ گئی ہے۔

شعر نمبر ۵۴

دردِ دوستاں	دوست احباب کا دکھ درد اور غم والم
باحسان	بھلائی اور نیکی کے ساتھ۔
ورنہ ہر نخلے	ورنہ ہر درخت پھل اپنے نیچے ہی گراتا ہے۔

شعر نمبر ۵۵

دردِ دوست	دوست اور محبوب کا دیا دردِ محبت اور سوز و سازِ عشق۔
چہ گویم	کیا بیان کروں یا کہوں؟
بچہ عنوان	کیسے اور کس طرح گذرا؟
ہمہ شوق	بصد بیتابی و ہزار ولولہ و شوق
ہمہ حرماں	اور کتنی ہی محرومیاں اور بے سرو سامانیاں لے کر اور بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے نکلنا پڑا۔

شعر نمبر ۵۶

منم آں سیر	میں وہ زندگی سے سیر شدہ انسان ہوں کہ تیغ برائے قتل اور کفن برائے تدفین سلامت لے کر جلاد کے گھر سے نکلا اور بجائے سزا کے غزل خوانی کرتے ہوئے برآمد ہوا۔

شعر نمبر ۵۷

قدم زن	قدم رکھ، چل!
در جستجوئے آدمی	انسان کامل کی تلاش میں
خدا ہم	خدا خود بھی نیک سرشت، نیک سیرت اور اعلیٰ اخلاق کے حامل مرد کامل کی تلاش میں ہے۔

شعر نمبر ۵۸

حق را	ذات حق تعالیٰ کو۔
ز دلِ خالی	وہ دل جو وساوس اور حرص و آز اور اندیشہ ہائے دور دراز سے خالی ہو۔
طلب کن	تلاش کر! ڈھونڈ!
شیشہ	جو صاف شفاف ہو اور بے داغ ہو، اور وہ بن مئے کے ہو، اس پر مستی نہ چھاتی ہے۔
مئے بے شیشہ	وہ شراب الست جو ساقی کی مست و متوالی نظروں کا کرشمہ و اعجاز ہو ظاہری جام و سبو اور قدح کی محتاج نہ ہو۔

شعر نمبر ۵۹

زغارتِ چمنت	تیرا اے محبوب! صحن گلشن و چمن میں آنے سے۔
بر بہار	بہار پر انگنت احسان ہیں
کہ گل بدست تو	کہ پھول جو تیرے ہاتھ میں ہے شاخ کی نسبت زیادہ تروتازہ، شگفتہ اور پُر بہار ہے۔

شعر نمبر ۶۰

خط سیاہ	محبوب کی ہر چیز سیاہ ہے خط، زلف، خال اور چشم وغیرہ تو میرے گھر کا سامان جل کر کیوں سیاہ نہ ہوتا۔

شعر نمبر ۶۱

ہر دو عالم — صرف دو جہاں اور ان کے علائق قربان کرنا!

نرخ — قیمت اور بہا ابھی کم ہے اور زیادہ کر!

شعر نمبر ۶۲

حدِ کُنہِ تو — تیری حقیقت کی حد۔

با دِراک — علم و عقل، فراست و استبصار وغیرہ۔

نشاید دانست — معلوم نہیں ہو سکتی، نہیں جانی جا سکتی

وِیں سخن — یہ جو کچھ میں نے کہا ہے یا بولا ہے یہ میرے علم و فہم کے مطابق ہے تیری شان کے نہیں۔

شعر نمبر ۶۳

یاراں — وہ دوست جو جگری یار تھے ہمدم، ہمقدم، ہمراز و دمساز تھے۔

یاربّ — اے میرے پروردگار! وہ کیسا اور کونسا دن تھا۔

☆اے ہمنفسانِ محفلِ ما
رفتید ولے نہ از دلِ ما (فیضی)

۔ ذَهَبَ النَّاسُ وَمَاتَ الْكَمَالُ
صَاحَ الدَّهْرُ أَيْنَ الرِّجَالُ؟
۔ ذَهَبَ الَّذِيْنَ أُحِبُّهُم
وَبَقِيْتُ مِثْلَ السَّيْفِ فَرْدًا
(عمر بن معدیکرب)

شعر نمبر ۶۴

محفلِ ما — ہماری محفل و مجلس کے۔

رفتید — تم چلے تو گئے بظاہر مگر۔

شعر نمبر ۶۵

صبا بوئے گلے — ایک یا کسی پھول کی خوشبو، صبا لیکر بارگاہِ حضرت یعقوب علیہ السلام میں حاضر ہوئی تو۔

بگریست — آپؑ رو دیئے یادِ یوسفؑ میں مگر پھر بھی فرمایا کہ یہ ہمارے پیراہن یوسفی کی خوشبو نہیں ہے۔

شعر نمبر ۶۶

گریزد — دامن بچاتا ہے۔

مردِ غوغا — شور کرنے والا مرد مراد علی

الاعلان نعرۂ عشق لگانے
والا، سرعام جان لٹانیوالا
کسے کہ کشتہ نہ شد جو بھی راہ عشق میں
جانبازی جاں نثاری اور
فدویّت وقربانی کے جذبہ
شوق سے عاری ہے اور
قتل ہونا نہیں جانتا۔

شعر نمبر ۶۷

موسیٰ زہوش حضرت موسیٰ علیہ السّلام
نے طور پر جلوۂ صفات کا
مظاہرہ دیکھا اور بے ہوش
ہوگئے جبکہ آپ ﷺ
نے عینِ نورالٰہی کا مشاہدہ
فرمایا اور مسکراتے رہے
فرق ظاہر ہے

☆ موسیٰ زہوش رفت بیک جلوۂ صفات
توعینِ ذات می نگری ودر تبسّمی

شعر نمبر ۶۸

بے اثرِ مہر محبت کی تاثیر اور جذبۂ خیر
کے بغیر۔
چہ آب وچہ گل مٹی اور پانی برابر ہیں۔
بے نمکِ عشق جذبۂ عشق ومحبت کی نمکینی
اور ملاحت کے بغیر۔
چہ سنگ وچہ دل پتھر اور دل برابر ہیں۔

شعر نمبر ۶۹

حرفے مراد خط ونامہ ہے۔

شعر نمبر ۷۰

سینکڑوں ناموں کا جواب ایک خاموشی اور
اغیار کی سطر کے جواب میں ایک کتاب نما
خط، چہ ظلم است۔

شعر نمبر ۷۱

کارِ اعجازِ مسیحا مردے زندہ کرنا مگر اپنی
نظر کے بیمار کا علاج تیری
چشمِ مسیحانہ کر سکی

شعر نمبر ۷۲

نخستیں بادہ پہلی شراب معرفت۔
کاندر جام کردند پیکر وروح انسانی میں ڈالی
گئی جسے بظاہر بنتی نہیں
ہے بادہ وساغر کہے بغیر۔
زچشمِ مستِ ساقی ساقی کی مست و دلنواز
آنکھوں سے ساقی سے
مراد ذاتِ خداوندی ہے
وام کردند ادھار لینا، قرض لینا۔

شعر نمبر ۷۳

بگیتی	روئے زمین پر۔
در دِلے	در دِل، عشق و محبت کا درد
بہم کردند	جمع کر کے۔

شعر نمبر ۷۴

چو	چوں، جب۔
رازِ خویشتن	اپنی ذات اور موجودگی کا راز

☆کُنتُ کَنْزاً مَخفِیًّافَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ۔حدیث قدسی

عراقؔی	شاعر کا تخلّص ہے، مراد ایک عاشق انسان ہے۔

شعر نمبر ۷۵

ہر دم	ہر لمحے، ہر گھڑی۔
بِد گر رنگ	ایک نئے رنگ اور انداز میں۔
ناز	اظہار حسن کی ایک ادا۔
نیاز	جذبہ ایثار وقربانی اور اطاعت وفرمانبرداری

شعر نمبر ۷۶

علم وادب	دانش وحکمت کے ساتھ اچھی اور عمدہ روِش۔
آموز	سیکھ، (آموختن سے)
حَیف است	افسوس ہے۔

شعر نمبر ۷۷

بہ طُورِ ما	ہمارے طور پر مراد کوہِ طور
نگنجد	سما نہیں سکتا، مراد دیدار کی ممانعت نہیں ہو سکتی۔

☆دل میں ہے تصویر یار
جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

شعر نمبر ۷۸

نہایت	انتہاء، جو لاانتہاء ہو۔
بنگاہ ناشکیبے	بے قرار و مضطرب نظروں کے ساتھ بدلِ امیدوار اور رجائیت کے جذبوں سے معمور ہو۔

شعر نمبر ۷۹

روئے با دیوار آوردن
محض کسی گھر یا دیوار کی سمت کا ارادہ یا نظریہ قائم کرنا، کیونکہ کعبہ تو ایک سمت ہے جو مقصود بالذات نہیں ہے۔

سجدہ گاہِ عارفاں را	عاشقوں کو اپنی عبادت

کیلئے کسی عبادت خانہ
یاسمت یا محراب کی
حاجت نہیں ہے کیونکہ انکی
نظروں کا مقصود ہر وقت
ان کے پیش نظر ہوتا ہے
اوروہ ہردم وصال میں
ہوتے ہیں۔

شعر نمبر ۸۰

تا بکے	آخر کب تک؟
خواہم آمدن	کہ آؤں گا اور اپنا وعدہ ایفا کروں گا
منتظرِ را	محبوب کے انتظار کی سولی پر مصلوب کو حاجتِ پیغام نہیں ہوا کرتی۔

☆ مر کر بھی کھلی رہیں آنکھیں میری
عادت جو پڑ گئی تیرے انتظار کی

شعر نمبر ۸۱

نالہ	رونا دھونا، چیخنا چلانا۔
نکند	نہ کرے بمعنی نہی ہے باید کہ نکند
اے مرغِ اسیر	اے قیدی محبوس پرندے
خُورَدْ افسوس	بلکہ افسوس و تأسف کرے

اس دور پر جبکہ وہ دامِ
زلف محبوب کا اسیر نہیں
تھا۔

ہیر رانجھن نوں مِل کے یارو دَسّو کھاں پچھتانی کیوں
گذری دا ارمان لگیو سو اس رانجھن باج وِہانی کیوں

شعر نمبر ۸۲

درسِ ادیب	آموزگار و معلّم کا سبق۔
زمزمۂ محبت	محبت پیار کا نغمۂ دلفریب
جمعہ	یوم جمعہ، جس روز درس کی چھٹی ہوتی ہے۔
بمکتب آورد	سکول میں لائے مراد وہ بے قرار و مضطرب ہو کر شفیق و رحیم استاد کی بارگاہ میں رہے۔
طِفلِ گریز پائے	وہ بچہ جو سکول سے بھاگتا ہو اور تعلیم میں دلچسپی نہ لیتا ہو۔

شعر نمبر ۸۳

زِ فُرق تا قدمش	محبوب کو سر سے لیکر پاؤں تک۔
می نگرم	میں دیکھتا اور مشاہدہ کرتا ہوں تو۔

کرشمہ الخ	اس کا اعجاز حُسن اور سج دھج، خوبی و رعنائی

شعر نمبر ۸۴

تو مپندار	تو مت خیال و گمان کر کہ!
ایں قصہ	یہ قصہ، در دِل اور فسانہ محبّت و عشق یا واردات قلبی
گوش الخ	کان میرے ہونٹوں کے قریب لا کہ ایک آواز ہے

شعر نمبر ۸۵

آناں کہ	وہ لوگ جو کہ۔
وصفِ حسنِ تو	اے محبوبِ من! تیرے جمالِ رخ کی تعریف و توصیف میں رطب اللسان ہیں سچ تو یہ ہے کہ انہوں نے تمہیں دیکھا ہی نہیں ہے

☆ایں مدعیان در طلبش بیخبرانند
آنرا کہ خبرشد خبرش باز نیامد
(سعدیؒ)

مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ کَلَّ لِسَانُہٗ۔

☆اے مرغِ سحر عشق ز پروانہ بیاموز
کآں سوختہ را جان شد و آواز نیامد
(سعدیؒ)

خواب ندیدہ را	نہ دیکھی ہوئی خواب کی تعبیر کر رہے ہیں۔

شعر نمبر ۸۶

پدر	مراد حضرت ابراہیم
فرزند	حضرت اسماعیل ذبیح اللہ
خود رضامند است	آداب فرزندی کا حق ادا کرتے ہوئے سر تسلیم خم فرما دیا

ے یہ فیضانِ نظر تھا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسماعیل کو آدابِ فرزندی
(اقبالؒ)

تصرفِ ستمِ عشق	جذبہ عشق کی بلا خیزیاں اور فسوں کاریاں اور کرشمہ سازیاں تو دیکھ!

شعر نمبر ۸۷

عاشقم	میں سچا جذبہ محبت رکھتا ہوں
دیوانہ ام	اور اس جذبے میں حدِ جنوں کو پہنچا ہوا ہوں

ے غش کھا کے داغ یار کے قدموں پہ گر پڑا
دیوانے نے بھی کام کیا آخر ہوشیار کا

شعر نمبر ۸۸

گنجِ قناعت — گوشہ قناعت و صبر

درویشِ نامِ او — بظاہر وہ درویش ہے در حقیقت شاہ ہے

ـ تا داغِ غلامی تو داریم
ہر جا کہ می رویم بادشاہیم

شعر نمبر ۸۹

حسن و عشق کی ایک ادا سینکڑوں دلوں کو گھائل کرتی ہے۔ باوجود رندی و مستی اور بے خودی کے، عشق، ہشیاری و چستی اور چالاکی، بیدار نظری سکھاتا ہے۔

شعر نمبر ۹۰

جداگانہ — الگ الگ، اپنی اپنی۔

لذتے — لطف و سرور اور سوز و گداز یعنی ہجر و فراق اور وصال ولقاء کا اپنا اپنا لطف ہے

شعر نمبر ۹۱

عالَم — یہ دنیا اور یہ جہاں دراصل مظہر ذات و صفات ہے جیسے آئینہ ہو

چہ پیدا چہ نہاں — مخفی کیا اور ظاہر کیا بلکہ برابر ہیں

تابِ اندیشہ — سوچ و فکر، تفکر و تدبر و تأمل

جو دانش و علم اور حکمت کی کرنیں ہیں اگر تو علم و عقل کے گھوڑے دوڑا کر ماندہ و عاجز آ چکا ہے تو بنگاہِ دریاب — تو دیدۂ بینا اور نظر بیتاب کے ساتھ اسے تلاش کر لے اور پالے یعنی دل زندہ کے ساتھ

شعر نمبر ۹۲

دعویٰ گاہِ عشق — منزل و جہانِ عشق کی عدالت و منصفی میں۔

خونبہا — دیت، مراد جان کا بدلہ بصورت تاوان وزرِ تلافی

غنیمت داں الخ — غنیمت سمجھ کہ اس جہان عشق میں قاتل، شہیدِ نازِ محبت سے اپنی جلادی کی اجرت طلب نہیں کرتا ورنہ مقتول و کشتۂ محبت کے پاس جان کے سوا اور کیا تھا

شعر نمبر ۹۳

فرصت — موقعِ غنیمت

مدہ از دست — ہاتھ سے مت جانے

	دے بلکہ فائدہ اٹھا
دست ودِلے	دست طاقت وتوانائی سے کنایہ ہے اور دل جذبے سے عنوان ہے
کلیدانجا	ایک عشق ہی کی ضرب کاری سے درِ ہفت آسمان توڑ دے۔ چابی مانگنا جذبۂ عشق کی توہین ہے

گششے کہ عشق دارد نگذارد ت بدیں ساں!

شعر نمبر ۹۴

جہاں	یہ عالم تو ایک شہرِ مالا مال کی مثل ہے جہاں ہر جنس ومتاع ارزاں وعام ہے
عزیزؔ	شاعر کا تخلص ہے
اگر میتوانی	اگر تجھ سے ہوسکتا ہے تو۔
یوسفؑ	کوئی یوسف علیہ السلام کی مثل جنس خرید تاکہ قیامت کو خریداروں کی فہرست میں تیرا بھی نام ہو

☆یوسفؑ سا مہ لقا بھی کہتا ضرور آج
کہ بکنے کے واسطے تیرا بازار چاہیے

شعر نمبر ۹۵

گراں جان	بھاری قیمت والا۔ مہنگا
نسزد	لائق ومناسب نہیں، اہل و سزاوار نہیں
تیغِ نگہت	نگاہ+ ات۔ کہ تیری نگاہِ ناز کا کشتہ ومقتول ہونا اس کے نصیب میں ہو
ناز ضائع مکن	اے محبوب اپنا قیمتی سرمایہ ناز وادایوں لٹا کر ضائع نہ کر۔
واز ہمہ کس جاں مطلب	اور ہر ایک سے جاں کا نذرانہ نہ مانگ

شعر نمبر ۹۶

قدرِ بیعانۂ حسنِ تو	اے محبوب حقیقی تیرے حسن وجمال کے بیعانہ کے لائق تو یہ کونین نہیں ہے
زرخ بالاکن	تیرے حسن و جمال کی مستیاں اور جلوے اتنے ارزاں تو نہیں ہونے چاہیں بلکہ قیمت اور زیادہ

کر کہ دو جہاں تو ہیچ ہیں

ے کروں تیرے نام پر جاں فدا نہ یہ جاں فقط دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

شعر نمبر ۹۷

کج نگہاں — غرور و تکبر سے ترچھی نظریں ڈالنا اور محبوب تو دولتِ حسن سے مالا مال اور نازاں ہے۔

مرہم چارہ — علاج کی دوا۔ زخموں پر لگانے والی دوا۔

الماس فروش — موتی بیچنے والا۔ جوہری۔

شعر نمبر ۹۸

یک دیدۂ حیرانے بیتاب اور پریشان نگاہ مراد آنکھ ہے۔

واں نیز۔ وآں اور وہ بھی میں نہیں چاہتا کہ تیرے رخِ زیبا کے جمالِ جہاں آرا سے اٹھالوں ہٹالوں۔

شعر نمبر ۹۹

روئے وچنیں روئے چہرہ ارے ہائے ہائے ایسا روئے جہانتاب و ضوفشاں

شانِ نہفتن نیست — پسِ حجاب و پردہ رہے یہ اس لائق نہیں بلکہ نظارہ عام ہونا چاہیے

بگذار — معاف کرنا، اگر اجازت ہو تو یہ نقاب کشائی میں کرتا ہوں

شعر نمبر ۱۰۰

نالہ مستانہ — کوئی نالہ و فریاد کسی مست کا

گرمی آہے — کسی آہ و بکا کی گرمی و حرارت۔

مگر — شاید

آشفتہ سَر — عاشق جو دیوانہ ہو۔

شعر نمبر ۱۰۱

دلِ تنگم — میرے تنگ دل میں۔

خانہ مختصرے — یہ ایک مختصر سا گھرانہ اور مکان ہے۔

ے کعبہ نہیں کہ ساری خدائی کو دخل ہو
دل میں سوائے یار کسی کا گزر نہیں
(یاس یگانہ)

شعر نمبر ۱۰۲

پردۂ چشم — آنکھ کا ایک پردہ (آنکھ کے سات پردہ ہائے

چشم ہیں۔ (شبکیہ، عنکبوتیہ، مشیمیہ، ملتحمہ، عنبیہ، ملیپیہ، قرنیہ)

پرکاہے معمولی اور حقیر و ذلیل شئ

☆میری آنکھ کا پردہ کبھی معمولی اور حقیر سا لگتا ہے اور میں نے دو جہاں کی حقیقت کو کبھی اپنی نگاہوں سے دیکھا ہے۔

شعر نمبر ۱۰۳

وادیٔ عشق دنیائے عشق و محبت۔

بسے دور دراز بہت دور اور لمبی چوڑی ہے

طے شود طے ہو جاتا ہے۔

جادۂ صد سالہ سو سال کی منزل و راہ۔

بآہے کسی ایک آہِ رسا سے جو دل و روح کی اتھاہ گہرائی سے برآمد ہوتی ہے۔

گاہے کبھی کبھی، گاہ بگاہ۔

شعر نمبر ۱۰۴!

در طلب کوش اس کی آس و امید اور شوقِ آرزو و لقاء میں مسلسل و دائم کوشش کرتے رہو اور کبھی آس کا دامن نہ چھوڑو

دو لتے ہست یہ ایسی دولت ہے جو کبھی تو سرِ راہ بھی پا سکتا ہے اور مل جاتی ہے۔

☆ ہر سمت گردِ ناقہ لیلیٰ بلند ہے
پہنچے جو حوصلہ ہو کسی شہسوار کا
(حالی)

شعر نمبر ۱۰۵

دردل خلید میرے دل میں یہ بات چبھ گئی جو کسی مردِ کامل اور ادا شناس نے نکتہ آفرینی کی۔

زمعشوقاں کہ حرفِ دلآویز اتنا کاری نہیں ہوا کرتا جتنی کہ معشوقوں کی ادائیں کارگر و مؤثر ہوتی ہیں۔

شعر نمبر ۱۰۶

وہ ذات پاک جو سب کچھ عطا فرماتی ہے اور بخششیں کرتی ہے تو وہ گناہ کیوں نہیں بخشے گا۔

شعر نمبر ۱۰۷

سِتم ظریفی ستم طبع ہونا اور سختی کرنا

آں چشمِ فتنہ مست اس فتنہ میں مست و بیخود نگاہ کی فسوں کاری کا مت پوچھ!

شکستہ دلاں — مہجور و دلفگار اور مصیبت زدہ لوگ جن کا دل ٹوٹ پھوٹ چکا ہے تو ان کو پھر ذوقِ امتحاں کی دعوت دیتی ہے کہ آتو جگر آزما ہم ستم آزمائیں۔

شعر نمبر ۱۰۸

حیرت و گمشدگی اور تعجب و پریشانی کے عالم میں مبتلا، مُہر بلب کیفیت کا اظہار ہے۔ جو نہ پائے ماندن۔ نہ جائے رفتن والا معاملہ ہے

شعر نمبر ۱۰۹

شاہد مضمون — میرے مضمون کا موضوع جو شاہد رعنا و دلربا ہے وہ مخفی معاملات کو پسند کرتا ہے۔ شہرت کو نہیں۔

برنتابد — چمکتا دمکتا نہیں ہے مراد سرعام جمالِ جلوہ کی رونمائی اور برق فشانی کو اچھا نہیں سمجھتا اس لیے میرا مہر تاباں اور ضوفشاں یوسفؑ سر بازار رسوائی کو ناپسند کرتا ہے۔

شعر نمبر ۱۱۰

صد خضر — سینکڑوں راہنما و بدرقہ کو آزما دیکھا، کوئی بھی حقیقی راہنما نہیں ہے نشانِ منزل تو بتاتے ہیں منزل آشنا نہیں کرتے ہیں۔

شعر نمبر ۱۱۱

منکشف — کائنات کے راز ہائے سربستہ تو مجھ پر منکشف اور واضح ہو گئے ہیں مگر میں انسان کی حیثیت سے ابھی سربستہ اور مخفی راز و سرّ ہوں۔

☆ زبرون در گذشتم زدرونِ خانہ گفتم
سخنِ نگفتہ را چہ قلندرانہ گفتم
(اقبالؒ)

شعر نمبر ۱۱۲

ہمیں نکتہ — اسی ایک راز اور نکتہ کے بدلے میری معذرت قبول فرما کہ مجھے معاف فرمادے۔

کہ بغیر تو — کہ تیرے بغیر میری پہچان نہ ہوئی۔

☆ خوش ترز ہزار پارسائی
گاے بطریقِ آشنائی
ماراز مقامِ ما خبرکن
مائیم کجاو تو کجائی
(اقبالؒ)

شعر نمبر ۱۱۳

زیرِ بام — اس گنبد نیلوفری کی چھت کے نیچے کئی موسیٰ اور کئی عیسیٰ ہیں۔

درونِ حریم تو — اے خدا تیرے حریم ناز میں کسی کو بھی رسائی اور راہ نہیں، سبھی منتظر ہیں۔

☆ اے جبرِ مشیّت، ہمہ بے پرو بالی،
اب بھی ہے جنہیں ہمّتِ پرواز، ہمیں ہیں
(ظفر)

شعر نمبر ۱۱۴

بجز شہر وفا — دیوان گان عشق ومحبت کی بستی کے سوا

رعیّت ہست — جو کشتگانِ تسلیم و رضا اور پیکران وفا ہیں اور مثل رعایا کے مطیع وفرمانبردار ہیں۔

سلطانے ندارد — اوراس شہر وفا کا کوئی امیر اور بادشاہ نہیں ہے۔

شعر نمبر ۱۱۵

منزلم — میری حقیقی اور اصلی منزلِ مراد کو تو نے اے خدا نگاہوں سے مخفی اور دور دراز رکھ چھوڑا

کعبہ وبتخانہ — کعبہ و بتخانہ جہاں لوگ پوجا اور عبادت کرتے ہیں دراصل یہی معبد کسی عارف حقیقی اور عاشق صادق کیلئے سنگِ راہ بن جاتے ہیں وہ انہی میں الجھ جاتا ہے اور کعبہ میں جاکر کعبہ والے کی تلاش کرتے ہیں۔

شعر نمبر ۱۱۶

گاہے بعزم کعبہ — کبھی کعبہ کیلئے سفر اور کبھی دیر و بتخانہ، حیراں

سرگرداں، مذبذب ہوں
اور مجھے اپنی منزل کی
تلاش و جستجو ہے۔

صد مرحلہ بسر دم سیکڑوں منازلِ سفر طے کر
چکا ہوں اور ابھی درمیان
سفر ہوں اور منزل کا پتہ
نہیں۔

شعر نمبر ۱۱۷

صد رنگ صحنِ گلشن سینکڑوں قسم کے رنگا
رنگ پھولوں والا، الگ
الگ رنگوں والا، خوشبو والا
یہ لالہ زار یہ گلزار، یہ
شاخسار اور اس میں اتنے
ہی پرندے۔ مراد بوقلموں
اور نیرنگی والا عالم و جہاں
ہے۔

طائرِ بسمل زخمی، گھائل اور نیم جان
پرندے کی مثل عاشق
صادق اور کشتۂ ناز کا
علاج نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا،

آخر اس کا مژہم کیا ہے؟

شعر نمبر ۱۱۸

ایں وارفتۂ رفتار کیست مجھے معلوم نہیں ہے
کہ یہ سراسر، پے در پے
مائل بہ سفر ارد گرد سے
بیگانہ اور صرف منزل کا
سودا و جنوں لئے ہوئے۔

بازگشتن نیست واپس لوٹنا ممکن نہیں ہے۔

در موجِ خرامانِ نگاہ نظر چلتے ہوئے موج
کی صورت میں۔ مراد
محبوب جب مائل بہ کرم ہو
کر دلنوازی اور نظر نوازی
کرے تو اس یہ وارِ دی
میں محبوب کی توجہ دوبارہ
نصیب نہیں ہوتی۔

شعر نمبر ۱۱۹

حسن نے تجلّی کی اور پنہاں ہوا مگر اس کی
رونمائی اور جلوہ گری کی وجہ سے عشق حیرت
زدہ ہو کر پھر اس رخِ تاباں و دلفروز کا متمنی
ہو کر چہار سو متجسس و متلاشی ہے۔

شعر نمبر ۱۲۰

دیدم سحرِ شب | وصل کی رات سحر کو ایک ہی بار وہ نعمت عظمیٰ ملی مگر پھر وہ سحر کبھی نہ ملی

شعر نمبر ۱۲۱

از خامشیم | میری خاموشی اور مہر بلبی پر لعن طعن یا طنز نہ کریں۔ میں تو محبوب کے لبوں سے ایک حرف سن کر اب تک محوِ حیرت و تعجب ہوں

شعر نمبر ۱۲۲

شریکِ حلقہ | گروہ میں شامل
رِندانِ بادہ پیا | مے خوار رندوں کے۔
حذر | بچ، احتیاط کر۔
بیعتِ پیرے کی | ایسے پیر کی ارادتمندی سے جو کہ
مردِ غوغا | مست و بیخود ہو کر ہاؤ ہو کا نعرۂ مستانہ لگانیوالا نہ ہو

شعر نمبر ۱۲۳

نازِ شہاں | بادشاہوں کے ناز نخرے
زخمِ گرم | ان کی عطا و بخشش کا زخم جو میری انا اور خودداری کو ٹھیس پہنچاتی ہے۔
درِ نگر | دیکھ تو سہی! توجہ کر!
اے ہوس فریب | اے ہوس اور حرص و آز کے جال میں پھنسے اور جکڑے ہوئے فریب خوردہ!
ہمتِ ایں گدائے را | اس غنی القلب، بے نیاز اور مستغنی عن الدنیا گدائے بلند نظر و بلند طبع کی ہمت کی پرواز کو تو دیکھو اور داد دو۔

شعر نمبر ۱۲۴

دردشتِ جنونِ من | میرے جنون کے دشت وصحرا میں۔
جبریل زبوں صیدے | جبرائیل امین جیسا مقرب بارگاہ فرشتہ بھی

معمولی سا شکار و صید اور
نخچیر ہے۔

یزداں خدائے پروردگار
بکمند آور کمند میں لاؤ۔ خاص اور
معرفت حاصل کر

اے ہمتِ مردانہ اے جوانمردی و جسارت
کے پتلے اگر غیور و جسور
اور باہمت و جرأت ہو تو!

شعر نمبر ۱۲۵

ہر کسے از رمزِ عشق ہر کوئی عشق کی رمز اور
اسرارِ نہاں سے آگاہ نہیں
ہے کہ اس جام صہبائے
عشق و محبت کو غٹا غٹ پی
کر مدہوش نہ ہو اور مستی
میں بھی ہوشیار رہے۔

ہر کسے شایانِ ایں اور ہر کسی کو اس عالیجناب
اور درگاہ خاص میں اذن
باریابی عطا نہیں ہو سکتا
کیونکہ جلوۂ رخِ جاناں کی
جھلک کی تاب ہر کسی کے
بس کی بات نہیں ہے۔

شعر نمبر ۱۲۶

داند آں کو اس رازِ نہاں کو وہ جوانمرد
صاحب دل جانتا ہے۔

نیک بخت نیک فرجام، سعادتمند و
ارجمند ہو۔

مَحرم جو ہمراز و دمساز ہو اور آشنا
ہو۔

زیرکی دانائی چستی و چالاکی۔

عشق جذبہ محبت و الفت جو
اطاعت و بندگی کا درس
دیتا ہے اور کبھی نیاز سے
گزر کر مقام ناز سے آشنا
کرتا ہے۔

ثنائے زلف و رخسارِ تو اے خواجہؒ
ملائک وردِ صبح و شام کردند
(عراقیؒ)

حل مشق وتمرین (نمبر ۱)

درخانہ کسے نیست/نبود ہر کہ خیانت ورزد دستش از حساب بلرزد۔ ایں مسجد وآں مدرسہ است ۔لشکر بمیدان رسیدند۔ اسپانِ تازی بوفاداری مشہور است/اند۔ مسافر گرسنہ وتشنہ است۔

گل خواہد شگفت۔ ستارگان بشب می تابند/می تابد۔ آمدنت مبارک باد۔ من خیلے مشغولم۔ بلے، من آنرا خوب می شناسم۔ خیلے متشکرم۔

حل مشق وتمرین (نمبر ۲)

من فردا بمدینہ منورہ خواہم رفت ۔ دیروز ہوا خیلے گرم بود۔ دی شب باذ خنک وزید و خوابم برد۔ شما امروز کجا بودی؟ از بامداداں بشہر می گردم۔ دریائے اباسین/مہران بہ سنگلاخ و ریگستان ے گزرد۔ درگلزار گلہا شگفتہ۔ باراں باریدہ است ۔ ہمہ زمین ہر کجا سبزہ زار بنظر می آید۔ بر کوہسار برف باریدہ۔ خوشا سلسلہ کوہستانِ مری۔ ایں میہنِ مسلماناں است و دریں بسیار مساجد ومزارات است ۔ یارب گلشنِ آرزوہائے من دائم شگفتہ وشاد باد کہ من ایں نبات و درختاں را بخونِ جگر پروردہ ام۔ رخ برگِ گلاب را بخونِ دل ریختہ خواہیم آراست کہ ما سوگند خوردہ ایم برائے تحفظ ونگہبانی گلشن را۔

حل مشق وتمرین (نمبر ۳)

(ا)۔ توے کی روٹی دیر سے ہضم ہوتی ہے۔ مدرسہ میں مَیں پنکھا کھینچتا تھا۔ گھر میں پنکھا سارا دن میرے ہاتھ میں تھا۔ چمٹا مجھے دینا۔ بھنگی کو بلاؤ تا کہ جھاڑو دے۔ دیوار کو کرنڈی سے لیپ کرو۔ باورچی خانہ کی چمنی خراب ہوگئی۔ جام لبریز ہے۔ مشاطہ اس کے بالوں میں کنگھی کرتی تھی۔

(ب)۔ دہنِ ورمہ شکستہ است/شُد۔ دستہ قلمتراشِ من بشکست۔ کلیدِ قُفل گم شد۔ مِقراض بیارید! تا ایں کتاب را درست کنم۔ آہنگر از دَمہ آتش ے افروزد۔ چشمِ سوزن بسیار تنگ است۔

(حل نمبر ۴)

آپ کے ہاتھ میں کیا ہے؟ آپ وہاں کیوں گئے تھے؟ تو کیا جانے کہ کل کیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو کون شمار میں لاسکتا ہے؟ یہ بیل کیسے منڈھے چڑھے گی؟ پاکستان کون سی تاریخ کو وجود میں آیا؟ کتنی رات گزری ہے؟ آپ نے بازار میں کس کو بھیجا ہے؟ آپ کا فرزند دلبند سکول میں کس طرح ترقی کر رہا ہے؟ میں کیا جانوں کہ یہ کون لوگ ہیں؟ تو کہاں گیا تھا اور میں کہاں جاؤں گا؟

(حل نمبر ۵)

(ا)۔کودک گریاں ہمی رفت۔من شاداں وخنداں بدارالعلوم بھیرہ آمدم۔مرا عقوبت مکن کہ پیشت عذر خواہ آمدم۔شُہب ثاقبہ ریزاں برزمین افتد۔من چشم براہ گلہار یختہ برائے شما منتظرم۔بیا اے سکونِ دلِ ما کہ ایں بیقرار و پریشان گشتہ قرار نمیگیر د۔

(ب)۔ہاتھی مستانہ وار شور مچاتا ہوا میری طرف آیا۔چور ڈرتا اور کانپتا ہوا بھاگ گیا تھا۔لومڑی گرتی پڑتی غار کے منہ پر پہنچی۔عربی گھوڑا رقص کرتے،اچھلتے،کودتے دوڑتا ہوا میرے سامنے سے گزرا۔دُم کٹا شیر غرّاتے ہوئے میری طرف آیا اور میں خوفزدہ کانپتے اور سر پر پاؤں رکھ کر بھاگتے ہوئے چھت پر چڑھ گیا۔

(حل نمبر ۶)

میں نے چراغ جلا دیا ہے لیکن روشنی اچھی نہیں دیتا۔چمگادڑ کے سوا سب پرندے انڈے دیتے ہیں۔غم و الم کے سوا میرے پاس اور کیا ہے؟ خدا کے سوا غریبوں کا سہارا ہی کیا ہے؟ تیرے بغیر میرا کون ہے؟ سب لوگ کام پر چلے گئے مگر وہ بڑھیا۔تمام طلبا مسجد میں چلے گئے سوائے ادریس کے۔

(حل نمبر ۷)

محمود نے اپنے آپ کو تباہ و برباد کر دیا۔وہ خود گم کردہ راہ ہے راہنمائی کس کی کرے۔آپ

نے اس سے کیا کہا؟ آپ کے والد صاحب کہاں ہیں؟ میری کتاب کھوگئی ہے۔آپ نے یہ کتاب کہاں سے خریدی؟ میں نے تجھے کیا کہا تھا؟ انہوں نے اس کو ملامت کیا۔انہوں نے مجھے کہا۔جلدی آؤ! میں نے اسے رستم داستان بنا دیا۔اس نے بہت کوشش کی۔آپ کے بھائی کا کیا نام ہے؟ میں نے اسے بلایا تا کہ اسے سرزنش کروں۔آپ کی ہمشیر نے بتایا کہ وہ گھر پر نہیں ہے۔تیرے بھائی نے گھوڑا خریدا۔استاد نے اسے سزا دی اس لئے کہ اس نے سبق اچھی طرح یاد نہ کیا تھا۔اِس وقت/ابھی ہم آرام کرتے ہیں (حالا پاشو ابھی اٹھ)۔اس نے کہا کہ تم گھر چلے جاؤ! آپ کا کام ابھی ختم نہیں ہوا۔وہ میرے پاس آئے۔میں نے اسے خود پڑھا/پڑھایا۔تم اپنے آپ کو کیوں سزا دیتے ہو! جس کا کام اسی کو ساجھے۔دل کے ٹکڑوں پر مرہم رکھنا ہمارا ہی کام ہے۔

(حل نمبر ۸)

سبق کے آخر میں مکمل حل شدہ موجود ہے۔

(حل نمبر ۹) مشقی امثلہ

اسے جانے نہ دینا میں آتا ہوں۔تو نے مجھے نہ چھوڑا ورنہ اس مرد کو ایسی سزا دیتا کہ پھر ایسے کام نہ کرتا۔

انہوں نے اسے اندر نہ آنے دیا۔احمد نے مجھے کھڑکی نہ کھولنے دی۔میں جانتا ہوں کہ وہ مجھے کام نہیں کرنے دے گا۔مجھے اس کو پوچھ لینے دو۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۰)

بابر کی فوج ایسی بد دل ہوئی کہ قریب تھا میدان جنگ سے بھاگ نکلے۔احمد آیا چاہتا ہے۔قریب تھا کہ خوفناک لہریں کشتی کو نگل جائیں کہ دوسری کشتی آ پہنچی۔میں آپ کو رقعہ بھیجنے ہی والا تھا کہ آپ آ پہنچے۔

کھیتیاں حرارت کی وجہ سے جلنے کے قریب ہیں۔تقریباً بارہ بجے کا وقت ہے۔اور چھٹی

ہونے والی ہے۔اندھا کنوئیں میں گرنے کو تھا کہ ایک آدمی نے ہاتھ پکڑ کر رستے پر ڈال دیا۔بادشاہ سختی و مصیبت سے مرنے کے قریب تھا کہ اس کے ہمراہی اس کے پیچھے پہنچ گئے۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۱)

آپ لوگوں نے غصہ بھری باتیں کرنا شروع کیں۔بادل گرجا، بجلی چمکی اور بارش برسنے لگی۔اس نے فارسی زبان سیکھنا شروع کی ہے۔کبھی اچانک ٹھنڈی ہوا چلنے لگتی ہے۔سورج مغرب میں چھپ گیا اور تاریکی چھانے لگی۔اکبر چاہتا ہے مدرسہ جانے لگے۔اسی دوران راجے سرکشی و بغاوت کرنے لگے۔

صبح کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ستارے ایک دوسرے کے بعد چھپنے لگے۔دشمن کی فوج بھاگنے لگی۔بلی نے چوہے کو کھانا شروع کیا۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۲)

جتنی میں نرمی کرتا اتنا ہی وہ زیادہ دلیر ہوتے تھے۔جتنی اس نے محنت کی تھی اتنا اس کا پھل نہ پایا۔جوں جوں تم میرے واقف و آشنا ہوئے، تم تو میرے عیب ڈھونڈنے لگے۔جوں جوں پہاڑ پر چڑھیں گے سردی زیادہ ہوتی جائے گی۔جتنا ہم آگے بڑھے کیچڑ زیادہ ہوتا گیا۔جتنی کہ وہ چشم پوشی کرتا تھا اتنے ہی وہ دلیر ہو گئے۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۳)

تیری زندگی لمبی ہو کہ تم خوش قسمت ہو۔تیرا نشیمن آباد رہے۔خدا اسے نیک بنائے۔اللہ تیری عمر دراز فرمائے۔تیری جان کو دشمنوں سے کوئی تکلیف نہ ہو۔خدا اسے نیکی کی توفیق ارزانی کرے وہ اس دنیا میں کوئی رنج نہ اٹھائے۔خدا تیرے بھائی کو کامیابی دے۔کوئی ایسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو۔نیکی اس کا مرتبہ بلند کرے۔اس کے گلشنِ آرزو میں بلبل اور طوطی نغمہ سنج رہیں۔خداوند تجھے بدی سے بچائے۔ہمارا شہر بھیرہ ہمیشہ آباد و شاد اور پُر رونق رہے۔اس کے علاقے آباد رہیں۔خدایا! اس کا اقبال دائم ترقی پذیر رہے۔یار کا دل خوش

رہے۔ اللہ اسے بڑی مصیبت سے محفوظ و مأمون رکھے۔ آمین۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۴)

مسافر بھوکا ہے۔ رفیق پاگل تھا۔ محمد رفیق تارڑ بادشاہ بنا۔ تم دانا تھے۔ امیر نے اسے غلام بنایا۔ حماد بیمار ہوا۔ طیبہ خوش ہوئی۔ وہ جھوٹا ہے۔ تم پیاسے ہو۔ الطاف کند ذہن تھا۔ ہم حیران ہوئے۔ کمہار نے مٹی کا پیالہ بنایا صفدر نے اسے بیوقوف بنایا۔ عزیز ناراض ہو گیا۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۵)

زید نے فرش کو گندا کر دیا۔ عمرو نے یتیموں کو کھانا کھلایا۔ خدا کے حکم سے منہ نہ موڑ!

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۶)

قرآن حکیم کلامِ ربانی ہے۔ ہندو اپنے مُردوں کو جلا دیتے ہیں۔ عناصر کی تین قسمیں ہیں؛ جامد، مائع، بخار۔ نیکی کر اور دریا میں ڈال۔ حضرت سلیمان نبی علیہ السلام پرندوں کی زبان کا فہم رکھتے تھے۔

(مشقی امثلہ حل نمبر ۱۷) جملہ انشائیہ

(۱) جلد جا! دروازہ کھول دو (۲) پھر گالی نہ دینا۔ جلدی مت کرو (۳) تم نے اپنی جگہ سے حرکت کیوں کی؟ یہ کیا ہے؟ (۴) سبحان اللہ، واہ واہ، کیا خوبصورت آواز ہے۔ (۵) تحسین وآفریں ہے اس شخص پر کہ جس نے جاں نثارِ وطن کی ہے (۶) واہ واہ! کیا ہی دل خوش کن بہار ہے (۷) نہ دیا نشانِ منزل مجھے اے حکیم! تو نے۔ (۸) ہائے افسوس شاہِ شاعران نہ رہے (۹) خدا کی قسم منت ناخدا نہ کریں گے۔

(۱۰) خدا کی سنگت و معیّت اختیار کر لے اور پھر بادشاہی کرتا رہ۔ خدا کے ساتھ دیوانگی جائز مگر دربار محمد ﷺ میں حدِ ادب ملحوظِ خاطر رہے (۱۱) ہائے کاش کوئی ذرا عمرِ رفتہ کو آواز دے (۱۲) خبردار! دیدۂ یتیم نمناک نہ ہو! (۱۳) خدا دشمنِ دین کو ہلاک کرے۔

ہمارا وطن پاکستان زندہ و پائندہ رہے۔ آمین!

چند شعری اصطلاحات

شعر:۔ شعر عربی لفظ ہے جس کا لغوی معنٰی جاننا اور دریافت کرنا ہے۔ علمِ عروض میں شعر وہ کلام ہے جس میں وزن اور قافیہ کا ارادہ کیا جائے اور وہ کلام بامقصد بھی ہو اور بالِا رادہ کہا گیا ہو۔ شعر جن اجزاء سے مرکّب ہوتا ہے انہیں تفاعیل کہا جاتا ہے۔ یہ تفاعیل، اسباب، اوتاد اور فواصل سے مرکّب ہوتی ہیں۔ جب کئی اجزاء کسی وزن پر جمع ہو جائیں تو وہ شعر کہلاتا ہے۔ (از محیط الدائرہ)

بیت:۔ یہ شعر کی مثل ہوتا ہے۔ اس میں دو مصرعے ہوتے ہیں۔

شعر کی جمع اشعار اور بیت کی جمع ابیات آتی ہے۔ صُوری اور معنوی لحاظ سے یہ دونوں ایک ہیں۔

مِصْرَعَہْ یا مِصْراع کے معنٰی کواڑ کے ہیں (دروازے کا ایک پٹ) اور ادبی اصطلاح میں آدھے شعر یا بیت کو کہتے ہیں۔

فرد: اکیلے شعر یا بیت کو فرد بھی کہتے ہیں جو کسی نظم یا قصیدہ یا غزل کا حصہ نہ ہو۔

☆ شعر یا نظم کی کئی اقسام ہیں۔

غزل، قصیدہ، رُباعی، قِطعہ، مثنوی، مرثیہ، مخمّس، مسدّس، ترکیب بند، ترجیع بند، نظم معرّیٰ، نظم آزاد وغیرہ۔ انہیں اصنافِ شعر بھی کہا جاتا ہے۔

☆ سات یا دس بیتوں سے کم کو قطعہ اور اس سے زائد کو قصیدہ کہتے ہیں، قطعہ میں مطلع ہو یا نہ ہو یا پھر وہ کسی قصیدہ سے کانٹ چھانٹ لیا گیا ہو۔

☆ غزل؛ کے آٹھ سے دس، بارہ تک اشعار ہوتے ہیں۔ اس کے ہر شعر کا اپنا الگ موضوع ہوتا ہے۔

☆ نظم کے بھی آٹھ سے دس، بارہ تک اشعار ہوتے ہیں۔ یہ عموماً ایک موضوع پر ہوتی ہے۔

☆ قصیدہ یا مثنوی؛ کے اشعار کی تعداد متعیّن نہیں ہے یہ سینکڑوں سے ہزاروں تک ہوتی ہے۔

☆رباعی؛ میں چار مصرعے ہوتے ہیں پہلے دو اور آخری کا وزن وقافیہ ایک اور تیسرے مصرع کا وزن الگ اور جدا ہوتا ہے۔ یہ خالص غیر عربی، ایرانی ایجاد ہے۔

☆مرثیہ؛ یہ کسی مرنے والے کے اوصاف اور اس کے غم میں کہا جاتا ہے۔

☆مخمس میں پانچ مصرعے اور مسدّس میں چھ ہوتے ہیں۔ مخمس میں پہلے چار کا وزن ایک جیسا اور پانچویں کا الگ اور جدا ہوتا ہے مگر مسدّس میں پہلے چار ہم وزن اور اگلے دو الگ وزن کے ہوتے ہیں۔

☆غزل میں مطلع، مقطع، قافیہ اور ردیف ہوتا ہے۔

شعری اصطلاح میں غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں مطلع کہلاتا ہے۔ غزل میں ایک سے زائد مطلع بھی ہو سکتے ہیں۔ یہ ترتیباً مطلع، مطلعِ ثانی اور حسنِ مطلع کہلاتے ہیں۔

مقطع؛ شاعری کی اصطلاح میں غزل یا قصیدہ کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے مقطع کہلاتا ہے۔ مقطع کیلئے تخلّص کا آنا ضروری ہے۔

قافیہ؛ قافیہ کا لغوی معنٰی پیچھے اور پے در پے آنے والا ہے مگر اصطلاحاً ان چند حروف و حرکات کو کہتے ہیں جن کی تکرار بصورت الفاظ شعر یا مصرع کے آخر میں ہو اور وہ ردیف سے قبل ہو۔ یہ غزل یا قصیدہ کے پہلے شعر کے دونوں مصرعوں میں اور پھر ہر شعر کے دوسرے مصرع کے آخر میں آتا ہے اور قطعہ کے ہر شعر کے دوسرے مصرعے کے آخر میں آتا ہے۔

ردیف؛ کسی بھی سوار کے پیچھے بیٹھنے والا اس کا ردیف ہوتا ہے۔ مگر شاعری میں ردیف وہ مستقل کلمہ یا کلمات جو کسی شعر یا مصرع کے آخر میں قافیے کے بعد بار بار آتے ہیں۔ ردیف کبھی ایک یا دو لفظوں کی اور کبھی زائد بھی ہوتی ہے۔ ہر صورت میں اس کے الفاظ ایک جیسے ہوتے ہیں۔ استثنائی صورتوں میں اس کے معانی اشعار میں مختلف تو ہو سکتے ہیں مگر تحریری صورت بہر حال ایک جیسی رہتی ہے۔

تنبیہ؛ طوالت کے خوف سے مذکورہ بالا کی امثال عمداً ذکر نہیں کیں۔ اور حق تو یہ ہے بھی کہ

فصاحت و بلاغت کے قواعد کے بارے میں مختصر سا تعارف ذکر کیا جاتا مگر خوف طوالت سے اس کا ذکر نہیں کیا۔ ہاں ذوق وشوق رکھنے والے طلبہ اس فن کی کتب کی طرف رجوع فرمائیں تو انہیں بہت فائدہ ہوگا۔ انشاءاللہ۔

محمد انور حبیب
فاضل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف
(گولڈ میڈلسٹ فاضل عربی سرگودھا بورڈ)
یکم ربیع الاول شریف ۱۴۲۵ھ